58

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 325 | صفحات: 08 | ۲۵ نومبر ۲۰۲۶ بروز بدھ ۰۳ جمادی الثانی ۱۴۴۸ | جلد نمبر 58 | Wednesday 25th November 2026



**گوکیش کا سیاہ مہروں کے ساتھ میچ**

ہندوستان کے دوائی نشینان ای گوکیش مالی ظفرانج نشینان شپ کے اپنے پہلے مقابلے میں سیاہ مہروں کے ساتھ کھیل کا آغاز کریں گے۔ شکل کرو کا مقابلہ وشوناتھن کے ہاتھوں شدید دباؤ سے ہوگا۔ مقابلہ کو نیویا کے محل ایس ٹائمز میں طلائی تقریب منعقد کی گئی۔ اس دوران دوائی نشینان نے سافٹر نیٹ کی دو بازی گھڑیوں میں۔ (تفصیلات اندر)



**سوریہ ولنشی نے تباہی مچادی: تلک**

ہندوستانی بلے باز سوریہ ولنشی کی طوفانی بلے بازی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کارکردگی بیان کرنے کے لیے الفاظ نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا: میں اس وقت کہاں گا کہ انہوں نے کیا کیا ہے۔ جس شدت میں انہوں نے بلے بازی کی مجھے لگتا ہے کہ پہلے پانچ اوور میں ہی میچ کا فیصلہ ہو گیا تھا۔ تلک نے میچ کے بعد کہا۔ (تفصیلات اندر)

## بارہمولہ، پلوامہ اور کولگام میں فروٹ منڈیوں کے قیام کا فیصلہ

## جموں وکشمیر سرکار نے 320 کنال اراضی کی منتقلی کی منظوری دی

جموں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت نے جموں وکشمیر کے باغبانی اور زراعت کے شعبوں کو مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے وادیٔ کشمیر کے تین اضلاع میں جدید فروٹ اور سبزی منڈیاں قائم کرنے کے لئے مجموعی زرعی پیداوار کو 320 کنال اور 4 مرلے اراضی منتقل کرنے کی منظوری دی ہے۔ کابینہ نے عوامی مفاد میں اس کی منظوری دی ہے۔ یہ اراضی بارہمولہ، پلوامہ اور کولگام اضلاع میں نشاندہی کردہ مقامات پر بلا معاوضہ منتقل کی جائے گی۔ مجوزہ مقامات میں بارہمولہ ضلع کی تحصیل پٹن کے گاؤں پلہالن میں 50 کنال، پلوامہ ضلع کی تحصیل ترال کے گاؤں نوڈل میں 20 کنال اور 4 مرلے اور کولگام ضلع کی تحصیل کولگام کے گاؤں کولگام میں 250 کنال اراضی شامل ہے۔ یہ مجوزہ منڈیاں کسانوں جن میں چھوٹے اور کم رقبے والے کاشت کاروں نیز خواتین کسان بھی شامل ہیں/1




# جھڑی میلہ اجتماعی شعور کی زندہ علامت/LG

## کسانوں کو بااختیار بنانے، ڈوگرہ ورثے کے تحفظ اور جموں وکشمیر کی ترقی کیلئے اجتماعی کوششوں پر زور

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سالانہ جھڑی میلے میں بابا جیتو اور بوا کوڑی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سالانہ میلہ عقیدت، ثقافتی ورثے اور اجتماعی شعور کی زندہ علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جھڑی کی سالانہ حاضری ایک مقدس زیارت ہے اور اس مقام سے جڑا گہرا روحانی تعلق بابا جیتو کے تئیں صدیوں کی عقیدت اور احترام کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے بابا جیتو کی میراث کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ان کی زندگی سچائی، ہمت اور انصاف کے ایک لازوال پیغام کی نمائندگی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بابا جیتو کی جدوجہد محض فصل کے حصول تک محدود نہیں تھی بلکہ ہر مظلوم کسان کے وقار، حقوق اور خودداری کے تحفظ کے لئے تھی۔ انہوں نے کہا: ”ان کی قربانی آج بھی معاشرے کو ناانصافی کے خلاف کھڑے ہونے اور محنت کی عزت کرنے کی ترغیب دیتی ہے۔ بابا جیتو کا پیغام ذات پات، طبقے اور کمیونٹی سے بالاتر ہے اور یہ ایک مشترکہ قومی ورثے کی نمائندگی کرتا ہے۔“ منوج سنہا نے کہا کہ بابا جیتو اور بوا کوڑی کو حقیقی خراج عقیدت یہ ہوگا کہ ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیا جائے جہاں حقوق اور وقار کی جدوجہد میں کوئی کسان تنہا نہ رہے۔ انہوں نے جامع ترقی اور سماجی انصاف کو یقینی بنانے کے لیے ”پورے معاشرے کا نقطۂ نظر“ اپنانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا: ”ہمیں ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہوگا جہاں ہر شخص کو عزت ملے، سماجی ہم آہنگی قائم رہے اور ترقی کے ثمرات معاشرے کے ہر فرد تک پہنچیں۔ ایک ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کرنے کے لئے ہمیں ترقی یافتہ جموں کشمیر بنانا ہوگا جس کی بنیاد میں ہمیشہ تین اقدار سچائی، محنت اور باہمی احترام کارفرما رہیں۔“ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا: ”اس مقصد کے لئے کسانوں کو اپنی محنت جاری رکھنی چاہیے۔ اساتذہ کو نئی نسل کو بدلتی/6



## وزیر اعظم نریندر مودی کو جرمنی کے چانسلر فریڈرک مرز کا فون

## بین الاقوامی نظام کو فروغ دینے کیلئے مل کر کام کرنے پر اتفاق

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی اور جرمنی کے چانسلر فریڈرک مرز نے ہندوستان اور جرمنی کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے دفاع اور جدید ٹیکنالوجی سمیت اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے کے ساتھ ساتھ عالمی امن، استحکام اور ضابطے پر مبنی بین الاقوامی نظام کو فروغ دینے کے لیے مل کر کام کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ وزیر اعظم کے دفتر نے منگل کو بتایا کہ مسٹر مودی کو جرمنی کے چانسلر فریڈرک مرز کا فون آیا۔ بات چیت کے دوران دونوں رہنماؤں نے ہندوستان اور جرمنی کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور دوطرفہ تعلقات میں آئی تیزی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے کہا کہ ہندوستان اور جرمنی اس سال سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ انہوں نے اہم شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے/2

## تیندوے کے حملہ میں خاتون جان بحق

## شناخت رفعتہ بیگم زوجہ ارشاد احمد میر چوکی بل

سرینگر/ یو پی آئی/ شمالی کشمیر کے ضلع کپواڑہ کے چوکی بل علاقے میں منگل کی دوپہر تیندوے کے حملے میں ایک 33 سالہ خاتون جاں بحق ہوگئی۔ متوفی کی شناخت رفعتہ بیگم زوجہ ارشاد احمد میر ساکن زن ریشی گنڈ، چوکی بل کے طور پر ہوئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق خاتون قریبی جنگل میں لکڑیاں جمع کرنے/3

## پلوامہ میں ٹریکٹر الٹنے سے

## نوجوان استاد جاں بحق

سرینگر/ یو پی آئی/ جنوبی کشمیر کے ضلع پلوامہ کے نوجوان گاؤں میں منگل کے روز ایک ٹریکٹر حادثے میں نوجوان استاد جاں بحق جبکہ اس کا بھائی زخمی ہوگیا۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے استاد کی شناخت سہیل احمد ڈار ولد محمد یوسف ڈار ساکن نوجوان پلوامہ کے طور پر ہوئی ہے۔ وہ رہبر تعلیم کے تحت استاد کے فرائض انجام دے رہے تھے اور اس وقت بوائز مڈل اسکول رہمو میں تعینات تھے۔ اطلاعات کے مطابق دونوں بھائی ٹریکٹر پر سوار ہو کر اپنے کھیت/4

## مرکزی وزیر کرن رجیجو کی بابا ریشی کے آستانہ عالیہ پر حاضری

## عبادت گاہ کی تعمیر وتزئین کا کام نہایت عمدہ انداز میں انجام دیا گیا



سرینگر/ یو پی آئی/ مرکزی وزیر برائے پارلیمانی امور و قلیتی امور کرن رجیجو نے جموں وکشمیر وقف بورڈ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اسے ملک کے دیگر ریاستی وقف بورڈوں کے لیے ایک مثال قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر وقف بورڈ نے زیارت گاہوں کی تزئین و آرائش، تعلیم، صحت اور سماجی خدمات کے شعبوں میں قابل ستائش کام انجام دیا ہے۔ منگل کو شمالی کشمیر کے ضلع بارہمولہ کے ٹنگمرگ علاقے میں واقع معروف زیارت حضرت بابا پیام الدین ریشی، المعروف بابا ریشی، کے دورے کے دوران مرکزی وزیر نے زیارت گاہ کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے رنجیجو نے کہا کہ زیارت گاہ کے پورے احاطے اور مرکزی عبادت گاہ کی تعمیر وتزئین کا کام نہایت عمدہ انداز میں انجام دیا گیا ہے۔ انہوں نے اس کام کو قابل تعریف قرار دیتے ہوئے کہا کہ وقف بورڈ نے ان کی توقعات سے بڑھ کر کارکردگی دکھائی ہے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ حضرت بابا ریشی کی زیارت کے علاوہ درگاہ حضرت بل کی تزئین و آرائش اور تعلیم///5

## بی ایس ایف اہلکار کی مبینہ خودکشی

## خود کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کر لیا

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر کے ضلع جموں کے ارنیہ سیکٹر میں بارڈر سیکیورٹی فورس (بی ایس ایف) کے ایک نوجوان اہلکار کی گولی لگنے سے موت واقع ہوگئی۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق 22 سالہ کانسٹیبل نے مبینہ طور پر اپنی سروس رائفل سے خود کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق یہ واقعہ پیر کی رات نیکووال سرحدی کیمپ میں پیش آیا، جہاں کانسٹیبل دیوانند، جو حال ہی ڈیوٹی پر تعینات تھا۔ بتایا جاتا ہے کہ اہلکار نے اپنی سرکاری رائفل سے خود کو گولی ماری۔/7

## ایک لاکھ 70 ہزار روپے مالیت کی 850 کلو پنیر ضبط

## درجہ حرارت برقرار رکھنے کیلئے مناسب انتظامات نہیں کیے گئے تھے

سرینگر/ یو پی آئی/ فوڈ اینڈ ڈرگس ایڈمنسٹریشن (ایف ڈی اے) نے جموں بس اسٹینڈ پر رات کے وقت خصوصی معائنے کے دوران 850 کلوگرام پنیر ضبط کرلیا، جس کی مالیت تقریباً ایک لاکھ 70 ہزار روپے بتائی گئی ہے۔ محکمہ فوڈ سیفٹی کی ٹیم نے ڈپٹی کمشنر فوڈ سیفٹی جموں کی نگرانی میں کارروائی کرتے ہوئے پنیر کی اس کھیپ کو روکا، جسے مبینہ طور پر پنجاب سے جموں منتقل کیا جارہا تھا۔ معائنے کے دوران دستیاب دستاویزات سے بھی کھیپ کی پنجاب سے آمد کا اشارہ ملا۔ محکمہ کے مطابق جانچ کے دوران انکشاف ہوا کہ پنیر کو منتقل کرتے وقت درجہ حرارت برقرار رکھنے کے لیے مناسب انتظامات نہیں کیے گئے تھے۔ اس کے علاوہ خراب ہونے والی غذائی اشیا پر لازمی طور پر درج کی جانے والی معلومات سے متعلق ضوابط کی خلاف ورزی بھی پائی گئی، جو فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹینڈرڈز ایکٹ 2006 کے تحت ضروری ہیں۔ ان خلاف ورزیوں کا نوٹس لیتے ہوئے فوڈ سیفٹی ٹیم نے پوری کھیپ ضبط کرلی اور متعلقہ قانونی دفعات کے تحت مزید کارروائی شروع/11

## ادویات، آکسیجن اور دیگر ضروری سامان کا مناسب ذخیرہ رکھا جائے

## وزیر صحت سکینہ ایتو کا تمام ہسپتالوں کے انتظامیہ کو ہدایت نامہ

سرینگر/ بے کے این ایس/ صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے منگل کے روز کہا کہ صحت کی دیکھ بھال کے نظام میں جوابدہی غیر مفاہمت وشنید ہوگی اور متنبہ کیا کہ کسی بھی قسم کی غفلت، ڈیوٹی میں لاپرواہی یا مریضوں کی دیکھ بھال میں قابل گریز تاخیر سخت کارروائی کی دعوت دے گی۔ سماجی رابطہ گاہ ایکس پر ایک پوسٹ میں، صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا کہ انہوں نے صحت کی دیکھ بھال کے اداروں میں موسم سرما کی تیاریوں کا جائزہ لینے اور موسم سرما کے دوران بلاتعطل، لوگوں پر مرکوز صحت کی دیکھ بھال کی خدمات کو یقینی بنانے کے لیے اہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام اسپتالوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ادویات، آکسیجن اور دیگر ضروری سامان کا مناسب ذخیرہ رکھیں/10



## پی او کے میں مقیم مفرور شخص کی

## 7 کنال 5 مرلہ اراضی ضبط کرنے کا عمل شروع

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے ہندواڑہ کے بڈکوٹ علاقے میں ایک مفرور قرار دیے گئے شخص کی 7 کنال 5 مرلہ اراضی ضبط کرنے کی کارروائی شروع کردی ہے۔ یہ اقدام متعلقہ عدالت کے احکامات کی تعمیل میں جاری قانونی کارروائی کے تحت کیا گیا۔ پولیس کے مطابق مذکورہ اراضی نذیر احمد وانی ولد منور وانی ساکن بڈکوٹ ہندواڑہ کی ملکیت ہے، جسے مفرور قرار دیا گیا ہے اور وہ اس وقت پاکستان کے قبضہ کشمیر میں مقیم بتایا جاتا ہے۔ اس جائیداد میں بڈکوٹ ہندواڑہ میں واقع 7 کنال 5 مرلہ زمین شامل ہے۔

## ملک میں سونے کی قیمتوں میں نمایاں گراوٹ کے اثرات

## قرض فراہم کرنے والے اداروں کے مالی خطرات بڑھ سکتے ہیں/RBI

سرینگر/ پی ای این/ ریزرو بینک آف انڈیا (آر بی آئی) نے سونے کی قیمتوں میں نمایاں گراوٹ کے پیش نظر غیر بینکاری مالیاتی کمپنیوں (این بی ایف سی) کو گولڈ لون کے معاملات میں زیادہ احتیاط برتنے کی ہدایت دی ہے۔ مرکزی بینک نے خبردار کیا ہے کہ سونے کی قیمت کم ہونے سے قرض کے مقابلے میں رہن رکھے گئے سونے کی قدر متاثر ہو رہی ہے، جس کے نتیجے میں قرض فراہم کرنے والے اداروں کے مالی خطرات بڑھ سکتے ہیں۔ دی اکنامک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق، گزشتہ تقریباً ایک ماہ کے دوران سونے کی قیمتیں اپنی بلند ترین سطح سے قریب 30 فیصد تک گر چکی ہیں۔ اس کمی کے باعث بعض قرضوں میں رہن رکھے گئے سونے کی موجودہ قدر، قرض کی مقررہ حد کے مقابلے میں کم ہو سکتی ہے۔ آر بی آئی کے ضابطوں کے تحت سونے کے عوض دیے جانے والے قرض میں لون ٹو ویلیو (LTV) تناسب 85 فیصد سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔ این بی ایف سی کمپنیوں کے سربراہان کے ساتھ منعقدہ ایک اجلاس میں آر بی آئی نے اداروں کو تیزی سے کاروبار بڑھانے کے بجائے محتاط حکمت عملی اختیار کرنے کا مشورہ دیا۔ اجلاس میں سامبر/8

## لیفٹیننٹ گورنر نے گوردوارہ صاحب چاندنگر جموں میں حاضری دی



جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے شری گورو نانک دیو جی کے پرکاش پرو کے موقعہ پر گوردوارہ صاحب چاندنگر جموں میں حاضری دی۔ انہوں نے سب کے لئے امن، خوشحالی، خوشی اور فلاح و بہبود کے لئے دعا کی۔ انہوں نے گوردوارے میں موجود عقیدت مندوں سے بات چیت کی اور انہیں اس موقعہ پر دلی مبارک باد پیش کی۔ انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ شری گورو نانک دیو جی کے دکھائے ہوئے راستے پر چلیں اور سماجی انصاف/13

## ایروا سپیس میڈیسن کی 65 ویں سالانہ کانفرنس بنگلورو کا موضوع

## ایک مشن: رن وے سے خلائی مدار تک ایرو میڈیکل امداد

نئی دہلی/ یو این آئی/ انڈین ایرو اسپیس میڈیسن سوسائٹی کی 65 ویں سالانہ کانفرنس جمعرات اور جمعہ کو بنگلورو میں واقع انسٹی ٹیوٹ آف ایرو اسپیس میڈیسن میں منعقد ہوگی۔ کانفرنس میں فوجی اور شہری ہوابازی کے ساتھ انسانی خلائی پرواز کے لیے طبی امداد سے متعلق موضوعات پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ اس سال کانفرنس کا موضوع ”ایک فضائی خطہ، ایک مشن: رن وے سے خلائی مدار تک ایرو میڈیکل امداد“ رکھا گیا ہے۔ کانفرنس کا افتتاح فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل آشوتوش دیکشت کریں گے۔ اس میں ہندوستان اور بیرون ملک کے فوجی اور شہری شعبوں کی اہم شخصیات کی شرکت متوقع ہے۔ کانفرنس میں تقریباً 250 مندوبین حصہ لیں گے۔ ان میں فوجی اور شہری ہوابازی کے شعبوں کے طبی ماہرین، ہندوستانی فضائیہ کے سینئر افسران اور دفاعی تحقیق وترقی کی تنظیم (ڈی آر ڈی او) نیز ایرو اسپیس صنعت سے وابستہ سائنس داں شامل ہوں گے۔ کانفرنس میں ایئر مارشل سرتو کھرجی یادگاری خطبہ بھی ہوگا۔ ایئر وائس مارشل شریا گیش یادگاری خطبہ ایئر پولس اتھارٹی آف انڈیا کے ایرو اسپیس میڈیسن کے مشیر ایئر وائس مارشل انوپم اگروال (ریٹائرڈ)/12

## آنے والے 15 دنوں تک وادی میں بارش ہوگی نہ برف گرے گی/ماہرین

## خشک موسم کے اثرات صرف پینے کے پانی تک محدود رہنے کا خدشہ نہیں بلکہ پن بجلی کی پیداوار بھی متاثر ہو سکتی ہے

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر میں موسم کی مسلسل خشک صورتحال نے آبی وسائل کے حوالے سے تشویش پیدا کر دی ہے۔ موسمی حالات کے موجودہ اشاروں کے مطابق آئندہ 10 سے 15 روز تک موسم زیادہ تر خشک رہنے کا امکان ہے، جبکہ یہ صورتحال 5 دسمبر تک برقرار رہ سکتی ہے۔ بارش اور برفباری نہ ہونے کی صورت میں دریاؤں، ندی نالوں اور دیگر آبی ذخائر میں پانی کی سطح مزید کم ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ وادی کشمیر کے اہم دریائے جہلم سمیت اس کے متعدد معاون ندی نالوں میں آنے والے دنوں کے دوران پانی کے بہاؤ میں کمی متوقع ہے۔ اگرچہ موجودہ اندازوں کے مطابق صرف 10 سے 15 روز کی خشک صورتحال سے فوری طور پر کسی بڑے آبی بحران کا خدشہ نہیں، تاہم بارش اور برفباری کی مسلسل عدم موجودگی آبی وسائل پر دباؤ بڑھا سکتی ہے۔ خاص طور پر چھوٹے ندی نالے اور آبی گزرگاہیں زیادہ متاثر ہو سکتی ہیں، جہاں پہلے ہی پانی کا بہاؤ معمول سے کم ہے۔ اگر خشک موسم کا سلسلہ مزید طویل ہوا تو کم بہاؤ والے بعض ندی نالوں کے مکمل طور پر خشک ہونے کا خدشہ بھی ہے، جس سے ان پر انحصار کرنے والے علاقوں میں مشکلات پیدا ہو سکتی ہیں۔ تشویش کی اصل وجہ یہ ہے کہ اگر دسمبر کے دوران بھی خاطر خواہ بارش اور برفباری نہ ہوئی تو دریائے جہلم اور دیگر آبی ذرائع میں پانی کی آمد مزید کم ہو سکتی ہے۔ اس کے نتیجے میں قدرتی چشموں اور چھوٹے ندی نالوں پر انحصار کرنے والی آبادیوں کو پینے کے پانی کی قلت کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ خشک موسم کے اثرات صرف پینے کے پانی تک محدود رہنے کا خدشہ نہیں بلکہ پن بجلی کی پیداوار بھی متاثر ہو سکتی ہے۔/14

## خوبصورت روایت کو برقرار رکھنا ہم سب کی ذمہ داری/SSP



سرینگر/ ایشل نبوز بیورو (این این بی) کے مطابق سرینگر کے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس ایس پی) ڈاکٹر جی وی سندیپ چکرورتی نے کہا ہے کہ کشمیر ہمیشہ سے بھائی چارے، مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی ایک شاندار مثال رہا ہے اور اس خوبصورت روایت کو برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ کارتک پورنیما کے مقدس موقع پر سرینگر میں/9

## روزنامہ ”آفتاب“ کے بانی خواجہ ثناء اللہ بٹ کی ناقابل فراموش یادیں

## آج 17 ویں برسی کے موقعہ پر شاندار خراج عقیدت پیش



سرینگر/ روزنامہ آفتاب کے بانی چیف ایڈیٹر خواجہ ثناء اللہ بٹ جنہیں بابائے صحافت ہونے کا خطاب دیا گیا ہے کی آج 17 ویں برسی ہے۔ اس موقعہ پر نہ صرف صحافتی حلقوں بلکہ سیاسی لیڈروں، تعلیمی ماہرین اور علمی و ادبی شخصیات نے ان کے تئیں شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ”آفتاب“ کے شائع ہونے کے بعد جموں وکشمیر میں صحافت کو جو نئی روشنی عطا ہوئی اس کیلئے خواجہ ثناء اللہ بٹ کی خدمات کو فراموش یا نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔

# چیف سیکریٹری نے راجوری میں ترقیاتی منصوبوں، کھیلوں اور ورثہ جاتی مقامات کا معائنہ کیا

## بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی، اسپتال اور بجلی کے بنیادی ڈھانچے کے کاموں میں تیزی لانے پر زور دیا



راجوری، 24 نومبر: چیف سیکریٹری ڈاکٹر رجن سنگھ یادو نے آج ضلع راجوری کا وسیع دورہ کر کے اہم ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کھیلوں اور تعلیمی بنیادی ڈھانچے کا معائنہ کرنے کے علاوہ صحت اور بجلی کی سہولیات کا بھی جائزہ لیا اور اہم تاریخی مقامات پر بحالی کے کاموں کی صورتحال کا مشاہدہ کیا۔ صبح کے وقت اسپورٹس اسٹیڈیم راجوری کے دورے کے دوران چیف سیکریٹری نے والی بال اور بیڈمنٹن سمیت مختلف کھیلوں میں حصہ لینے والے نوجوان کھلاڑیوں سے بات چیت کی اور ان سے کھیلوں کی سہولیات اور کوچنگ کے انتظامات کے بارے میں رائے حاصل کی۔ ضلع میں موجود کھیلوں کے ٹیلنٹ کو سراہتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کو بہتر بنیادی ڈھانچہ، پیشہ ورانہ کوچنگ اور اعلیٰ سطح پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے لیے مناسب مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں۔ انہوں نے مقامی ٹیلنٹ کو پروان چڑھانے اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو قومی و بین الاقوامی سطح پر مقابلوں میں حصہ لینے کے قابل بنانے کے لیے کھیو انڈیا پہل کے تحت ضلع میں مزید کوچز تعینات کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ چیف سیکریٹری نے کھیوا اسپورٹس اسٹیڈیم میں جاری تعمیراتی کاموں کا بھی معائنہ کیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ مقررہ معیار برقرار رکھتے ہوئے کاموں کی تکمیل میں تیزی لائی جائے تاکہ ان سہولیات کا بہترین استعمال ممکن ہو سکے۔ بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی (بی جی ایس بی یو) راجوری میں چیف سیکریٹری نے یونیورسٹی آڈیٹوریم، نرسنگ کی طالبات کے لیے گرلز ہاسٹل اور یونیورسٹی کے نئے مرکزی دروازے کی زیرِ تعمیر عمارتوں کا معائنہ کیا۔ انہیں بتایا گیا/1

# بھارت کی خلائی معیشت 45 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع / جتیندر سنگھ

## خلائی شعبے میں اصلاحات کے نتیجے میں اسٹارٹ اپس کی تعداد چند برسوں میں بڑھ کر 400 سے 500 تک پہنچ گئی




نئی دہلی، 24 نومبر (پی آئی بی): مرکزی وزیر مملکت (آزادانہ چارج) برائے سائنس و ٹیکنالوجی اور ارضیاتی علوم اور وزیر مملکت برائے وزیر اعظم دفتر، عملہ، عوامی شکایات و پنشن، جوہری توانائی اور خلائی امور ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کی خلائی معیشت، جس کی موجودہ مالیت تقریباً 9 ارب امریکی ڈالر ہے، آئندہ ایک دہائی سے بھی کم عرصے میں بڑھ کر 40 سے 45 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس تبدیلی میں نجی شعبہ ملک کے خلائی نظام کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ نئی دہلی میں پانچویں انڈیا انٹرنیشنل اسپیس کانکلیو 2026 سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ گزشتہ چند برسوں کے دوران بھارت کا خلائی شعبہ چند اسٹارٹ اَپس سے وسعت اختیار کرتے ہوئے تقریباً 400 سے 500 کمپنیوں تک پہنچ گیا ہے۔ ان کے مطابق وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں شروع کی گئی اصلاحات نے ملک میں کاروباری اور تکنیکی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے نئے مواقع فراہم کیے ہیں۔ انڈین اسپیس ایسوسی ایشن (آئی ایس پی اے) کے زیر اہتمام دو روزہ کانکلیو 23 اور 24 نومبر 2026 کو نئی دہلی میں منعقد ہوا۔ اس کا موضوع ''اختراع، حکمرانی، انسانی صلاحیت اور عالمی تعاون کے ذریعے خلائی شعبے کے مستقبل کی تشکیل'' تھا۔ اس میں صنعت سے وابستہ اہم شخصیات، خلائی اسٹارٹ اَپس، محققین اور بین الاقوامی شراکت داروں نے شرکت کی اور عالمی خلائی معیشت میں بھارت کے بڑھتے ہوئے کردار پر تبادلۂ خیال کیا۔ اس موقع پر ''اسپیس اکانومی 2036: دی انڈیا بلیو پرنٹ'' کے عنوان سے ایک رپورٹ بھی جاری کی گئی۔ اس پروگرام میں انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن (اسرو) کے چیئرمین اور محکمہ خلائی امور کے سیکریٹری ڈاکٹر وی/2

# ڈپٹی کمشنر اور ایس ایس پی سرینگر کی گوردوارہ چھٹی پادشاہی میں حاضری

## افسران نے گرونانک دیو جی کی تعلیمات کو مساوات اور بے لوث خدمت کا پیغام قرار دیا



سرینگر، 24 نومبر: نیوز ڈیسک

شری گرونانک دیو جی کے 557 ویں یوم پیدائش، پرکاش دیوس کے موقع پر ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ڈاکٹر جی وی سندیپ چکرورتی کے ہمراہ منگل کے روز ضلع کے رعناواری علاقے میں واقع گوردوارہ چھٹی پادشاہی کا دورہ کیا اور سکھ برادری کو اس مقدس موقع پر دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر اور ایس ایس پی نے گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ تاریخی گوردوارے میں حاضری دی اور عقیدت کا اظہار کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اپنے خطاب میں شری گرو نانک دیو جی کی خدمات اور ان کی آفاقی تعلیمات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ سکھ مذہب کے بانی کی تعلیمات نے لنگر، سنگت اور کیرتن جیسی عظیم سماجی روایات کو فروغ دیا، جو مساوات اور بے لوث خدمت کے جذبے کی عکاسی کرتی ہیں۔ ایس ایس پی سرینگر نے بھی گرونانک دیو جی کی تعلیمات کی اہمیت کو اجاگر کیا اور اس موقع پر سبھی کو مبارکباد پیش کی۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے عقیدت مندوں کیلئے فراہم کی جانے والی سہولیات اور انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ ادھر ضلع انتظامیہ سرینگر نے پرکاش دیوس کے موقع پر عقیدت/3

# شمیمہ فردوس نے بیروہ میں گورنمنٹ سیکنڈری اسکول کا دوسہ خالصہ کا دورہ کیا

## سرکاری اسکولوں میں جدید تدریسی طریقوں، بہتر سہولیات کو فروغ دیا جا رہا ہے



سرینگر// جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس خواتین ونگ صدر اور وزیر تعلیم و جل شکتی ایڈووکیٹ شمیمہ فردوس نے آج گورنمنٹ سیکنڈری اسکول کا دوسہ خالصہ، بیروہ کا دورہ کیا، جہاں طلبہ، اساتذہ اور اسکول کے عملے نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم ایل اے بیروہ ڈاکٹر شفیع احمد وانی، ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن اور محکمہ تعلیم کے دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ طلبہ، اساتذہ اور اسکول برادری سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوفہ نے عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت کے قیام کے بعد شعبہ تعلیم میں ہونے والی نمایاں بہتری اور اصلاحات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے تعلیمی نظام کو مضبوط بنانے، اسکولوں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور جموں و کشمیر میں تعلیمی ماحول کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے بہت سارے اہم اقدامات اٹھائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں مختلف محاذوں پر پیش رفت ہو رہی ہے اور سرکاری اسکولوں میں جدید تدریسی طریقوں، بہتر سہولیات اور جدید تعلیمی نظام کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت سرکاری اسکولوں کو مزید جدید بنانے اور وہاں معیاری تعلیم، مساوی مواقع اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے، تاکہ طلبہ تعلیمی میدان میں نمایاں/4

# جموں و کشمیر میں جنگلی حیات سے متعلق آگاہی مہم

## 15 ہزار سے زائد افراد تک رسائی / وائلڈ لائف SOS

سرینگر، 24 نومبر (نیوز ڈیسک):

جموں و کشمیر میں گزشتہ دو برس کے دوران وائلڈ لائف ایس او ایس کی جانب سے جنگلی حیات سے متعلق آگاہی، تعلیم اور عوامی شمولیت کے پروگراموں کے ذریعے 15 ہزار سے زائد طلبہ اور مقامی آبادی کے افراد تک رسائی حاصل کی گئی ہے۔ تنظیم نے انسانوں اور جنگلی جانوروں کے درمیان محفوظ بقائے باہمی کو فروغ دینے کی کوششیں تیز کر دی ہیں۔ جموں و کشمیر محکمہ تحفظ جنگلی حیات اور دیگر متعلقہ فریقوں کے اشتراک سے منعقد کیے گئے ان پروگراموں میں صلاحیت سازی کے اقدامات، دیہی سطح پر آگاہی نشستیں، تعلیمی سرگرمیاں اور قدرتی ماحول سے متعلق عملی تعلیم شامل ہے۔ ان پروگراموں میں بالخصوص تیندوؤں اور ہمالیائی کالے ریچھوں کے ساتھ انسانوں کے ممکنہ تصادم اور ان سے پیدا ہونے والے مسائل پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ وائلڈ لائف ایس او ایس کے مطابق، اس مدت کے دوران اس کے اقدامات سے 10 ہزار سے زائد طلبہ اور 5 ہزار مقامی افراد مستفید ہوئے۔ تنظیم اپنے ''برجنگ دی گیپ'' پروگرام کے تحت/5

# گرونانک دیو جی کی تعلیمات امن اور بے لوث خدمت کا درس دیتی ہیں

## طارق قرہ کی جموں کے گوردوارہ چندکور میں گرو پورب تقریبات میں شرکت



جموں، 24 نومبر (نیوز ڈیسک): جموں و کشمیر پردیش کانگریس کمیٹی (جے کے پی سی سی) کے صدر طارق حمید قرہ نے منگل کے روز جموں کے گوردوارہ چندکور میں گرو پورب کی تقریبات میں شرکت کی، جہاں انہوں نے حاضری دی اور سری گرو نانک دیو جی کے یوم پیدائش کے موقع پر سکھ برادری کو مبارکباد پیش کی۔ جے کے پی سی سی کے ورکنگ صدر رمن بھلا اور پارٹی کے دیگر رہنماؤں کے ہمراہ قرہ نے جموں و کشمیر میں امن، خوشحالی اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے لیے دعائیں مانگیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے طارق قرہ نے کہا کہ گرو نانک دیو جی کی مساوات، ہمدردی، امن اور بے لوث خدمت سے متعلق تعلیمات آج کے معاشرے میں بھی پوری طرح اہمیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گرو نانک/6

# ڈپٹی کمشنر اننت ناگ نے متھن کے تاریخی گرونانک دیو جی گوردوارہ میں حاضری دی

## مساوات، ہمدردی اور بھائی چارے پر گرونانک دیو جی کی تعلیمات کو مشعل راہ قرار دیا



اننت ناگ، 24 نومبر: ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بھٹ نے منگل کے روز متھن میں واقع تاریخی گرونانک دیو جی گوردوارہ کا دورہ کیا اور گرونانک دیو جی کے یومِ پیدائش کی مناسبت سے منائے جانے والے مقدس تہوار گرو پورب کے موقع پر سکھ برادری کو دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شری گرو نانک دیو جی کی تعلیمات مساوات، ہمدردی، بے لوث خدمت اور بھائی چارے کے اصولوں پر مبنی ہیں، جو نسل در نسل لوگوں کو متاثر کر رہی ہیں اور ایک پُرامن و ہم آہنگ معاشرے کی مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہیں۔ انہوں نے گوردوارہ میں گرو پورب کی تقریبات کو خوش اسلوبی سے منعقد کرنے کیلئے کیے گئے انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران سکھ برادری کے نمائندوں نے ڈپٹی کمشنر کو اپنی برادری سے متعلق مختلف مطالبات سے آگاہ کیا اور ان کے جلد از جلد ازالے کیلئے مداخلت کی اپیل کی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ تقریبات کے دوران گوردوارہ میں موجود رہیں اور عقیدت مندوں اور دیگر شرکاء کی سہولت کیلئے تمام ضروری انتظامات کو برقرار رکھیں تاکہ تقریبات پُرامن اور خوش اسلوبی/8

# شیش ناگ جھیل کے قریب بھاری مشینری کے استعمال پر تلگامی نے اٹھائے سوالات

## BRO کی رضامندی میں ماحولیاتی منظوری کا کوئی ذکر نہیں، ماہرین کی ٹیم سے معائنہ کرانے پر زور



سرینگر: 24 نومبر: نیوز ڈیسک

شیش ناگ امرناتھ یاترا کے راستے کا محض ایک اور حصہ نہیں ہے بلکہ یہ ہمالیہ میں تقریباً 590.3 میٹر کی بلندی پر واقع ایک برفانی جھیل ہے، جو کھڑی ڈھلوانوں اور گلیشیائی ملبے کے درمیان واقع ہے۔ یہ مشرقی لدر ندی کا منبع بھی ہے، جو پہلگام اور وادی کشمیر کے دیگر علاقوں کی جانب بہتی ہے۔ اطلاعات کے مطابق شیش ناگ ان 14 انتہائی خطرناک برفانی جھیلوں میں شامل ہے جن کی نشاندہی جموں و کشمیر میں کی گئی ہے۔ اب اس جھیل کے قریب کرائر ایکسکیویٹرز کے ذریعے زمین کی کٹائی اور ہموار کرنے کا کام دیکھا گیا ہے۔ کام کا مقصد کچھ بھی ہو، اس مقام پر اس وقت تک بھاری مشینری استعمال نہیں کی جانی چاہیے جب تک ماہرین اس علاقے کا معائنہ کر کے یہ تصدیق نہ کر دیں کہ ایسا کرنا محفوظ ہے۔ یاترا کے حوالے سے کسی قسم کی غلط فہمی نہیں ہونی چاہیے۔ ملک بھر کے لوگوں کی بڑی تعداد مقدس غار اور امرناتھ یاترا پر گہرا عقیدہ رکھتی ہے اور ہم اس کا احترام کرتے ہیں۔ کشمیر نے ہر مشکل دور میں دیکھا ہے کہ تمام طبقوں کے لوگوں نے یاترا کو بلا رکاوٹ جاری رکھنے کے لیے مل کر کام کیا ہے۔ ہماری تشویش صرف یہ ہے کہ یاتری بحفاظت یہاں پہنچیں، قیام کے دوران محفوظ رہیں اور خیریت سے اپنے گھروں کو واپس لوٹیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اس علاقے میں رہنے والے لوگوں کی سلامتی/9

# عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور تعمیر و ترقی کے منصوبوں کی بروقت تکمیل اولین ترجیح

## تنویر صادق کا زیڈی بل حلقہ انتخاب کا تفصیلی دورہ، عوامی مسائل سنے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا



سرینگر// نیشنل کانفرنس کے ترجمانِ اعلیٰ و ایم ایل اے زیڈی تنویر صادق نے آج اپنے حلقہ انتخاب زیڈی بل کا تفصیلی دورہ کیا، جس کے دوران انہوں نے مختلف علاقوں میں عوامی وفود اور مقامی لوگوں سے ملاقاتیں کر کے اُن کے مسائل و مشکلات سنے اور علاقے میں تعمیر و ترقی سے متعلق ضروریات اور مطالبات کی جانکاری حاصل کی۔ اس موقعے پر انہوں نے مختلف مقامات پر جاری تعمیراتی و ترقیاتی پروجیکٹوں کا معائنہ بھی کیا اور متعلقہ محکموں و عمل درآمد کرنے والی ایجنسیوں کے افسران کو ہدایت دی کہ کام کی رفتار میں تیزی لائی جائے اور تعمیراتی کاموں کے معیار پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں تاکہ عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے بروقت مستفید ہو سکیں۔ دورے کے دوران انہوں نے رعناواری، سرینگ، مغل محلہ، موتی یار، کرالہ پورہ، رنگ پرستان، خواجہ پورہ سعیدہ پورہ، منگن محلہ، دیوی آنگن، نجتی کالونی، ڈی ڈی باغ، جے کے پی سی سی کالونی، محبوب کالونی، کنہ دیور، مشالی محلہ، شیشہ باغ، حول، اسلامیہ کالج، رنگ محلہ اور دیگر ملحقہ علاقوں کا دورہ کیا اور لوگوں کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ اس موقعے پر ایم ایل اے زیڈی نے کہا کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی حکومت عوام کو بنیادی اور لازمی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے مسلسل اقدامات کر رہی/11

# ایس ایس پی اننت ناگ نے جامع جرائم اور سیکورٹی جائزہ اجلاس منعقد کیا

سرینگر: نومبر 24: SSP اننت ناگ، جناب امود اشوک ناگپور- IPS، نے جرائم اور سیکورٹی کا ایک جامع جائزہ اجلاس منعقد کیا جس میں جرائم کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا، تفتیشی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور ضلع بھر میں سیکورٹی کے مجموعی انتظامات کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں سپروائزری افسران بشمول ایس پی نارتھ کیمپ اشتہام، سی پی او ڈی پی او اننت ناگ، ایس ڈی پی اوز، ڈی وائی ایس پیز، ایس ایچ اوز اور ضلع پولیس اننت ناگ کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران، POCSO، NDPS، UAPA خواتین کے خلاف جرائم، قتل، چوری، چوری اور دیگر جرائم کے تحت درج مقدمات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ پیشہ ورانہ تفتیش اور قریبی نگرانی کے ذریعے تیز رفتار تحقیقات، سائنسی ثبوت جمع کرنے، موثر استغاثہ اور سزا کی شرح کو بہتر بنانے پر خصوصی زور دیا گیا۔ ایس ایس پی اننت ناگ نے افسران کو تحقیقات کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے، زیر/10


**PUBLIC NOTICE**

I, Tohora Mushtaq, daughter of Abida Mushtaq, resident of Baghi Buchroo, hereby inform that my mother's name has been inadvertently mentioned as "Fehmeed" in my documents, whereas her correct name is "Abida Mushtaq".
Henceforth, her name shall be read as "Abida Mushtaq" instead of 'Fehmeed' for all official and legal purposes. Any person having an objection may raise the same before the concerned authority.

**PUBLIC NOTICE**

An electric connection bearing Consumer Id No. 0201040004671 was on the name of Ali Mohd Ganai S/o Ab Rehman Ganai R/o Khonmoh Now I want to transfer the same electric connection into my name. In this regard, if anybody having any objection then he/she may contact DIV-I (Basant Bagh) or Sub Division Khonmoh within a period of 07 days from the date of publication of this notice. After that no objection shall be entertained.
**Danish Ashraf S/o Mohammad Ashraf Ganie R/o Khonmoh PO Srinagar Dist. Srinagar -190001**

**PUBLIC NOTICE**

An electric connection bearing Consumer Id No. 0201040007674 was on the name of Ab Rahim Bhat S/o Gh Qadir R/o Gogree Mohalla Khonmoh Srinagar. Now I want to transfer the same electric connection into my name. In this regard, if anybody having any objection then he/she may contact DIV-I (Basant Bagh) or Sub Division Khonmoh within a period of 07 days from the date of publication of this notice. After that no objection shall be entertained.
**Mohd Yousuf Bhat S/o Mohd Ramzan Bhat R/o Khonmoh Lasjan, Srinagar J&K-191101**

**PUBLIC NOTICE**

I, have Lost the number plate of my Scooty Active 125cc from Hyderpora to Nowgam (Colour White). Now I am applying for its duplicate. In this regard, if anybody having any objection then he/she may contact RTO srinagar with in 7days after due date no objection will be accepted.
**Mohammad Sabeel Bhat S/o Ghulam Mohammad Bhat R/o Rambagh Balla Mustafa Colony, Srinagar District: Srinagar, J&K-190015**

**PUBLIC NOTICE**

I, Riyaz Ahmad Dar, F/o Ayesha Bint Riyaz, R/o New Airport Road, Hyderpora, Srinagar, hereby inform the general public that my daughter's name has been inadvertently recorded as Ayesha Riyaz instead of Ayesha Bint Riyaz in the records of International Islamic School, Millat Abad-B, Peer Bagh, Srinagar.
Objections, if any, may be submitted to the Principal within 7 days of publication of this notice. No objections shall be entertained thereafter.
**Riyaz Ahmad Dar**

**WANI FAMILY**
*"Inna Lillahi Wa Inna Ilayhi Raji'un"*



With profound grief and sorrow, we inform you of the sad demise of **Abdul Rehman Wani** S/o Abdul Khaliq Wani R/o **Gupt Ganga, Ishber Nishat,** who passed away on Monday, 23rd November 2026.
*May Almighty Allah grant the departed soul Jannat-ul-Firdous and give patience and strength to the bereaved family. Aameen.*
***Congregational fateha khawani*** will be held on ***Thursday, 26th November 2026, at 7:10 AM*** and ***11:00 AM*** at the deceased's residence, Gupt Ganga, Ishber Nishat, Srinagar.
***WANI FAMILY***
***Ghulam Mohammad Wani (Son)***
***Cell No.: 9469112255***

**In Loving and Everlasting Memory of:**



**"Haji Abdul Rashid Khan"**

A year has passed since you departed from this world, yet not a single day has passed when we have not felt your absence. Time may have moved on, but the pain of losing you remains as deep as ever. Your loving presence, gentle words, affection and countless memories continue to live on in our hearts.

You were not just a beloved father and grandfather, but a source of love, strength, wisdom and togetherness for the entire family. The warmth of your presence is deeply missed, and no passage of time can ever fill the void your departure has left in our lives.

Though you are no longer with us, your memories will forever remain our most precious treasure. We remember you with tearful eyes, grateful hearts and endless love.

On your first death anniversary, we pray to Almighty Allah to forgive your shortcomings, illuminate your resting place with Noor, grant you eternal peace and bless you with the highest rank in Jannat-ul-Firdous.

**Gone from our sight, but never from our hearts. You will be loved, remembered and missed for all the days of our lives.**

With love and heartfelt prayers,
**Your Son-in-Law, Son, Daughter, daughter n law & grand children...**


# آج بابائے صحافت خواجہ ثناء اللہ بٹ کی 18 ویں برسی

## سیاسی، علمی، ادبی اور صحافتی حلقوں کا شاندار خراج عقیدت



سرینگر/ جموں کشمیر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے معروف، کہنہ مشق اور بزرگ صحافی مرحوم خواجہ ثناء اللہ بٹ (خواجہ صاحب) کی 18 ویں برسی پر اپنے خراج عقیدت کے پیغام میں کہا کہ مرحوم ایک قابل قدر صحافی تھے اور صحافتی میدان میں خداداد صلاحیتوں سے مالا مال تھے۔ اُنہوں نے کہا کہ مرحوم نے روزنامہ آفتاب کے ذریعے کشمیری عوام کے مشکلات اور مسائل اُجاگر کرنے میں جو رول ادا کیا وہ ناقابل فراموش ہے۔ پارٹی جنرل سیکرٹری علی محمد ساگر اور معاون جنرل سکریٹری ایڈوکیٹ چودھری/7

# سرینگر ٹائمز

25 نومبر 2026ء بروز بدھ وار

## امتحانات میں بے ضابطگی کا انکشاف

## تفتیش کو تیز کرنے کا مطالبہ شدید

جموں وکشمیر سروسز سلیکشن بورڈ (SSB) کے نام سے ہی ظاہر ہے کہ یہ ادارہ سرکاری ملازمین کے انتخاب کیلئے مامور ہے اور یہ کہ اس کے ذریعہ قابل اور مستحق اُمیدواروں کا چناؤ آزادانہ امتحان کے ذریعہ عمل میں لایا جائے۔اس لحاظ سے اس ادارہ کی زبردست اہمیت ہے۔ظاہر ہے کہ سرکار نے کافی غور وخوض اور سوچ بچار کے بعد ہی اس محکمہ کے قیام کو عمل میں لایا ہوگا تاکہ امتحانات کی شفافیت اور صفائی کے معاملہ میں شک وشبہات کی کوئی گنجائش نہ ہو لیکن جب یہی اہم ادارہ سوالات کے گھیرے میں آجائے او رامتحانی عمل مشکوک شکل اختیار کرجائے تو اس پر صرف افسوس کا اظہار کرنے سے مسئلہ حل نہیں ہوسکتا۔

پچھلے ہفتہ سے سیاسی تعلیمی حلقوں میں SSB کی طرف سے امتحانات کا انعقاد زبردست تنازعہ کا باعث بن گیا ہے اور بات یہاں تک پہنچی ہے کہ نئے سرے سے امتحانات کا اہتمام کرنے کا مطالبہ کیا جارہا ہے یقیناً معاملہ پُراسرار بن گیا ہے اور فوری تحقیقات کا طالب بھی ہے۔اگرچہ حکام نے اس معاملہ کے بارے میں مکمل تفتیش کرانے کی یقین دہانی کرائی ہے اور دریں اثناء جموں وکشمیر پولیس نے اس معاملہ کو طشت ازبام کرتے ہوئے اپنا فرض بخوبی نبھایا ہے لیکن یہ سوال پوری شدت کے ساتھ اُبھر رہا ہے کہ ایک ذمہ دار ادارہ میں کس طرح امتحانی پرچوں کے افشا ہونے کے امکانات پیدا ہوسکتے ہیں۔پولیس کے بیان کے مطابق اس نے اس معاملہ میں سرغنہ کو پکڑنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔علاوہ ان کے 20 کے قریب افراد کو بھی حراست میں لینے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔پکڑے گئے ملزموں میں کئی سرکاری ملازمین ہیں۔پولیس کے مطابق امتحانی پرچہ کو حاصل کرکے چیدہ چیدہ اُمیدواروں میں تقسیم یا فروخت کرنے کی کوشش کی گئی مگر پولیس کی موثر بروقت اور فوری کاروائی کے نتیجہ میں امتحانی پرچہ لیک نہیں ہوا۔تفاصیل کے مطابق ان دو اُمیدواروں کو بھی پکڑا گیا کہ جن تک یہ پرچہ پہنچانے کی کوشش کی گئی تھی۔پولیس کا دعویٰ ہے کہ اس کاروائی کے نتیجہ میں امتحان پر کوئی اثر نہیں ہوا۔ادھر سروسز سلیکشن بورڈ نے بھی دعویٰ کیا۔پولیس کی بروقت کاروائی کے نتیجہ میں بھی امتحانات کے انعقاد پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ملوث افراد اور ایک دو اُمیدواروں کو پہلے ہی پکڑ لیا گیا تھا۔حکام کے مطابق امتحانات کو نئے سرے سے لینے کی کوئی ضرورت نہیں البتہ آئندہ امتحانات کے انعقاد کیلئے سیکورٹی اور نگرانی کیلئے غیر معمولی انتظامات کرنے میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

لیکن سیاسی حلقوں کے کئی لیڈروں اور ماہرین تعلیم نے اس معاملہ کو انتہائی سنگین اور تشویشناک قرار دیتے ہوئے بورڈ کے طرزِ عمل پر کئی شدید سوالات کئے ہیں اور مانگ کی ہے کہ اس معاملہ کو معمولی قرار دے کر نظرانداز کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔پولیس کی طرف سے بیانات پر بھروسہ کیا جائے تو پکڑے گئے ملازمین اور ملزمین کے خلاف قانونی کاروائی کو انجام تک لانے کے بعد ساری صورتحال عوام کے سامنے پیش ہوگی۔پولیس کی طرف سے اس یقین دہانی پر بھروسہ کرتے ہوئے یہ سوال بھی پوری شدت سے گشت کررہا ہے کہ اگر پولیس کو قبل از وقت بے ضابطگی ہونے کا پتہ نہ چلتا تو پھر کیا ہوتا۔

# فکر صوفی غلام محمد (بانی سرینگر ٹائمز)

از قلم محمد شفیع سمنانی
سابق ایڈیٹر روزنامہ ''زمیندار'' سرینگر

صوفی غلام محمد 16 نومبر 2009ء کو اس دنیا سے چل بسے۔روزنامہ سرینگر ٹائمز کے مالک ایڈیٹر، پرنٹر اور پبلشر تھے۔صوفی غلام محمد کے کارنامے اب غفی ہوچکے ہیں۔یہاں یہ کہنا بے محل نہ ہوگا اگر اُن کی خدمات کا مکمل جائزہ لیا جائے۔



مرحوم کی بدولت صوفی خاندان اپنے ثقافتی ورثہ سے بخوبی آگاہ تھا۔ساتھ ہی مرحوم غلام محمد صوفی کو اپنے گردوپیش کے حالات کا بھی علم تھا اور اسی کے ساتھ اسے خوب تر کی جستجو بھی تھی۔ایک نیک انسان، ایک خوش خلق بزرگ اور ایک زیرک دانشور اور مشہور انسان لوگوں سے جدا ہوگیا۔اس کی فرقت نے قیمتوں وبیواؤں کو خفیہ طور سے دی جارہی خیرات سے محروم کردیا۔

جو شخص صوفی صاحب کی ست آیا۔اپنی تمناؤں وآرزوؤں کو خوشی خوشی لے کر گیا۔

خود پر آنجہانی ہر مصیبت میں سعادت کے ہم سفر رہے جو ذمہ داری لی اس میں کامیاب وکامیاب ہوئے۔

جبر کے ماحول میں بھی صوفی صاحب پریس کی آزادی کا علم بلند رکھنے کا اصرار کرتے رہے۔کئی مجالس میں واضح کردیا کہ لب اظہار پر تالے لگانے والے تاریخ کے مسلسل عمل اور فطرت کی تعزیروں سے غافل ہیں۔

مرحوم صوفی غلام محمد اپنے زخموں اور پریشانیوں کو، اپنی خرابی صحت اور وقت کی ستم گری کو، لوگوں کی تنقید اور کشیدگی کو اپنے حواس پر مسلط نہیں کرتے تھے۔وہ اپنے افسانوں میں بچوں کو خوش دلی سے دیکھتے اور سراہتے تھے۔

مرحوم صوفی غلام محمد ایڈیٹر سرینگر ٹائمز ممتاز دانشور تھے یہی وجہ ہے کہ ان کے انتقال پر علم وادب کی دنیا میں اور جموں وکشمیر میں خاص طور پر غم کی لہر دوڑ گئی ان کے انتقال کے وقت سے آج تک معروف ادبی شخصیات انہیں خراج عقیدت پیش کرتی آئی ہیں۔صوفی غلام محمد ہر ایک محفل میں اس بات پر زور دیتے رہے کہ اُردو کی تعلیم کیلئے ہم سب کو آگے آنا چاہیے۔

یہ ہماری دوسری مادری زبان ہے۔انہوں نے کئی بار کہا کہ مولانا آزاد کی خدمات کو مزید اُجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔وہ ہمیشہ کہتے تھے کہ مولانا آزاد کی تعلیمی بصیرت نے نئے ہندوستان کی تعلیم وترقی میں نمایاں رول ادا کیا ہے۔آج بھی یہ پالیسی اور بصیرت تعلیمی ترقی کی ضامن ہے۔صوفی غلام محمد کی تصنیفات ان کے ذہنی ارتقاء کی آئینہ دار ہیں۔ان کی شناخت حرف کی نہیں تھی بلکہ صوفی صاحب ایک ادیب بھی تھے۔

صوفی غلام محمد ایک نامور صحافی، ادیب اور طنز ومزاح نگار تھے۔سب اسی تاریخ کے چھوٹے ٹکڑے ہیں جو تبدیلیوں کو موقع فراہم کرتے ہیں۔اس طرح کسی بھی تبدیلی اور محرک کا تصور تاریخ کے بغیر نہیں کیا جاسکتا۔تاریخ اپنے ساتھ رفتگان کے تجربات بھی رکھتی ہے اور ان تجربات کے نشیب وفراز اور تمام تبدیلیوں کے اسباب بھی کسی بھی ادب اور تہذیب کے چڑھتے اُترتے گراف میں تاریخ کے اس مزاج اور ان صورتوں کو پہچاننے والا ہی تمام ادبی اور تہذیبی صورتوں کی تبدیلیوں کی صحیح تفہیم کرسکتا ہے اور ان کے درست اور متوازن تجزیے بھی۔صوفی غلام محمد تاریخ کے اس رول کے بہترین نبض شناس تھے۔اسی لئے ان کے فیصلے تاریخی اور تہذیبی پرتوں کی چھان بین کرکے ہوتے ہیں۔صوفی غلام محمد کا شمار اُردو کے ممتاز دانشوروں میں ہوتا ہے۔انہوں نے ایک دانشور کی حیثیت سے اُردو زبان وادب کی خدمت کی اور ملک وقوم کے بنیادی کردار اور مسائل پر بھی توجہ کی۔صوفی صاحب کی اپنی سوچ تھی، اپنا ذوق اور اپنا نظریہ تھا۔صوفی غلام محمد ایک نامور صحافی تھے ہی یہ اُردو کے صاحب طرز ادیب اور مترجم بھی تھے۔ہمارے زمانے نے تہذیب، معاشرت، یہاں تک کہ ادب اور اخلاق کی قدروں کا بھی راج بدلنے کی کوششوں میں مصروف تھے۔کیونکہ اس عہد کم غیار میں کامرانی اور بڑائی کا مطلب بدل گیا ہے۔ادب، آرٹ، کلچر، سیاست، سب کے گرد ایک سستا، بے ڈھنگا رقص کے پیش نظر ان کی یعنی صوفی صاحب کی حالت بدلنے کی کوششیں جاری تھیں۔معاشرت اس عہد کے دانشوروں اور ادیبوں کی تخلیقی کلچر، معاشرت اور سیاست اس عہد کے دانشوروں اور ادیبوں کی تخلیقی کلچر، معاشرت اور سیاست کی اخلاقی جہات پر تھکے بغیر رات دن سوچتے اور اظہار خیالات کرتے رہے۔صوفی غلام محمد نے اپنے ذہن میں پیدا ہونے والے سوال کا جواب اپنے صحافتی سفر میں تلاش کرنا شروع کیا مگر اپنی تحقیقی کاوش میں کامیاب نہیں ہوسکے۔

صوفی غلام محمد مرحوم ایک انجمن کا نام ہی نہیں ایک مثبت تحریک کا نام بھی تھا۔یہی وجہ ہے کہ اس دنیا سے جانے کے بعد ملک کے ممتاز ادیبوں نے مرحوم کی فکر، اور مرحوم کی سماجی، ادبی اور صحافتی خدمات کو یاد کیا۔اُردو تحریر کے اس آبرو (صوفی صاحب) کا انداز بیان گفتگو میں اور تحریر میں شیریں، شستہ اور بیکراں الفاظ کا ذخیرہ تھا۔اللہ ان پر اپنی رحمت برسائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔آمین

ساعتوں میں بہت خوشگوار ہے لیکن وہی تحریر تو تحریر ہے جو روح میں اُتر جائے۔

# وادی کے لیل ونہار

## شیش ناگ جانے کی محبوبہ مفتی کی کوشش ناکام

## پولیس نے راستے میں ہی روک دیا

یو پی آئی/پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی کو منگل کے روز شیشناگ جھیل، پہلگام کی جانب جاتے ہوئے پولیس نے راستے میں روک دیا۔انہیں جھیل سے کئی کلومیٹر پہلے ہی آگے جانے کی اجازت نہیں دی گئی، جس کے بعد وہ اپنے ساتھیوں سمیت واپس لوٹ آئیں۔شیشناگ جھیل کے قریب سڑک کی تعمیر اور بھاری مشینری کے استعمال سے متعلق تنازع گزشتہ چند روز سے سیاسی اور سماجی حلقوں میں موضوع بحث بنا ہوا ہے۔اس معاملے پر محبوبہ مفتی کے علاوہ میرواعظ کشمیر مولوی عمر فاروق اور سابق رکن پارلیمان آغا روح اللہ مہدی سمیت کئی رہنماؤں نے بھی تشویش ظاہر کی تھی۔سوشل میڈیا پر تعمیراتی سرگرمیوں سے متعلق ویڈیوز سامنے آنے کے بعد بارڈر روڈز آرگنائزیشن (بی آر او) نے فوری طور پر بیان جاری کرکے الزامات کی تردید کی تھی۔محبوبہ مفتی نے پیر کو پریس کانفرنس کے دوران شیشناگ میں جاری سیوہ تعمیراتی سرگرمیوں پر تشویش ظاہر کی تھی، جبکہ منگل کو انہوں نے خود علاقے کا دورہ کرنے کی کوشش کی۔ان کا کہنا تھا کہ شیشناگ اپنی قدرتی خوبصورتی اور ماحولیاتی اہمیت کے ساتھ ساتھ مذہبی اور روحانی اعتبار سے بھی ایک منفرد مقام رکھتا ہے۔پی ڈی پی صدر نے شیشناگ کو بھگوان شیو سے منسوب ایک مقدس راستہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس علاقے کے قدرتی حسن، ماحول اور مذہبی تقدس کو برقرار رکھنا سب کی ذمہ داری ہے۔انہوں نے بھاری مشینری کے استعمال پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی کاموں کے نام پر قدرتی نظام کو نقصان پہنچانا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ہے۔محبوبہ مفتی نے دعویٰ کیا کہ علاقے میں مشینری کے استعمال اور تعمیراتی سرگرمیوں کے ممکنہ اثرات کے باعث اس سال مقدس شیولنگم بھی معمول سے پہلے پگھل گیا۔انہوں نے کہا کہ شیشناگ جیسے حساس علاقوں میں کسی بھی تعمیراتی سرگرمی سے قبل ماحولیاتی تحفظ کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے۔

## شیش ناگ معاملہ پر بی جے پی کا تنقید کرنے والوں پر دوہرے معیار اپنانے کا الزام

یو پی آئی/جنوبی کشمیر کے ضلع اسلام آباد (اننت ناگ) میں واقع شیش ناگ جھیل کے قریب تعمیراتی سرگرمیوں اور امرناتھ یاترا کے راستے کو کشادہ بنانے کے معاملے پر جاری تنازعے کے درمیان جموں وکشمیر بھارتیہ جنتا پارٹی نے تنقید کرنے والوں پر منتخب ماحولیاتی سرگرمیوں اور دوہرے معیار اپنانے کا الزام عائد کیا ہے۔بی جے پی نے واضح کیا ہے کہ وہ امرناتھ یاترا کے راستے کو بہتر بنانے کے منصوبے کو سیاسی اور فرقہ وارانہ رنگ دینے کی کسی بھی کوشش کی مخالفت کرے گی۔پارٹی کا کہنا ہے کہ یاتریوں کی حفاظت اور سفری سہولتوں کو بہتر بنانے کے اقدامات کو کشمیر کی شناخت یا ماحولیات کے خلاف قرار دینا درست نہیں ہے۔بی جے پی ترجمان اور سابق قانون ساز کونسل رکن گردھاری لال رینا نے ایک بیان میں کہا کہ امرناتھ یاترا کے راستے کو کشادہ بنانے کے معاملے کو ماحولیاتی مسئلے کے بجائے سیاسی تنازعے میں تبدیل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ان کے مطابق بعض سیاسی جماعتیں اور موقع پرست عناصر مذہبی جذبات کو استعمال کرکے ماحول خراب کرنا چاہتے ہیں۔واضح رہے کہ شیش ناگ جھیل کے قریب ایک بھاری مشین سے تعمیراتی کام کیے جانے کی ویڈیو منظر عام پر آنے کے بعد سیاسی جماعتوں، مذہبی رہنماؤں اور ماحولیاتی کارکنوں نے تشویش ظاہر کرتے ہوئے کام فوری طور پر روکنے کا مطالبہ کیا تھا۔شیش ناگ ایک بلند پہاڑی علاقے میں واقع گلیشیائی جھیل ہے، جسے ماحولیاتی اعتبار سے حساس اور خطرے سے دوچار جھیلوں میں شمار کیا جاتا ہے۔دوسری جانب بارڈر روڈز آرگنائزیشن (بی آر او) جو اس کام کی ذمہ دار ایجنسی ہے، نے وضاحت کی ہے کہ امرناتھ یاترا کے بعد چندن واڑی سے مقدس غار تک موجود راستے کے کمزور حصوں کو کشادہ اور مستحکم بنانے کا کام انجام دیا جارہا ہے۔

## تعلیمی شعبے میں مختلف محاذوں پر بڑی پیش رفت/وزیر تعلیم

## جدید تدریسی طریقوں، بہتر سہولیات کو فروغ دیا جارہا ہے

این این بی/حکومت نے تعلیمی نظام کو مضبوط بنانے، اسکولوں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور جموں وکشمیر میں تعلیمی ماحول کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے بہت سارے اہم اقدامات اٹھائے ہیں کی بات کرتے ہوئے وزیر تعلیم شمیم فردوس نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں مختلف محاذوں پر پیش رفت ہورہی ہے اور سرکاری اسکولوں میں جدید تدریسی طریقوں، بہتر سہولیات اور جدید تعلیمی نظام کو فروغ دیا جارہا ہے۔ییشل نیوز بیورو (این این بی) کے مطابق وزیر تعلیم وچل شکتی ایڈووکیٹ شمیم فردوس نے گورنمنٹ سیکنڈری اسکول کا دوسہ خالصہ، بیرہ کا دورہ کیا، جہاں طلبہ، اساتذہ اور اسکول کے عملے نے ان کا پُرتپاک استقبال کیا۔اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم ایل اے بیرہ ڈاکٹر شفیع احمد وانی، ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن اور محکمہ تعلیم کے دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔طلبہ، اساتذہ اور اسکول برادری سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوفہ نے عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت کے قیام کے بعد شعبہ تعلیم میں ہونے والی نمایاں بہتری اور اصلاحات پر روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے تعلیمی نظام کو مضبوط بنانے، اسکولوں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور جموں وکشمیر میں تعلیمی ماحول کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے بہت سارے اہم اقدامات اٹھائے ہیں۔

## تاریخی مذہبی مقامات کی شان وشوکت بحال کریں گے/DC سرینگر

یو این ایس/ضلع سرینگر میں تاریخی مذہبی مقامات کی بحالی اور تزئین وآرائش کا کام شروع کردیا گیا ہے۔ان مقامات میں آستانہ عالیہ مخدوم صاحب، شہر خاص کے دو اہم امام باڑے اور شاریکا دیوی مندر شامل ہیں۔ڈپٹی کمشنر سری نگر اکشے لبرو نے منگل کے روز اس بات کی جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ ضلع کے تاریخی اور مذہبی ورثے کو محفوظ رکھنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس مہم کا مقصد مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے تاریخی عبادت گاہوں، مندروں، گردواروں اور گرجا گھروں کی تاریخی اہمیت کو برقرار رکھنا اور وہاں آنے والے عقیدت مندوں اور زائرین کے لیے بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔ڈپٹی کمشنر اکشے لبرو نے یہ بات ضلع کے دل علاقے میں واقع درگیشوری مندر میں کارتک پورنیما کے موقع پر حاضری دینے اور پوجا کرنے کے بعد نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے بتایا کہ مذکورہ مندر کی کئی سال بعد حال ہی میں تزئین وآرائش مکمل کی گئی ہے۔اکشے لبرو نے کہا کہ آستانہ عالیہ مخدوم صاحب کی بحالی کا کام پہلے کے روز وہاں معائنہ کرنے کے بعد شروع کیا گیا۔انہوں نے مزید بتایا کہ شہر خاص کے دو اہم اور تاریخی امام باڑوں کی مرمت اور بحالی کے منصوبوں کو ہیریٹیج پریزرویشن اسکیم کے تحت منظوری دی گئی ہے اور ان پر کام بھی شروع ہوچکا ہے۔

# خبر ونظر

## امرود: ذائقے، غذائیت اور صحت کا قدرتی خزانہ

وسیم ریاض



امرود ایک ایسا خوش ذائقہ اور غذائیت سے بھرپور پھل ہے جو تقریباً ہر عمر کے افراد میں مقبول ہے۔اپنے منفرد ذائقے، خوشبو اور مختلف طبی فوائد کی وجہ سے اسے دنیا کے کئی خطوں میں پسند کیا جاتا ہے۔سبز یا زرد رنگ کے چھلکے اور اندر سے سفید یا گلابی گودے والا یہ پھل نہ صرف کھانے میں لذیذ ہوتا ہے بلکہ انسانی صحت کے لیے بھی کئی اعتبار سے مفید ہے۔خاص بات یہ ہے کہ امرود نسبتاً کم قیمت میں دستیاب ہونے کے باوجود وٹامنز، معدنیات اور دیگر ضروری غذائی اجزا کا بہترین ذریعہ ہے۔موسم سرما میں اس کی دستیابی اور استعمال میں مزید اضافہ ہوجاتا ہے۔

امرود کی سب سے نمایاں خصوصیت اس میں وٹامن سی کی وافر مقدار ہے۔یہ وٹامن جسم کے قدرتی دفاعی نظام کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور مختلف انفیکشنز کے خلاف جسم کی مزاحمت بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے۔وٹامن سی جلد میں کولیجن کی تیاری کے لیے بھی ضروری ہے، جو جلد کی مضبوطی اور لچک برقرار رکھنے میں معاون ہوتا ہے۔اس کے علاوہ یہ جسم میں آئرن کے جذب ہونے کے عمل کو بہتر بناتا ہے، جس سے خون کی صحت برقرار رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔امرود میں وٹامن سی کی مقدار بعض دوسرے مشہور پھلوں، خصوصاً مالٹے اور لیموں کے مقابلے میں بھی زیادہ ہوسکتی ہے۔

اس پھل کا ایک اہم فائدہ نظام ہاضمہ سے متعلق ہے۔امرود میں غذائی ریشہ یعنی فائبر کافی مقدار میں پایا جاتا ہے، جو آنتوں کی حرکت کو معمول پر رکھنے اور قبض کی شکایت کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔مناسب مقدار میں فائبر کا استعمال ہاضمے کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ پیٹ کو زیادہ دیر تک بھرا ہوا محسوس کراتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ وزن کم کرنے کی کوشش کرنے والے افراد کے لیے بھی امرود ایک اچھا انتخاب ثابت ہوسکتا ہے۔تاہم اس کے فوائد حاصل کرنے کے لیے متوازن غذا اور جسمانی سرگرمی کو بھی معمول کا حصہ بنانا ضروری ہے۔

امرود میں موجود اینٹی آکسیڈنٹس جسم کو نقصان پہنچانے والے آزاد ذرات یعنی فری ریڈیکلز کے اثرات کم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ان میں لائکوپین، کیروٹینائڈز اور مختلف پولی فینولز شامل ہیں، خصوصاً گلابی گودے والے امرود میں لائکوپین کی اچھی مقدار پائی جاتی ہے۔یہ اجزا خلیوں کو آکسیڈیٹو نقصان سے بچانے میں معاون ہوتے ہیں۔متوازن غذا کے حصے کے طور پر امرود کا استعمال طویل عرصے تک صحت برقرار رکھنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔

امرود دل کی صحت کے لیے بھی مفید غذائی انتخاب ہے۔اس میں موجود پوٹاشیم جسم میں سوڈیم کے اثرات کو متوازن رکھنے اور بلڈ پریشر کو معمول پر رکھنے میں مدد دیتا ہے۔اس کے علاوہ فائبر خون میں کولیسٹرول کی سطح بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔امرود میں چکنائی کی مقدار بھی کم ہوتی ہے، اس لیے اسے دل کی صحت کا خیال رکھنے والے افراد اپنی روزمرہ خوراک میں شامل کرسکتے ہیں۔

ذیابیطس کے مریضوں کے لیے بھی امرود ایک مناسب پھل ہوسکتا ہے، کیونکہ اس میں فائبر موجود ہوتا ہے جو غذا سے شکر کے جذب ہونے کے عمل کو نسبتاً سست کرسکتا ہے۔اس کے باوجود ذیابیطس کے مریضوں کو پھل کی مقدار کا خیال رکھنا چاہیے اور اپنی غذائی ضروریات کے مطابق اسے استعمال کرنا چاہیے۔امرود کا رس پینے کے بجائے پورا پھل کھانا زیادہ بہتر ہے، کیونکہ اس طرح فائبر کی مقدار بھی حاصل ہوتی ہے۔

جلد اور بالوں کی صحت کے حوالے سے بھی امرود کی اہمیت قابلِ ذکر ہے۔وٹامن سی اور اینٹی آکسیڈنٹس جلد کو صحت مند رکھنے میں مدد دیتے ہیں، جبکہ اس میں موجود وٹامن اے جلد اور آنکھوں کی صحت کے لیے ضروری ہے۔اس کے علاوہ امرود میں فولیٹ، وٹامن بی 6 اور دیگر معدنی اجزا بھی پائے جاتے ہیں، جو جسم کے مختلف افعال میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔

امرود کھانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اسے اچھی طرح دھو کر تازہ حالت میں چھلکے سمیت استعمال کیا جائے، کیونکہ اس کے چھلکے اور گودے میں بھی غذائی اجزا اور فائبر موجود ہوتے ہیں۔اسے سلاد، فروٹ چاٹ یا دیگر غذاؤں کے ساتھ بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔البتہ بہت زیادہ نمک، چینی یا مصالحہ ڈال کر کھانے سے گریز کرنا بہتر ہے۔جن افراد کو امرود کھانے سے پیٹ میں گیس، اپھارہ یا کسی قسم کی تکلیف محسوس ہوتی ہو، انہیں اس کی مقدار کم رکھنی چاہیے۔

امرود بلاشبہ قدرت کی جانب سے عطا کردہ ایک قیمتی غذائی نعمت ہے۔یہ نہ صرف ذائقے کے اعتبار سے پسندیدہ ہے بلکہ معمولی قیمت میں جسم کو متعدد ضروری غذائی اجزا فراہم کرتا ہے۔روزمرہ خوراک میں تازہ پھلوں کی مناسب مقدار شامل کرنا صحت مند طرزِ زندگی کا اہم حصہ ہے اور امرود اس ضرورت کو پورا کرنے میں ایک بہترین انتخاب ثابت ہوسکتا ہے۔

# امریکہ اور قطر کا دفاعی تعلقات مزید مستحکم کرنے کا عزم

## اسٹریٹجک ڈائیلاگ میں اہم معدنیات کے معاہدے پر دستخط



واشنگٹن، 23 نومبر (یو این آئی) امریکہ اور قطر نے دفاع، سلامتی اور اقتصادی تعاون کو مزید گہرا کرنے کا عہد کیا ہے، جس کے تحت اہم معدنیات کے ایک فریم ورک معاہدے پر دستخط کیے گئے اور میزائل دفاع، جدید ٹیکنالوجی اور توانائی کی سپلائی چین میں سرمایہ کاری بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پیر کے روز جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں یہ اطلاع دی گئی۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو اور قطر کے وزیر اعظم و وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمن آل ثانی نے واشنگٹن میں آٹھویں امریکہ-قطر اسٹریٹجک ڈائیلاگ کی صدارت کی۔ اس موقع پر دونوں حکومتوں نے علاقائی اور عالمی سلامتی کے چیلنجز کے درمیان اپنی شراکت داری کو ایک "پائیدار اسٹریٹجک شراکت داری" قرار دیتے ہوئے اس کا اعادہ کیا۔ مذاکرات میں غزہ، ایران، شام، لبنان، افغانستان اور دیگر تنازعات سے متاثرہ خطوں میں تعاون کا احاطہ کیا گیا، جبکہ دونوں فریقوں نے سفارت کاری، انسداد دہشت گردی اور علاقائی استحکام کی اہمیت پر زور دیا۔ مسٹر روبیو نے قطر کی سلامتی کے تئیں واشنگٹن کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے مشترکہ فوجی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے اور مشترکہ مفادات کے تحفظ میں دفاعی تعاون کو اجاگر کیا۔ دونوں ممالک نے آبنائے ہرمز کے ذریعے جہاز رانی کی آزادی برقرار رکھنے کے اپنے عزم کو بھی دہرایا اور کہا کہ اس اسٹریٹجک آبی گزرگاہ سے محفوظ اور بلا رکاوٹ گزر علاقائی سلامتی، توانائی کی قابل اعتماد فراہمی اور عالمی اقتصادی استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔

## بنگلہ دیش کی معیشت شدید بحران کا شکار، شرح نمو 25 سال کی کم ترین سطح پر

ڈھاکہ۔ 24 نومبر۔ ایم این این/ بنگلہ دیش کی اقتصادی شرح نمو محض 3.2 فیصد رہ گئی ہے، جو گزشتہ 25 برس سے زائد عرصے کی کم ترین سطح بتائی جا رہی ہے۔ بڑھتی مہنگائی، توانائی بحران، کمزور برآمدات، غیر ملکی سرمایہ کاری میں کمی اور بینکاری شعبے کی بدحالی نے ملکی معیشت کو سنگین مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ توانائی کی قلت کے باعث صنعتی پیداوار متاثر ہو رہی ہے، جبکہ غیر ملکی سرمایہ کاری میں کمی سے روزگار کے نئے مواقع بھی محدود ہو گئے ہیں۔ بینکوں میں ناقابل وصول قرضوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے صنعتی شعبے کے لیے مالی وسائل کا حصول مزید مشکل بنا دیا ہے۔ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ٹیکس وصولی میں 42 ہزار کروڑ ٹکا کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔

## یورپی یونین میں دواؤں کے خلاف مزاحمت کرنے والے سپر بگ انفیکشن کے بڑھتے معاملات پر عالمی ادارہ صحت فکرمند

ماسکو، 24 نومبر (اسپوتنک/ یو این آئی) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے یورپی یونین میں دواؤں کے خلاف مزاحمت کرنے والے سپر بگ کے انفیکشن کے بڑھتے معاملات پر تشویش ظاہر کی ہے۔ تنظیم نے یورپی یونین اور یورپی اقتصادی خطے (ای یو/ ای ای اے) کے ممالک میں اس کے مزید پھیلنے کے خدشے کو انتہائی سنگین قرار دیا ہے۔ روسی بین الاقوامی خبر رساں ایجنسی آر آئی اے نووستی نے یہ خبر دی ہے۔ نومبر کے اوائل میں یورپی مرکز برائے انسداد امراض و کنٹرول (ای سی ڈی سی) کی ایک تحقیق میں انکشاف ہوا تھا کہ خطرناک جرثومہ کلیبسیلا نیومونیا یورپ کے اسپتالوں میں تیزی سے پھیل رہا ہے۔ اس کی بعض اقسام میں تقریباً تمام اینٹی بایوٹک دواؤں کے خلاف مزاحمت پیدا ہو چکی ہے۔ عالمی ادارہ صحت نے آر آئی اے نووستی کو بتایا کہ پہلے سے بیمار اور طبی اداروں میں زیر علاج افراد کو یورپ میں پھیلنے والے اس علاج کے خلاف مزاحمت کرنے والے سپر بگ سے انفیکشن کا سب سے زیادہ خطرہ ہے۔ تنظیم نے کہا کہ یہ مزاحمت رکھنے والی اقسام بنیادی طور پر اسپتالوں اور صحت کی دیکھ بھال کے دیگر مراکز میں ایسے مریضوں کے درمیان پھیلتی ہیں، جو پہلے سے بیمار ہوتے ہیں۔ عالمی ادارہ صحت نے یہ بھی واضح کیا کہ کلیبسیلا نمونیا کوئی نیا جرثومہ نہیں ہے۔ تنظیم نے کہا کہ یہ اسپتالوں میں انفیکشن کی ایک عام وجہ ہے۔

## چین سے بنگلہ دیش جانے والا پراسرار جہاز ضبط

جکارتہ۔ 24 نومبر۔ ایم این این/ انڈونیشیا کی بحریہ نے چین سے بنگلہ دیش جانے والے ایک پراسرار مال بردار جہاز کو قبضے میں لے لیا ہے، جس سے 405 ٹن سوڈیم پرکلوریٹ نامی کیمیائی مادہ اور لاکھوں غیر رجسٹرڈ 4G سم کارڈز برآمد ہوئے ہیں۔ اس انکشاف نے جنوبی ایشیا کی سلامتی کے حوالے سے سنگین خدشات پیدا کر دیے ہیں۔ ایم وی اسٹار لائن نامی جہاز چین کی لیانیونگانگ بندرگاہ سے بنگلہ دیش کی مونگلا بندرگاہ جا رہا تھا، تاہم انڈونیشیا کے شمالی سماٹرا کے قریب اسے روک کر تلاشی لی گئی۔ برآمد ہونے والا کیمیائی مادہ صنعتی مقاصد کے علاوہ راکٹ اور میزائلوں کی تیاری میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

## چوری شدہ ڈیجیٹل کرنسی کا سراغ، امریکی حکام کی بڑی کارروائی

واشنگٹن، 24 نومبر (یو این آئی): امریکہ نے شمالی کوریا سے منسلک ہیکرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک ارب 10 کروڑ ڈالر سے زائد مالیت کے چوری شدہ کرپٹو اثاثے منجمد کرا دیے ہیں۔ امریکی حکام کے مطابق یہ کارروائی بلاک چین ریکارڈ اور کرپٹو کمپنی سرکل کے تعاون سے عمل میں لائی گئی۔ امریکی محکمہ خزانہ کے مطابق حکام نے بلاک چین پر موجود لین دین کے ریکارڈ کا سراغ لگا کر چوری شدہ ڈیجیٹل کرنسی کی نشاندہی کی اور اسے مختلف ذرائع سے منتقل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی۔ رپورٹ کے مطابق ہیکرز نے گزشتہ ماہ کرپٹو ایکسچینج بائنانس سے 6 ارب ڈالر سے زائد مالیت کی ڈیجیٹل کرنسی چوری کی تھی۔ چوری شدہ اثاثوں کو مختلف ذرائع سے منتقل کرنے کی کوشش کی گئی، تاہم امریکی حکام نے بلاک چین ریکارڈ کی مدد سے ان کا سراغ لگا لیا۔ امریکی حکام کا کہنا ہے کہ اب تک مجموعی طور پر 2 ارب 90 کروڑ ڈالر مالیت کے چوری شدہ کرپٹو اثاثوں کی منتقلی روکنے یا انہیں واپس حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کی جا چکی ہے۔ دوسری جانب امریکی محکمہ انصاف نے منجمد کیے گئے اثاثوں کو مستقل طور پر ضبط کرنے کے لیے وفاقی عدالت سے رجوع کر لیا ہے۔

## غزہ میں اسرائیلی ڈرون حملہ، حماس کے سکیورٹی ادارے کے سربراہ نعیم ابونہل جاں بحق



غزہ، 24 نومبر (یو این آئی): غزہ میں امریکی ثالثی کے تحت ہونے والی جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی حملوں کا سلسلہ جاری ہے۔ تازہ کارروائیوں میں حماس کے داخلی سلامتی کے ادارے کے ڈائریکٹر جنرل نعیم ابونہل سمیت متعدد فلسطینی جاں بحق اور کئی دیگر زخمی ہو گئے۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق 50 سالہ نعیم ابونہل کو اس وقت اسرائیلی ڈرون حملے کا نشانہ بنایا گیا جب وہ غزہ کی پٹی میں اپنے دفتر کے قریب سڑک پر پیدل جا رہے تھے۔ حملے میں وہ جاں بحق ہو گئے، جبکہ متعدد دیگر افراد زخمی ہوئے جنہیں الشفا اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ حماس ذرائع نے بھی نعیم ابونہل کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی فوج اور داخلی خفیہ ادارے شن بیت نے مشترکہ بیان میں دعویٰ کیا کہ انہوں نے غزہ میں حماس کے ایک اہم رکن کو نشانہ بنایا ہے، تاہم ابتدائی بیان میں اس کی شناخت ظاہر نہیں کی گئی تھی۔ دوسری جانب منگل کو غزہ میں اسرائیلی حملوں کے دیگر واقعات میں بھی کم از کم چھ فلسطینی جاں بحق ہو گئے۔ خان یونس میں پولیس چوکی کے قریب تین فلسطینیوں کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ مزید تین فلسطینی نیتساریم راہداری کے قریب حملے میں جان سے گئے۔ الجزیرہ کے مطابق ایک اور حملے میں گدھا گاڑی پر سفر کرنے والے فلسطینیوں کو نشانہ بنایا گیا، جن میں ایک بچہ بھی شامل تھا۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق منگل کو مختلف اسرائیلی حملوں میں مجموعی طور پر کم از کم سات فلسطینی جاں بحق ہوئے۔ واضح رہے کہ غزہ میں اکتوبر 2025 میں جنگ بندی کا معاہدہ طے پانے کے باوجود اسرائیلی حملے مکمل طور پر نہیں رکے اور معاہدے کے نفاذ کے بعد بھی فلسطینیوں کی ہلاکتوں کا سلسلہ جاری ہے۔

## ٹرمپ نے پہلی بار جینسن ہوانگ کی اہلیہ کے مؤقف پر بات کی، کہا میاں بیوی نے معاملات سلجھا لیے

واشنگٹن، 24 نومبر (یو این آئی): جینسن ہوانگ کی اینویڈیا کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے عہدے پر واپسی کے چند گھنٹے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پہلی بار ان کی اہلیہ لوری ہوانگ کے مؤقف پر تبصرہ کیا ہے۔ ان کے اس بیان کو ہوانگ کے ازدواجی تعلقات سے متعلق اسکینڈل پر امریکی صدر کا اہم ردعمل قرار دیا جا رہا ہے۔ ٹرمپ نے نیویارک ٹائمز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جینسن ہوانگ اور ان کی اہلیہ لوری نے اپنے باہمی معاملات سلجھا لیے ہیں۔ لوری کمپنی کے خاصے حصص کی مالک بھی ہیں۔ ٹرمپ کے مطابق اخبار کی جانب سے جینسن ہوانگ اور ایلس ہوانگ کے قریبی تعلقات کا انکشاف کیے جانے کے بعد سے لوری نے اس معاملے پر کھل کر کوئی بات نہیں کی۔ ایلس ہوانگ کے چینی خفیہ اداروں سے روابط کا شبہ بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ ٹرمپ نے کہا، ان کی اہلیہ بہت اچھی خاتون ہیں۔ دونوں نے آپس میں معاملات سلجھا لیے ہیں۔ وہ ایک شاندار خاتون ہیں۔ دوسری جانب لوری ہوانگ نے اپنے شوہر کے ایلس ہوانگ سے تعلقات کے انکشاف کے بعد سے مکمل خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔ کمپنی میں بڑے حصص رکھنے کے باوجود انہوں نے نہ تو اس اسکینڈل پر اور نہ ہی اپنے شوہر کی بے وفائی سے متعلق اپنے مؤقف پر کوئی عوامی تبصرہ کیا ہے۔ ٹرمپ کے یہ بیانات اس اعلان کے چند گھنٹے بعد سامنے آئے جس میں اینویڈیا کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے جینسن ہوانگ کو دوبارہ کمپنی کا چیف ایگزیکٹو آفیسر اور چیئرمین مقرر کرنے کا اعلان کیا تھا۔ یہ فیصلہ امریکی انتظامیہ سے مشاورت کے بعد کیا گیا، جس نے قومی سلامتی سے متعلق خدشات کو کم اہمیت دی۔ اس سے چند روز قبل ہوانگ ازدواجی دائرے سے باہر تعلقات کے اسکینڈل کے اثرات کے باعث عہدے سے الگ ہو گئے تھے۔ ٹرمپ نے بورڈ کے فیصلے کا فوری خیر مقدم کرتے ہوئے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر لکھا کہ اینویڈیا کے بورڈ نے جینسن ہوانگ کو دوبارہ چیف ایگزیکٹو مقرر کر کے درست اور دانش مندانہ فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکی حکومت کے پاس یہ ماننے کی کوئی وجہ نہیں کہ ہوانگ کی واپسی قومی سلامتی کے لیے کسی بھی طرح کا خطرہ ہے۔

## سردیوں کی آمد کے ساتھ یورپی گیس کی قیمتوں میں زبردست اچھال، گھٹتے ذخائر سے تشویش میں اضافہ

برسلز، 24 نومبر (یو این آئی): شمال مغربی یورپ میں طویل عرصے تک سردی کی لہر چلنے کی پیش گوئیوں کے باعث سردیوں میں سپلائی سے متعلق خدشات بڑھنے سے پیر کے روز یورپی قدرتی گیس کی قیمتوں میں آٹھ فیصد سے زائد کا اچھال ریکارڈ کیا گیا۔ گیس کے گرتے ہوئے ذخائر اور مائع قدرتی گیس (ایل این جی) کی ترسیل میں تعطل نے بھی مارکیٹ پر دباؤ بڑھا دیا ہے۔ مارکیٹ کے اعداد و شمار کے مطابق، یورپ کے بڑے ہول سیل گیس پرائس انڈیکس ڈچ ٹی ٹی ایف بینچ مارک میں 8.6 فیصد تک کا اضافہ درج کیا گیا اور یہ 96.08 یورو (105.54 امریکی ڈالر) فی میگاواٹ گھنٹہ تک پہنچ گیا۔ بعد ازاں یہ کم ہو کر تقریباً 92.50 یورو (101.60 امریکی ڈالر) کے آس پاس آ گیا، جو دن کے کاروبار میں تب بھی تقریباً چار فیصد زیادہ تھا۔ یہ اضافہ ایک ہفتے سے زائد عرصے میں کسی ایک دن کی سب سے بڑی بڑھت رہی۔ قیمتوں میں یہ تازہ اتار چڑھاؤ موسم کی نظر ثانی شدہ پیش گوئیوں کے بعد سامنے آیا ہے، جو اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ شمال مغربی یورپ میں دسمبر کے اوائل تک کڑاکے کی سردی برقرار رہ سکتی ہے۔ بلومبرگ کے حوالے سے ایٹموسفیرک جی 2 کے اعداد و شمار کے مطابق، رواں ہفتے درجہ حرارت 30 سالہ موسمی اوسط سے تین سے پانچ ڈگری سیلسیس کم رہنے کا امکان ہے اور دسمبر کے شروع میں یہ معمول سے پانچ سے آٹھ ڈگری سیلسیس نیچے گر سکتا ہے۔ جرمنی، ڈنمارک اور نیدرلینڈز کے گرد و نواح میں ہواؤں کی رفتار سست رہنے سے ونڈ انرجی (ہوا سے بجلی) کی پیداوار بھی کم ہو سکتی ہے، جس سے گیس پر مبنی بجلی کی پیداوار پر انحصار بڑھنے کا خدشہ ہے۔ ہیٹنگ کی زیادہ مانگ اور قابل تجدید توانائی کی پیداوار میں کمی کے دوہرے اثر نے اس بات پر تشویش بڑھا دی ہے کہ یورپی ممالک اپنے باقی ماندہ گیس ذخائر کو کس رفتار سے استعمال کریں گے۔ یہ صورتحال اس لیے بھی خاص طور پر تشویشناک ہے کیونکہ سردیوں کے موسم کے آغاز کے درمیان یورپ کے زیر زمین ذخیرہ کرنے والے مراکز میں معمول سے کافی کم ذخائر درج کیے گئے ہیں۔

## صرف ہتھکڑیوں میں ہی ملک واپس لوٹیں گی شیخ حسینہ/ وزارت خارجہ

ڈھاکہ، 24 نومبر (یو این آئی) بنگلہ دیش کے وزیر مملکت برائے امور خارجہ ہمایوں کبیر نے دو ٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ کسی بھی مجرم کو حوالگی (ایکسٹرا ڈیشن) کے قانونی عمل سے گزرے بغیر ملک واپس آنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ وزارت خارجہ میں غیر ملکی سفارت کاروں کو بریفنگ دینے کے بعد منگل کے روز انہوں نے معزول سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ کی دسمبر میں بنگلہ دیش واپسی کے امکانات سے متعلق ایک سوال کے جواب میں یہ بات کہی۔ دسمبر میں شیخ حسینہ کی واپسی کے منصوبوں سے متعلق میڈیا رپورٹس کا حوالہ دیتے ہوئے مسٹر کبیر نے کہا، کوئی بھی شخص مایوسی کے عالم میں پیسہ خرچ کر سکتا ہے اور لوگوں کو طرح طرح کی باتیں لکھنے کے لیے رکھ سکتا ہے۔ لیکن خواہشات اور حقیقت دو الگ الگ چیزیں ہیں اور ہمیں ان کے درمیان فرق سمجھنا ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ کسی بھی مجرم کو حوالگی کے عمل سے گزرے بغیر ملک واپس لوٹنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔" انہوں نے مزید کہا کہ کوئی شخص خواب میں یا برے خواب میں بھی یہ تصور کر سکتا ہے کہ وہ بس یوں ہی پیدل چل کر یا طیارے کے ذریعے بنگلہ دیش واپس آ جائے گا۔ انہوں نے کہا، لیکن ایسا نہیں ہے۔ وہ کوئی عام مسافر نہیں ہیں۔ انہیں ملک واپس صرف ہتھکڑی لگا کر یا سخت سیکورٹی کے حصار میں ہی لایا جا سکتا ہے۔ یہی اصل حقیقت ہے۔"

## امریکی کمپنیوں میں چینی مصنوعی ذہانت کا بڑھتا استعمال

واشنگٹن۔ 24 نومبر۔ ایم این این/ امریکی کانگریس کی ایک تازہ تحقیق میں انکشاف کیا گیا ہے کہ چینی مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ماڈلز امریکی ٹیکنالوجی کمپنیوں کے نظام میں تیزی سے شامل ہو رہے ہیں، جبکہ چینی فوج بھی انہی ماڈلز کو اپنے سائبر اور فوجی منصوبوں میں استعمال کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ کانگریس کی 50 صفحات پر مشتمل تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق چینی کمپنیاں کم قیمت ٹیکنالوجی اور سرکاری مالی معاونت کے ذریعے امریکی مارکیٹ میں اپنی موجودگی بڑھا رہی ہیں۔ تحقیقات میں ایئر بی این بی، ڈور ڈیش اور کرسر سمیت متعدد امریکی ٹیکنالوجی پلیٹ فارمز میں چینی اے آئی ماڈلز کے استعمال کی نشاندہی کی گئی ہے۔

## آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگ سے ٹکرایا چوتھا آئل ٹینکر، آگ بھڑک اٹھی/ ایران



تہران، 24 نومبر (یو این آئی) ایران نے منگل کے روز کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کے مشرق میں ممنوعہ سمندری حدود میں ایک بارودی سرنگ سے ٹکرانے کے بعد چوتھے آئل ٹینکر میں زوردار دھماکہ ہوا اور اس میں آگ لگ گئی۔ نیم سرکاری خبر رساں ایجنسی تسنیم کے مطابق، پاسداران انقلاب (آئی آر جی سی) کی بحریہ نے بتایا کہ منگل کی علی الصبح بارودی سرنگ سے ٹکرانے کے بعد ٹینکر میں شدید دھماکہ ہوا اور آگ بھڑک اٹھی۔ اس سے کچھ ہی دیر قبل بحریہ نے اطلاع دی تھی کہ اس آبی گزرگاہ کے مشرق میں دو دیگر آئل ٹینکر بھی بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے بعد آگ کی لپیٹ میں آ گئے ہیں۔ سرکاری نشریاتی ادارے آئی آر آئی بی پر نشر ہونے والے ایک بیان میں بحریہ کے محکمہ تعلقات عامہ نے کہا کہ دونوں ٹینکر اپنی شناختی اور نیوی گیشن سسٹمز بند کرنے کے بعد ممنوعہ علاقے میں داخل ہوئے تھے۔ بیان کے مطابق دونوں جہاز بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے، جس کے نتیجے میں ان میں آگ لگ گئی اور وہ ناکارہ ہو گئے۔ بحریہ نے ان ٹینکروں کی شناخت، عملے کے ارکان یا ممکنہ جانی و مالی نقصان کی تفصیلات کے بارے میں کوئی معلومات فراہم نہیں کی ہیں۔ بحریہ نے ٹینکر مالکان پر زور دیا ہے کہ وہ اس اسٹریٹجک آبی گزرگاہ سے محفوظ آمد و رفت کو یقینی بنانے کے لیے ایران کی مسلح افواج کے ساتھ رابطہ اور ہم آہنگی قائم کریں۔ یہ تازہ واقعات آبنائے ہرمز سے بحری ٹریفک میں مسلسل درپیش رکاوٹوں کے درمیان پیش آئے ہیں، جو عالمی تیل اور گیس کی ترسیل کے لیے ایک انتہائی اہم راستہ ہے۔ واضح رہے کہ امریکہ اور اسرائیل نے 28 فروری کو ایران کے خلاف جنگ شروع کی تھی، جس کے جواب میں تہران نے اسرائیل اور عرب ممالک میں واقع امریکی فوجی اڈوں پر حملے کیے تھے۔ ایران اور امریکہ نے جون میں ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے تھے، تاہم آبنائے ہرمز سے جہاز رانی کی آزادی پر پائے جانے والے اختلافات کے باعث اس پر عمل درآمد رک گیا تھا۔

## سوڈان، آر ایس ایف کے کاؤنٹر انٹیلی جنس شعبے کے سربراہ نے سوڈانی فوج میں شمولیت اختیار کر لی

خرطوم، 24 نومبر (یو این آئی): نیم فوجی دستے ریپڈ سپورٹ فورسز (آر ایس ایف) کے کاؤنٹر انٹیلی جنس (انسداد جاسوسی) شعبے کے سربراہ الطیب جبارہ نے تنظیم سے علیحدگی اختیار کر کے سوڈانی فوج کا دامن تھام لیا ہے۔ مقامی میڈیا نے منگل کے روز یہ اطلاع دی۔ سوڈان کے سوشل میڈیا کارکنوں کی جانب سے نشر کی گئی ایک ویڈیو میں جبارہ نے آر ایس ایف چھوڑنے کے اپنے فیصلے کا اعلان کیا اور ریاست کے خلاف بغاوت میں شامل ہونے پر سوڈانی عوام سے معافی مانگی۔ انہوں نے کہا، میں آج سوڈان کے عوام کے سامنے کھڑے ہو کر ریپڈ سپورٹ فورسز ملیشیا سے مکمل طور پر الگ ہونے کا اعلان کرتا ہوں۔" جبارہ نے بتایا کہ وہ اس سے قبل آر ایس ایف کے کمانڈر محمد حمدان دگالو عرف حمیدتی کے ایگزیکٹو آفس میں خدمات انجام دے چکے ہیں۔ یہ دفتر خرطوم کے ریپبلکن پیلس اور بعد ازاں ریاست جنوبی دارفور کے دارالحکومت نیالا میں قائم تھا۔ انہوں نے دگالو اور ان کے ساتھیوں پر سوڈان کی تباہی میں حصہ ڈالنے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ انہیں تنظیم کے اصل مقاصد کے بارے میں گمراہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ تنظیم کا حقیقی ایجنڈا دگالو اور ان کے خاندان کے مفادات کا تحفظ کرنا اور سوڈان کو تقسیم کرنے کی غرض سے غیر ملکی مفادات کو آگے بڑھانا تھا۔ جبارہ نے آر ایس ایف کے خلاف سوڈانی فوج کے شانہ بشانہ لڑنے کی خواہش کا بھی اظہار کیا۔ انہوں نے آر ایس ایف کے دیگر ارکان پر زور دیا کہ وہ دگالو کا ساتھ چھوڑ کر فوج میں واپس آ جائیں۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے ان سے سوڈان کی عبوری خود مختار کونسل کے سربراہ اور فوجی سربراہ جنرل عبدالفتاح البرہان کی جانب سے دی گئی عام معافی سے فائدہ اٹھانے کی اپیل کی۔

## چین موجودہ عالمی نظام کو بدل کر اپنی بالادستی قائم کرنا چاہتا ہے/ تحقیقی جائزہ

بیجنگ۔ 24 نومبر۔ ایم این این/ چین موجودہ مغربی قیادت والے عالمی نظام کو تبدیل کر کے ایک ایسا نیا بین الاقوامی نظام قائم کرنا چاہتا ہے جس میں بیجنگ کو مرکزی حیثیت حاصل ہو۔ ایک نئے تحقیقی جائزے میں انکشاف کیا گیا ہے کہ صدر شی جن پنگ کی قیادت میں چین اپنی اقتصادی، سفارتی اور عسکری طاقت کو اسی مقصد کے لیے استعمال کر رہا ہے۔ 2012 میں شی جن پنگ کے اقتدار میں آنے کے بعد چین کی خارجہ پالیسی میں نمایاں تبدیلی آئی۔ بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے کے ذریعے چین نے ترقی پذیر ممالک میں اپنا اقتصادی اثر و رسوخ بڑھایا۔

## امریکہ کو 50 بحری جہازوں پر سائبر حملوں میں ایران کے ملوث ہونے کا شبہ/ وال اسٹریٹ جرنل

واشنگٹن، 24 نومبر (اسپوتنک/ یو این آئی) امریکہ 50 ایسے بحری جہازوں کو نشانہ بنانے والے سائبر حملوں میں ایران کے ممکنہ طور پر ملوث ہونے کی تحقیقات کر رہا ہے، جو تیل، مائع گیس اور کیمیائی مادے لے جا رہے تھے۔ وال اسٹریٹ جرنل نے ذرائع کے حوالے سے یہ اطلاع دی ہے۔ اخبار کے مطابق، امریکہ توانائی کے شعبے سے وابستہ درجنوں ٹینکروں پر ہوئے سائبر حملوں میں ایران کے ممکنہ رول کی تحقیقات کر رہا ہے۔ اس دوران یہ خدشات بھی ظاہر کیے جا رہے ہیں کہ تہران سائبر کارروائیوں اور امریکی شہریوں کے خلاف دہشت گردانہ منصوبوں کے ذریعے مشرق وسطیٰ سے کہیں آگے تک اپنے تنازع کو وسعت دے رہا ہے۔ نامعلوم امریکی حکام کے مطابق، تیل، مائع پٹرولیم گیس، کیمیائی مصنوعات اور دیگر دھماکہ خیز مواد لے جانے والے 50 تک بحری جہاز مبینہ طور پر ان حملوں کا نشانہ بنے ہیں۔ ذرائع نے اخبار کو بتایا کہ بعض بحری جہازوں کو ان پر بم نصب کیے جانے کے بارے میں انتباہی پیغامات موصول ہوئے، جب کہ دیگر معاملات میں جہازوں کے عملے کو اس بات کا علم تک نہیں تھا کہ وہ کسی حملے کا نشانہ بن چکے ہیں۔

## اینویڈیا کے حصص میں تیزی، ہوانگ کی واپسی سے کمپنی کی مارکیٹ ویلیو میں ایک ٹریلین ڈالر کا اضافہ

سانتا کلارا، 24 نومبر (یو این آئی): اینویڈیا کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جینسن ہوانگ پیر کی صبح امریکی ریاست کیلیفورنیا کے شہر سانتا کلارا میں واقع کمپنی کے مرکزی دفتر پہنچے تو ملازمین نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ ملازمین داخلی راستے کے اطراف بلند راہداریوں میں قطاروں کی صورت میں کھڑے تھے اور تالیاں بجا کر ان کا خیر مقدم کر رہے تھے۔ اس موقع پر ہوانگ خاصے جذباتی دکھائی دیے، جبکہ ایک ساتھی نے آگے بڑھ کر انہیں گلے لگا لیا۔ اینویڈیا کے سی ای او کی اپنے عہدے پر اچانک واپسی نے کمپنی کے اعلیٰ عہدیداروں کو بھی حیران کر دیا۔ ایک ذاتی تعلق سے متعلق اسکینڈل سامنے آنے کے بعد استعفیٰ دینے کے دو ہفتے سے بھی کم عرصے میں وہ دوبارہ عہدے پر واپس آ گئے۔ یہ تنازع ایک ایسی خاتون کے ساتھ ان کے تعلقات سے متعلق تھا جس پر چین کے لیے جاسوسی سے روابط کا شبہ ظاہر کیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ کمپنی کی ایک دوسری خاتون ملازمہ کے ساتھ بھی ان کے تعلقات کی خبریں سامنے آئی تھیں۔ واقعات سے باخبر افراد کے مطابق اینویڈیا کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اچانک اپنا موقف تبدیل کر لیا۔ اس تبدیلی کے پیچھے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا دباؤ تھا، جنہوں نے ہفتے کے اختتام پر اس معاملے میں مداخلت کی۔ ٹرمپ نے دیکھا کہ ایک وقت میں امریکہ کی سب سے زیادہ مالیت رکھنے والی کمپنی کی مارکیٹ ویلیو تیزی سے گر رہی ہے، جبکہ گزشتہ ہفتے ٹیکنالوجی کے وسیع تر شعبے کو بھی بھاری نقصانات کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ یہ تبدیلی دراصل سلیکون ویلی میں ہوانگ کے حامیوں کی جانب سے چلائی گئی ایک بھرپور مہم کا نتیجہ تھی۔ باخبر حلقوں نے اس گروپ کی سرگرمیوں کو وار روم یعنی جنگی حکمت عملی کے خفیہ مرکز سے تعبیر کیا۔ اس گروپ نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور نائب صدر جے ڈی وینس کی حمایت حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کی۔


# OFFICE OF THE RETURNING OFFICER FOR JKFA EXECUTIVE BODY ELECTIONS, 2026

## NOTICE

***Subject: Deferment/Postponement of JKFA Executive Body Elections, 2026, in compliance with the order dated 23rd November, 2026, passed by the Hon'ble Court of Additional District Judge, Srinagar.***

In continuation of the Election Notification dated 4th November, 2026, regarding the conduct of elections to the Executive Body of the Jammu & Kashmir Football Association (JKFA), it is hereby notified for the information of all concerned that the Hon'ble Court of Additional District Judge, Srinagar, vide order dated 23rd November, 2026, passed in Summary Suit No. 9465/2026 (CNR No. JKSG02-007068-2026), has directed maintenance of status quo with respect to the JKFA elections scheduled to be held on 25th November, 2026, until the next date of hearing.

Accordingly, in strict compliance with the aforesaid directions of the Hon'ble Court, the polling and related election activities for JKFA Executive Body Elections, 2026, scheduled for 25th November, 2026, stand deferred / postponed until further orders.

The further course of action and revised schedule, if any, shall be notified separately in accordance with further orders/directions of the Hon'ble Court.

All affiliated Football Clubs, contesting candidates, members of the Electoral College and other stakeholders are hereby asked to maintain status quo and refrain from undertaking any polling or election related activity scheduled for 25th November, 2026, until further orders.

This notice is issued solely in compliance with the order dated 23rd November 2026 of the Hon'ble Court without prejudice to the rights and contentions of the parties.

**Place : Srinagar**
**Dare : 24.11.2026**

*Sd/- (SURINDER SINGH GURM)*
*SP (Retd.), CBI*
*RETURNING OFFICER*
*JKFA Executive Body Elections, 2026*

*DIPK-NB-2222/26*
*Dated: 24/11/2026*

# عالمی اقتصادی اور سماجی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے تعلیمی ادارے مل کر کام کریں: رادھا کرشنن

**نئی دھلی 24 نومبر** (یو این آئی)

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے عالمی اقتصادی اور سماجی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے دنیا کے تعلیمی اداروں کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانے پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم اور تحقیق میں نمایاں کارکردگی کا فائدہ معاشرے کی ترقی میں نظر آنا چاہیے۔ آج کے نوجوانوں کو ہندوستان اور پوری انسانیت کے بہتر مستقبل کی سمت میں قیادت کرنی ہوگی۔ مسٹر رادھا کرشنن نے منگل کو یہاں اُپ راشٹرپتی بھون میں لندن اسکول آف اکانامکس اینڈ پولیٹیکل سائنس، دہلی اسکول آف اکانامکس (دہلی یونیورسٹی) اور انسٹی ٹیوٹ آف اکنامک گروتھ کے درمیان مفاہمت نامے کے تبادلے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے اس شراکت داری کو تینوں اداروں کے سفر میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے تعلیمی معیار، تحقیقی صلاحیت اور پالیسی سازی کے تجربے کو یکجا کر کے موجودہ اقتصادی اور سماجی چیلنجوں سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔ اس تعاون کے تحت تعلیمی تبادلے، مشترکہ تحقیق، تربیتی پروگرام اور طلبہ و اساتذہ کا باہمی تبادلہ ہوگا۔ مسٹر رادھا کرشنن نے تینوں اداروں کا مشترکہ تحقیقی فنڈ قائم کرنے کی تجویز کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ پائیداری، معنوی ذہانت، عوامی پالیسی، جغرافیائی سیاست اور بین الاقوامی تجارت جیسے موضوعات پر تحقیق سے نوجوان محققین کی حوصلہ افزائی ہوگی اور پالیسیوں کے لیے مفید تجاویز تیار ہوں گی۔ انہوں نے ہندوستانی اقتصادی سروس کے افسران کی تربیت کو بہتر بنانے کے لیے اداروں کے درمیان مجوزہ تعاون کو بھی اہم قرار دیا۔ نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ یونیورسٹیوں کو اپنی تحقیقی صلاحیت اور عالمی شناخت مضبوط کرنی چاہیے، تاکہ ملک کے نوجوانوں کو بہتر مواقع مل سکیں۔ انہوں نے طلبہ سے دستیاب مواقع کا بھرپور فائدہ اٹھانے اور ملک کی ترقی میں اپنا تعاون دینے کی اپیل کی۔ ملک کے ترقیاتی سفر کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے غربت کے خاتمے، رہائش، دیہی علاقوں میں بجلی کاری اور ٹس کے ذریعے پانی پہنچانے کے شعبوں میں ہونے والی پیش رفت کا حوالہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ **2047** تک ترقی یافتہ ہندوستان کا ہدف حاصل کرنے کے لیے معاشرے کے تمام طبقات اور علاقوں میں جامع ترقی ضروری ہے۔ اقتصادی ترقی کا حتمی مقصد لوگوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانا ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی پذیر ملکوں میں ہندوستان کے بڑھتے ہوئے کردار کے ساتھ ملک کے جمہوری اداروں، تنوع اور ترقی کے تجربات سے بین الاقوامی تعلیمی برادری بہت کچھ سیکھ سکتی ہے۔ ترقی پذیر ملکوں کے تجربات کو عالمی تعلیمی اور پالیسی ڈھانچے میں جگہ ملنی چاہیے۔ نائب صدر جمہوریہ نے اعتماد ظاہر کیا کہ یہ شراکت داری اداروں کی حدود سے آگے بڑھ کر باہمی فکری تبادلے کو فروغ دے گی۔ انہوں نے کہا کہ دہلی یونیورسٹی کے چانسلر کی حیثیت سے وہ اس پہل کی پیش رفت اور نتائج پر خود نظر رکھیں گے اور ضروری تعاون فراہم کریں گے۔ انہوں نے دیگر یونیورسٹیوں سے بھی اس شراکت داری سے تحریک لے کر اس طرح کی کوششیں کرنے کی اپیل کی۔ تقریب میں انسٹی ٹیوٹ آف اکنامک گروتھ کے صدر این کے سنگھ، لندن اسکول آف اکنامکس کے صدر اور وائس چانسلر پروفیسر لیری کرمر، انسٹی ٹیوٹ آف اکنامک گروتھ کے چیئرمین ڈاکٹر مائیکل ویب سمیت کئی ممتاز شخصیات، اساتذہ اور طلبہ نے شرکت کی۔



# بھارت نے بحیرہ اسود میں جہاز رانی اور تجارت کے تحفظ کے لیے عالمی سطح پر اقدامات پر زور دیا

**نئی دھلی 24 نومبر** (ایم این این)

بھارت نے بحیرہ اسود میں تجارتی جہازوں اور ملاحوں پر حملوں کو فوری طور پر روکنے کا مطالبہ کیا ہے۔ بھارت نے اس بات پر زور دیا ہے کہ روس-یوکرین تنازعے کے دوران بین الاقوامی آبی گزرگاہوں پر تحفظ جہاز رانی کو جلد از جلد بحال کیا جانا چاہیے۔ پیر (مقامی وقت کے مطابق) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ایک اعلیٰ سطحی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے، اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل مندوب، سفیر ہریش پردھانمنی نے کہا کہ جاری تنازعہ، جو اب اپنے پانچویں سال میں داخل ہو چکا ہے، عالمی سپلائی چینز (رسد کے باہم مربوط نظام) کے آپس میں جڑے ہونے کی وجہ سے دور رس نتائج کا حامل ہے۔ انہوں نے پرامن حل کی جانب کی جانے والی تمام کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے بھارت کی آمادگی کا اعادہ کیا۔ پردھانمنی نے کہا، "دنیا اب اس طرح آپس میں جڑ چکی ہے کہ اسے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ ہماری باہم مربوط سپلائی چینز کو دیکھتے ہوئے یہ ممکن ہی نہیں کہ پانچویں سال میں داخل ہونے والے اس تنازعے کے اثرات ہر جگہ محسوس نہ ہوں۔ بھارت نے اعلیٰ ترین سطح پر یہ واضح کیا ہے کہ ہم پرامن حل کی جانب کی جانے والی تمام کوششوں میں تعاون کے لیے تیار ہیں۔ جنگ کا ہر گزرتا دن انسانیت کو پیچھے کی طرف دھکیلتا ہے۔ جیسا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے، دنیا کو لامتناہی جنگ سے نکل کر جنگ کے خاتمے کی جانب بڑھنا ہوگا۔ عالمی غذائی تحفظ پر تنازعے کے اثرات کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مسلح تنازعات زراعت کو درہم برہم کرتے ہیں، آبادیوں کو بے گھر کرتے ہیں، بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچاتے ہیں اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کی جانے والی امدادی سرگرمیوں میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ ان کے نتائج تو تباہی، کھاد، نقل و حمل اور زرعی تجارت تک پھیل جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا، "کوئی بھی تنازعہ زراعت کو متاثر کرکے، آبادیوں کو بے گھر کرکے، بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا کر اور انسانی امداد کی فراہمی میں رکاوٹ بن کر غذائی عدم تحفظ کو مزید سنگین بنا دیتا ہے۔ اس کے اثرات تو اتباعی، کھاد، نقل و حمل اور زرعی تجارت میں خلل کے ذریعے عالمی سطح پر پھیل جاتے ہیں، جس سے گلوبل ساؤتھ پر متناسب طور پر متاثر ہوتے ہیں۔" پردھانمنی نے کہا کہ سلامتی کونسل کو انسانی امداد کی رسائی، شہری بنیادی ڈھانچے کے تحفظ اور جہاز رانی کی آزادی کو ترجیح دینی چاہیے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ انسانی ہمدردی کی سپلائی اور جائز تجارت متاثر نہ ہو۔ انہوں نے عالمی غذائی تحفظ کے لیے بحیرہ اسود کے خطے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے نشاندہی کی کہ یہ خطہ اور بھارت مل کر دنیا بھر میں اناج کی پیداوار کا تقریباً پانچواں حصہ فراہم کرتے ہیں۔

# ایودھیا اور جنک پور کے درمیان پہلی ٹرین نیپال پہنچی، 1000 مسافروں کا شاندار استقبال

**نئی دھلی 24 نومبر** (یو این آئی)

ایودھیا سے جنک پور کے درمیان چلنے والی پہلی براہ راست ٹرین سرجو۔کملا ایکسپریس منگل کی صبح جنک پور دھام اسٹیشن پہنچی، جہاں **1000** سے زیادہ مسافروں کا شاندار استقبال کیا گیا۔ سرجو۔کملا ایکسپریس کو نئی دہلی سے وزیر اعظم نریندر مودی اور ان کے نیپالی ہم منصب بالیندر شاہ نے مشترکہ طور پر ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا تھا۔ یہ ٹرین اتر پردیش کے ایودھیا کو نیپال کے جنک پور دھام سے جوڑتی ہے۔ ایودھیا۔ جنک پور دھام ٹرین سروس کے ذریعے پہنچنے والے تقریباً **400** ہندوستانی یاتریوں کا بھی پرجوش استقبال کیا گیا۔ جنک پور دھام ریلوے اسٹیشن پر مدھیش صوبے کے وزیر اعلیٰ سروج کمار یادو اور دیگر افسران نے مسافروں کا استقبال کیا۔ نیپال ریلوے کمپنی کی جانب سے منعقدہ استقبالیہ تقریب میں نیپال کے نوجوانوں، محنت اور روزگار کے وزیر رام بی یادو بھی موجود تھے۔ استقبالیہ تقریب میں پھولوں کے ہار، نیپال اور ہندوستان کے قومی پرچم، روایتی جلوس اور ثقافتی پروگرام شامل تھے۔ مقامی لوگوں نے مہمانوں کا استقبال کیا، جبکہ نوجوان طلبہ نے ویلکم منتر پڑھے۔ پیر کی دوپہر ایودھیا کینٹ ریلوے اسٹیشن سے اس ٹرین نے اپنا سفر شروع کیا تھا۔ اس سے پہلے نئی دہلی کے حیدرآباد ہاؤس سے وزیر اعظم نریندر مودی اور ان کے نیپالی ہم منصب بالیندر شاہ نے مشترکہ طور پر روایتی طریقے سے ٹرین کو ہری جھنڈی دکھائی تھی۔ اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے افتتاحی تقریب میں شرکت کی اور ایودھیا سے ٹرین کو روانہ کیا۔ یہ نئی ریل سروس رامائن کی روایت سے وابستہ دو اہم مذہبی مقامات کو جوڑتی ہے۔ ایودھیا کو بھگوان رام کی جائے پیدائش مانا جاتا ہے، جبکہ جنک پور دھام کو ماتا سیتا کی جائے پیدائش کے طور پر جانا جاتا ہے۔

# فرخ آباد سے منجمد سبز مٹر اور مخلوط سبزیوں کی پہلی برآمدی کھیپ قطر کے لیے روانہ

**نئی دھلی 24 نومبر** (ایم این این)

بھارت کی حکومت کی فارسٹ تجارت، صنعت کے محکمہ تجارت کے تحت زرعی اور تیار شدہ غذائی مصنوعات کی برآمدات کے فروغ کی اتھارٹی (اے پی ای ڈی اے) نے **20** نومبر **2026** کو رامائی میں 'متعلقہ فریقوں کے ساتھ تبادلہ خیال' کے پروگرام کا انعقاد کیا۔ اس پروگرام میں برآمد کنندگان اور سرکاری اداروں نے شرکت کی اور زرعی و تیار شدہ غذائی مصنوعات کی برآمدات سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ان میں برآمدات کو سہل بنانا، پیکنگ، نقل و حمل، منڈیوں تک رسائی، ضابطہ جاتی تقاضے اور ادارہ جاتی معاونت شامل تھے۔ اے پی ای ڈی اے کے عہدیداروں نے شرکاء کی جانب سے اٹھائے گئے مسائل کا جواب دیا اور برآمدات سے متعلق مشکلات کے حل نیز علاقائی برآمد کنندگان کی بین الاقوامی منڈیوں میں زیادہ سے زیادہ شرکت کو آسان بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اے پی ای ڈی اے کے چیئرمین جناب ابھیشیک دیو کی صدارت میں منعقدہ اس پروگرام کی ایک اہم جھلک اتر پردیش کے فرخ آباد سے قطر کے لیے منجمد سبز مٹر اور مخلوط سبزیوں کی پہلی برآمدی کھیپ کی روانگی تھی۔ میسرز شری لکشمی فرمزن فوڈز کی جانب سے برآمد کی جانے والی اس کھیپ میں **63** میٹرک ٹن منجمد سبز مٹر اور مخلوط سبزیاں شامل ہیں۔ یہ کھیپ فرخ آباد سے روانہ ہوئی اور قطر کے شہر دوحہ پہنچانے کے لیے نہوا شیوا بندرگاہ کے ذریعے بھیجی گئی۔ یہ پہلی برآمدی کھیپ اتر پردیش کی زرعی برآمدات بالخصوص قدر افزا اور منجمد غذائی مصنوعات کے شعبے میں تنوع پیدا کرنے کی سمت ایک اہم پیش رفت ہے۔ فرخ آباد اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں سبزیوں کی پیداوار اور ان کی تیاری کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ اس برآمد سے یہ امکان نمایاں ہوتا ہے کہ علاقائی زرعی پیداوار کو غذائی مصنوعات کی تیاری کے مراکز اور بین الاقوامی ترسیلی سلسلوں سے مربوط کیا جا سکتا ہے، جس سے کسانوں، کسان پیداواری تنظیموں (ایف پی اوز)، غذائی مصنوعات تیار کرنے والوں اور برآمد کنندگان کے لیے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے اے پی ای ڈی اے کے چیئرمین جناب ابھیشیک دیو نے زرعی اور تیار شدہ غذائی مصنوعات کی برآمدات کو فروغ دینے کے لیے رکن برآمد کنندگان کو ضروری تعاون فراہم کرنے کے اے پی ای ڈی اے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے حال ہی میں شروع کی گئی 'بھارت کرش نریات یوجنا' (بی کے این وائی) کے بارے میں بھی بتایا، جس کا مقصد زرعی برآمدات کی حوصلہ افزائی اور برآمدات سے متعلق بنیادی ڈھانچے اور سرگرمیوں کو مستحکم بنانا ہے۔ انہوں نے اے پی ای ڈی اے کے بھارتی 'اقدام' کو بھی نمایاں کیا، جس کا مقصد کسان پیداواری تنظیموں (ایف پی اوز) کو بااختیار بنانا اور انہیں برآمدی سلسلوں سے منسلک کرنے میں سہولت فراہم کرنا ہے، تاکہ وہ بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل کر سکیں۔ چیئرمین نے عالمی منڈیوں میں بھارتی زرعی مصنوعات کی مسابقت بڑھانے کے لیے برآمد کنندگان، ایف پی اوز، سرکاری محکموں اور دیگر متعلقہ فریقوں کے درمیان مربوط کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔

# تاریخی انسانی گگن یان مشن کی تیاریاں

## روس میں بھارتی خلابازوں کی کششِ ثقل سے آزاد ماحول میں خصوصی تربیت

**نئی دھلی 24 نومبر** (ایم این این)

بھارت کے تاریخی انسانی خلائی مشن 'گگن یان' کی تیاریاں جاری ہیں۔ روس میں بھارتی خلابازوں کی خصوصی تربیت کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی ہے، جس میں انہیں بے وزنی کی حالت میں ہوا میں تیرتے اور قلابازیاں لگاتے دیکھا جا سکتا ہے۔ بھارتی خلابازوں نے روس کے خصوصی طور پر تیار کردہ آئی ایل-**76** ایم ڈی کے طیارے میں تربیت حاصل کی، جو مخصوص انداز میں پرواز کے ذریعے عارضی طور پر کم کششِ ثقل اور بے وزنی جیسی کیفیت پیدا کرتا ہے۔ تربیتی مشقوں میں چاند اور مریخ پر موجود کششِ ثقل جیسے ماحول کی نقل بھی تیار کی گئی۔ چاند کی کششِ ثقل زمین کے مقابلے میں تقریباً **5.16** فیصد جبکہ مریخ کی **38** فیصد ہے۔ ان مشقوں کا مقصد خلابازوں کو خلائی ماحول میں جسمانی توازن برقرار رکھنے، نقل و حرکت کرنے اور مختلف آلات استعمال کرنے کی تربیت فراہم کرنا ہے۔ بھارتی خلائی تحقیقی ادارے (اسرو) کے زیر اہتمام گگن یان مشن کا بنیادی مقصد بھارت کی اپنی لیکنالوجی کے ذریعے انسانوں کو زمین کے نچلے مدار میں بھیجنا اور انہیں بحفاظت واپس لانا ہے۔ مشن کے لیے منتخب خلابازوں کو خلائی گاڑی چلانے، ہنگامی حالات سے نمٹنے، جسمانی فٹنس اور خلائی ماحول سے مطابقت پیدا کرنے کی جامع تربیت دی جا رہی ہے۔ روس میں یہ خصوصی تربیت بھارت اور روس کے درمیان خلائی تعاون کی بھی عکاسی کرتی ہے۔ گگن یان مشن بھارت کی خلائی تحقیق اور انسانی خلائی پرواز کی صلاحیتوں کے فروغ میں ایک تاریخی سنگ میل ثابت ہوگا۔

# سیلاب زدہ نیپال کے لیے بھارت کا 15 ہزار کروڑ روپے کا امدادی پیکیج

## دوطرفہ تعلقات کے نئے دور کا آغاز

**نئی دھلی 24 نومبر** (ایم این این)

بھارت نے سیلاب سے متاثرہ نیپال کی تعمیر نو اور طویل مدتی اقتصادی ترقی کے لیے **15** ہزار کروڑ بھارتی روپے (**62.1** ارب ڈالر) کے ترقیاتی پیکیج کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور نیپال کے وزیر اعظم بالیندر شاہ کے درمیان مذاکرات کے دوران دونوں ممالک نے دس اہم شعبوں پر مشتمل ایک نئی شراکت داری کا خاکہ بھی منظور کیا۔ بھارت کے امدادی پیکیج میں **3500** کروڑ روپے کی بلاواپسی مالی امداد اور توانائی کے منصوبوں کے لیے **11500** کروڑ روپے کی قرض سہولت شامل ہے۔ اگست میں نیپال اور چین کی سرحد کے قریب گلیشیئر ٹوٹنے سے آنے والے تباہ کن سیلاب میں تقریباً **1500** افراد ہلاک جبکہ **5200** افراد لاپتہ ہو گئے تھے، جن کی ہلاکت کا خدشہ ہے۔ بھارت اس قدرتی آفت کے بعد فوری امداد فراہم کرنے والا پہلا ملک تھا۔ وزیر اعظم بالیندر شاہ نے مشکل حالات میں نیپال کی مدد کرنے پر بھارت کا شکریہ ادا کیا، بھارتی سرمایہ کاروں کو نیپال میں سرمایہ کاری کی دعوت دی اور وزیر اعظم مودی کو نیپال آنے کی دعوت بھی دی۔ دونوں ممالک نے 'دوست بھارت اور سمت نیپال' کے مشترکہ وژن کے تحت تجارت، توانائی، تعلیم، صحت، زراعت، سیاحت، کھیل، معنوی ذہانت اور خلائی ٹیکنالوجی میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ایودھیا اور جنک پور کے درمیان براہ راست ایکسپریس ٹرین سروس کا افتتاح بھی کیا گیا۔ اس کے علاوہ سرحد پار ریلوے، شاہراہوں، پٹرولیم پائپ لائنوں اور ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کو وسعت دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ بھارت نیپال میں پن بجلی کے منصوبوں، جدید تعلیمی اداروں، اسٹارٹ اپ مراکز، کرکٹ اکیڈمی اور سستی ادویات کی فراہمی کے مراکز کے قیام میں بھی تعاون کرے گا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی رضامندی سے موجودہ معاہدوں کا جائزہ لینے اور سرحدی و دیگر زیر التوا معاملات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے پر اتفاق کیا۔ منصوبوں پر بروقت عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی نگرانی کمیٹی کو فعال کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔ یہ جامع شراکت داری بھارت اور نیپال کے تاریخی اور ثقافتی تعلقات کو جدید اقتصادی، سائنسی اور تکنیکی تعاون کی مضبوط بنیاد فراہم کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

# چین کاروباری ویزوں پر کام کرنے کو تیار

**نئی دھلی 24 نومبر** (ایم این این)

چین نے کہا ہے کہ وہ دونوں اطراف کے کاروباری اہلکاروں کے لیے ویزا انتظامات کو آسان بنانے کے لیے بھارت کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہے، ان اطلاعات کے درمیان کہ اس کے سفارتی مشنوں نے بھارتی شہریوں کو کاروباری ویزا سمیت ویزا جاری کرنے میں کمی کر دی ہے۔ چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان نے بھارتیوں کے لیے ویزا جاری کرنے میں سہولت کی بارے میں سوالات کے تحریری جواب میں کہا، "چین اور ضوابط کے مطابق چین آنے والے اہل غیر ملکی شہریوں کے لیے ویزا جاری کرتا ہے۔" ترجمان نے کہا، ہم دونوں اطراف کے کاروباری افراد کے لیے ویزا انتظامات کو آسان بنانے کے لیے ہندوستان کے ساتھ کام کرنے کے لیے تیار ہیں۔ ترجمان کا یہ تبصرہ ان رپورٹس کے درمیان آیا ہے کہ چینی سفارتی مشنوں نے بھارتی شہریوں کو ویزا جاری کرنے میں کمی کر دی ہے، بشمول کاروباری ویزا۔ اس کے علاوہ، مبینہ طور پر کم ہندوستانی تاجروں کو شنگھائی میں اس ماہ ہونے والی چائنا امپورٹ ایکسپو میں شرکت کے لیے ویزا دیا گیا تھا۔ سالانہ تجارتی میلہ دنیا بھر کے تاجروں کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے تاکہ وہ چینی صارفین کو اپنے کاروبار کی نمائش کریں۔ بیجنگ نے سرحد فراہم کرنے والے چائنا ویزا اپلیکیشن سینٹر کو بھی ویزا کی درخواستیں قبول کرنے سے روک دیا ہے اور اس کے مشترنے چینی ویزوں خصوصاً کاروباری ویزوں کی بڑھتی ہوئی مانگ کے درمیان انہیں براہ راست ویٹڈل کرنا شروع کر دیا ہے۔ **2020** میں وادی گالوان کی ہلاکت خیز جھڑپوں کے بعد شدید تناؤ کا شکار دوطرفہ تعلقات کو ٹھیک کرنے کی کوششوں کے درمیان، پانچ سال کے وقفے کے بعد گزشتہ سال جولائی میں ہندوستان کی جانب سے چینی شہریوں کو سیاحتی ویزے جاری کرنے کے بعد دونوں ممالک کے درمیان ویزا کے عمل میں بہتری آئی۔



# بھارت میں اے آئی (AI) کے شعبے کے لیے فنڈنگ تقریباً دوگنی ہو کر 6.1 ارب ڈالر تک پہنچ گئی

**نئی دھلی 24 نومبر** (ایم این این)

ٹریکسن ٹیکنالوجیز کی ایک رپورٹ کے مطابق، **2026** کے پہلے نو مہینوں میں بھارت کے اے آئی کمپنیوں نے ایکویٹی فنڈنگ کی مد میں **6.1** ارب ڈالر حاصل کیے، جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں تقریباً دوگنا ہے۔ درحقیقت، **2019** سے اب تک کے نو ماہ کے دورانیوں کا جائزہ لیا جائے تو یہ اب تک کی سب سے زیادہ فنڈنگ ہے۔ ڈیٹا انٹیلی جنس پلیٹ فارم ٹریکسن ٹیکنالوجیز کی انڈیا اے آئی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت کی اے آئی کمپنیوں نے **2026** کے نو مہینوں میں **6.1** ارب ڈالر کی ایکویٹی فنڈنگ حاصل کی۔ یہ رقم **2025** کے نو مہینوں میں حاصل ہونے والی **822** ملین ڈالر کی فنڈنگ سے **96** فیصد زیادہ، اور **2024** کے نو مہینوں میں حاصل ہونے والی **616** ملین ڈالر کی فنڈنگ سے **162** فیصد زیادہ ہے۔ یہ **2019** سے اب تک کے نو ماہ کے دورانیوں میں سب سے زیادہ فنڈنگ کا مجموعہ ہے۔ "یہ فنڈنگ **87** مختلف راؤنڈز (مراحل) میں حاصل کی گئی، جبکہ گزشتہ سال کی اسی مدت میں یہ تعداد **149** راؤنڈز تھی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ فنڈنگ میں یہ اضافہ نسبتاً کم تعداد میں ہونے والے بڑے سودوں کی بدولت ہوا ہے۔ سرمایہ کاری کے مجموعے میں ارلی اسٹیج فنڈنگ سرفہرست رہی، جبکہ اس عرصے کے دوران ممبئی، بنگلورو کو پیچھے چھوڑ کر سب سے زیادہ فنڈنگ حاصل کرنے والا شہر بن گیا۔ **2026** میں ہونے والے دس سب سے بڑے فنڈنگ راؤنڈز میں **5.1** ارب ڈالر حاصل کیے گئے، جو کہ کل **6.1** ارب ڈالر کی فنڈنگ کا **90** فیصد بنتا ہے۔ ممبئی میں قائم اے آئی کلاؤڈ فراہم کرنے والی کمپنی نیسا نے سب سے بڑا حصہ حاصل کیا؛ اس نے فروری میں سیریز فنڈنگ کے تحت **600** ملین ڈالر اکٹھے کیے، جو کل فنڈنگ کا **37** فیصد ہے۔ بنگلورو میں قائم جینیریٹو اے آئی ڈویلپر کمپنی سرم نے جون میں سیریز بی ذریعے **255** ملین ڈالر اور اگست میں مزید **4.90** ملین ڈالر حاصل کیے۔ یونانے جولائی میں **150** ملین ڈالر کی فنڈنگ حاصل کی۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ سیریز اے اور اس کے بعد کے مراحل کی تعداد **36** سے کم ہو کر **24** رہ گئی (یعنی **33** فیصد کمی)، اور پہلی بار فنڈنگ حاصل کرنے والی کمپنیوں کی تعداد **60** سے کم ہو کر **24** رہ گئی (یعنی **60** فیصد کمی)۔ "عالمی سطح پر، مصنوعی ذہانت کی کمپنیوں نے **2026** کے پہلے نو مہینوں میں **5.383** ارب ڈالر کی سرمایہ کاری حاصل کی؛ اس میں بھارت کا حصہ **6.1** ارب ڈالر (کل کا **4.0** فیصد) رہا، جو اسے دنیا بھر کے ممالک میں نویں نمبر پر رکھتا ہے۔ جنوری سے ستمبر کے دوران ہر تبادلی سرمائے کی فنڈنگ **191** فیصد اضافے کے ساتھ **3.1** ارب ڈالر تک پہنچ گئی، جبکہ گزشتہ برس کی اسی مدت میں یہ رقم **434** ملین ڈالر تھی۔



# عالمی بحرانوں اور کمزور مانسون کے باوجود

## ہندوستان کی معیشت مضبوط۔ شرح نمو 8.7 فیصد

**نئی دھلی 24 نومبر** (ایم این این)

مغربی ایشیا میں جنگ، عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافے اور کمزور مانسون کے باوجود ہندوستان نے اپنی اقتصادی ترقی کی رفتار برقرار رکھی ہے۔ گزشتہ کئی برسوں کے دوران نافذ کی گئی اقتصادی اصلاحات، مضبوط بینکاری نظام اور توانائی کے متنوع ذرائع نے ملکی معیشت کو بیرونی جھٹکوں سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ مالی سال **2026-27** کی پہلی سہ ماہی میں ہندوستان کی اقتصادی شرح نمو **8.7** فیصد رہی۔ سرمایہ کاری میں **9.11** فیصد، برآمدات میں **12** فیصد، مینوفیکچرنگ میں **2.9** فیصد اور خدمات کے شعبے میں **10** فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ریزرو بینک آف انڈیا اور عالمی بینک نے ہندوستان کی سالانہ اقتصادی شرح نمو کا تخمینہ بڑھا کر **1.7** فیصد جبکہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ نے **7** فیصد کر دیا ہے۔ ہندوستان تقریباً **40** ممالک سے خام تیل درآمد کر رہا ہے۔ آبنائے ہرمز کی بندش کے باوجود متبادل راستوں سے توانائی کی فراہمی یقینی بنائی گئی، جبکہ گھریلو صارفین کی ضروریات پوری کرنے کے لیے رسوئی گیس کی پیداوار میں **40** فیصد اضافہ کیا گیا۔ ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر **6.734** ارب ڈالر تک پہنچ گئے

# بھارتی تکنیکی صلاحیت اور سنگاپور کی سرمایہ کاری

## مصنوعی ذہانت کے عالمی مرکز بننے کی جانب بھارت کا اہم قدم

**نئی دھلی 24 نومبر** (ایم این این)

مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے شعبے میں بھارت اور سنگاپور کے درمیان بڑھتی ہوئی شراکت داری بھارت کو عالمی ٹیکنالوجی صنعت کی ایک بڑی طاقت بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ ماہرین کے مطابق بھارت کی وسیع سافٹ ویئر افرادی قوت، باصلاحیت انجینئروں اور بڑی متقامی مارکیٹ کو سنگاپور کے مالی وسائل اور جدید ہارڈ ویئر انفراسٹرکچر کے ساتھ جوڑ کر مصنوعی ذہانت کی ترقی اور برآمدات کا ایک مضبوط نظام قائم کیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ امریکہ اور چین کو جدید ترین مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجی میں برتری حاصل ہے، تاہم سنگاپور کے ساتھ بڑھتا تعاون بھارت کو اس عالمی مسابقت میں آگے بڑھنے کا متبادل راستہ فراہم کر سکتا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے تکنیکی تعاون کی ایک اہم مثال ٹاٹا کمیونی کیشنز کا زیر سمندر فائبر آپٹک کیبل منصوبہ ہے، جو ممبئی اور چنئی کو سنگاپور سے جوڑے گا۔ اس منصوبے کا مقصد ایشیا بھر میں کاروباری اداروں کی مصنوعی ذہانت سے متعلق بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔

# اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں بھارت کا یوکرین جنگ ختم کرنے کا مطالبہ

**نئی دھلی 24 نومبر** (ایم این این)

اقوام متحدہ میں ہندوستان کے مستقل نمائندے پی ہریش نے کہا ہے کہ یوکرین جنگ کا خاتمہ ہونا چاہیے اور بحیرہ اسود میں جہازوں کی آمد و رفت اور غذائی اجناس کی ترسیل کا تحفظ یقینی بنایا جانا چاہیے۔ ہندوستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں کہا کہ یوکرین جنگ پانچویں سال میں داخل ہو چکی ہے، جس کے اثرات پوری دنیا پر مرتب ہو رہے ہیں۔ پی ہریش نے وزیر اعظم نریندر مودی کے بیان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دنیا کو کبھی ختم نہ ہونے والی جنگ کے بجائے جنگ کے خاتمے کی سمت آگے بڑھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور بحیرہ اسود کا تحفظ کرد دنیا کی تقریباً **20** فیصد غذائی اجناس پیدا کرتے ہیں، جب کہ روس اور یوکرین دنیا بھر میں گندم، مکئی اور جو کی مجموعی برآمدات میں تقریباً **25** فیصد حصہ رکھتے ہیں۔ پی ہریش نے کہا کہ جنگ کے باعث خوراک، ایندھن اور کھاد کا بحران مزید سنگین ہو گیا ہے، جس سے ترقی پذیر ممالک، خصوصاً گلوبل ساؤتھ کے ممالک سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر ہندوستان میں **1943** کے بنگال کے قحط کا بھی ذکر کیا، جس میں **30** لاکھ سے زائد افراد کی جانیں گئی تھیں۔ انہوں نے بحیرہ اسود میں تجارتی جہازوں پر ہونے والے حملوں کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ اب تک چار ہندوستانی ملاح ہلاک ہو چکے ہیں، جب کہ دو دیگر لاپتہ ہیں۔ ہندوستان نے تجارتی جہازوں اور ان کے عملے پر حملے فوری طور پر روکنے کا مطالبہ کیا۔ پی ہریش نے کہا کہ ہندوستان اور لائبیریا نے اقوام متحدہ میں جہازوں اور ملاحوں کے تحفظ کے لیے گروپ آف فرینڈز کے نام سے ایک پہل شروع کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہندوستان بحیرہ اسود میں جہازوں کی سلامتی اور غذائی اجناس کی برآمدات کو یقینی بنانے کے لیے جنگ میں شامل دونوں فریقوں سے براہ راست بات چیت کر رہا ہے۔



دست شفا
شہو کی بہترین دوائی
قدرت کے انمول خزانے کی مدد سے خاص جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ۔
ملنے کا پتہ:
عطار شاہ حبیب الرحمان کاسمیٹکس شاپ
فارسٹ لین لال چوک نزدیک گھنٹہ گھر سری نگر کشمیر

# باقیات: صفحہ اول سے آگے

**بقیہ نمبر 1**

کو منظم مارکیٹنگ کی سہولیات تک بہتر رسائی فراہم کریں گی اور انہیں اپنی پیداوار کے عوض منافع بخش قیمتیں حاصل کرنے کے بہتر مواقع دیں گی۔ جدید بنیادی ڈھانچے اور سہولیات سے آراستہ یہ منڈیاں شفاف قیمتوں کے تعین، معیاری الیکٹرانک وزن، ڈیجیٹل ادائیگیوں اور زرعی پیداوار کی مؤثر ہینڈلنگ کو فروغ دیں گی۔ ان منڈیوں میں زرعی پیداوار کی درجہ بندی، چھانٹی، ذخیرہ اندوزی اور ٹرانسپورٹیشن کے لئے بہتر انتظامات بھی شامل ہوں گے جس سے فصل کی کٹائی کے بعد ہونے والے نقصانات کو کم کرنے، مارکیٹنگ کے اخراجات کو گھٹانے اور صارفین تک تازہ پیداوار کی دستیابی کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔

**بقیہ نمبر 2**

پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور یورپی یونین کے درمیان آزادانہ تجارتی معاہدے سے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ بات چیت کے دوران دونوں رہنماؤں نے باہمی مفادات سے متعلق علاقائی اور عالمی پیش رفت پر بھی خیالات کا تبادلہ کیا۔ انہوں نے موجودہ عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے کثیر فریقی فورموں پر تعاون جاری رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔

**بقیہ نمبر 3**

گئی تھی کہ اسی دوران تیندوے نے اس پر حملہ کر دیا۔ حملہ اتنا شدید تھا کہ خاتون موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس ٹیم جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے کارروائی شروع کر دی۔

**بقیہ نمبر 4**

کی جانب جا رہے تھے کہ اسی دوران ٹریکٹر اچانک بے قابو ہو کر الٹ گیا۔ مرحوم اپنے پیچھے اہلیہ اور دو بچوں کو چھوڑ گئے ہیں۔ نوجوان استاد کی اچانک موت کی خبر پھیلتے ہی تو جان گاؤں میں غم کی لہر دوڑ گئی، جبکہ اہل خانہ، ساتھی اساتذہ اور مقامی لوگوں نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔

**بقیہ نمبر 5**

صحت و سماجی بہبود کے شعبوں میں بھی وقف بورڈ کی خدمات نمایاں ہیں۔ ان کے مطابق ملک کے دیگر وقف بورڈوں کو جموں و کشمیر وقف بورڈ کے تجربات سے سیکھنا چاہیے اور اس کے کاموں سے رہنمائی حاصل کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بحیثیت چیئرمین مرکزی وقف کونسل وہ ملک کے تمام ریاستی وقف بورڈوں کی بہتر کارکردگی کے لیے ایک اجلاس بھی منعقد کریں گے۔ اس سلسلے میں جموں و کشمیر وقف بورڈ کے تجربات اور اقدامات کو دیگر بورڈوں کے سامنے رکھا جائے گا۔

**بقیہ نمبر 6**

ہوئی دُنیا کے تقاضوں کے مطابق تعلیم دینی ہوگی۔ نوجوانوں کو اختراع کے لئے آگے آنا ہوگا۔ سرکاری افسران کو پوری لگن کے ساتھ عوام کی خدمت کرنی چاہیے اور ہر کنبے کو چھوٹے بچوں میں اچھی اقدار پیدا کرنی چاہئیں۔ عام شہریوں سے لے کر سرکاری افسران تک ہر ایک کو اُپنے اعمال میں دیانتدار رہنا ہوگا، اُپنی ذمہ داریاں خلوصِ نیت کے ساتھ نبھانی ہوں گی اور مشکل حالات میں مل جل کر کام کرنا ہوگا۔'' اُنہوں نے قوم کو متحکم رکھنے اور اس کی روایات کو مالا مال کرنے میں کسانوں کے کردار کو اُجاگر کیا۔ اُنہوں نے یونین میٹریری میں 'جامع زرعی ترقیاتی پروگرام (آئی اے ڈی پی)' کے انقلابی اثرات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جدید بنیادی ڈھانچے، ہنوع اور مارکیٹ پر مبنی اِصلاحات کے ذریعے زراعت، باغبانی اور ڈیری شعبوں میں پیش رفت ہوئی ہے۔ اُنہوں نے کسانوں بالخصوص چھوٹے اور پسماندہ کاشت کاروں پر زور دیا کہ وہ جدید ٹیکنالوجی اُپنائیں اور اُپنی پیداوار کو مارکیٹ کے اُبھرتے ہوئے تقاضوں سے ہم آہنگ کریں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے باجرے کی کاشت کو زیادہ اُپنانے کی بھی حوصلہ افزائی کی۔ اُنہوں نے کہا کہ بے قاعدہ بارشوں، بڑھتے درجہ حرارت اور زیرِ زمین کی سطح میں کمی کے تناظر میں، باجرے کی فصلیں موسمیاتی تبدیلی کے مقابلے میں مضبوط اور آمدنی بڑھانے والا متبادل ہیں۔ اُنہوں نے نوجوانوں سے زراعت کو ٹیکنالوجی، انٹرپرینیور شپ اور سائنسی طریقوں کے ذریعے بدلنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ کاشت کاری اور اس سے منسلک شعبوں کو ترقی کے متحرک محرک کے طور پر دیکھیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، ''جموں کشمیر کا زرعی منظر نامہ جدت اور روزگار کے وسیع مواقع فراہم کرتا ہے اور نوجوانوں کو کاشت کاری کو زیادہ پیداواری، منافع بخش اور مستقبل کے تقاضوں کے مطابق بنانے میں کلیدی کردار اُدا کرنا چاہیے۔'' اُنہوں نے دیہی معیشت میں خواتین کی بڑھتی ہوئی شرکت کو بھی سراہا۔ اُنہوں نے کہا کہ خواتین کسان، سیلف ہیلپ گروپس اور دیہی کاروباری خواتین پورے جموں کشمیر میں معاشی خود انحصاری کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ اُنہوں نے دیہی علاقوں میں خواتین کے لئے تعلیم، جنرمندی کے فروغ اور کاروبار کے مزید مواقع پیدا کرنے پر زور دیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے 'لبت سے 'سیلف ہیلپ گروپس' اُب خواتین کسانوں کے ساتھ مل کر دیہی معیشت کو ایک نئی سمت دینے کے لئے کام کر رہے ہیں۔ دیہات میں خواتین مقامی مصنوعات، دستکاری، فوڈ پروسسنگ اور چھوٹے کاروباروں کے ذریعے معاشی خود انحصاری کی نئی مثالیں قائم کر رہی ہیں۔ زراعت اور اس سے منسلک شعبوں میں ہماری بیٹیاں اختراع اور انٹرپرینیور شپ کے نئے معیار قائم کر رہی ہیں۔'' اُنہوں نے ڈوگرہ ثقافت کی شاندار میراث کو اُجاگر کرتے ہوئے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اُپنی زبان، لوک روایات اور علاقائی تاریخ پر فخر کریں۔ اُنہوں نے ثقافتی ورثے کے تحفظ اور اسے عالمی سطح پر فروغ دینے کے لئے ڈیجیٹل ٹیکنالوجیوں کے استعمال کی حوصلہ اُفزائی کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، ''اُپنے بزرگوں کے ساتھ بیٹھیں۔ ان سے پرانے گیت سیکھیں، لوک کہانیاں سنیں اور اُپنے خطے کی تاریخ جانیں۔ اِس ورثے کو ڈیجیٹل ذرائع سے محفوظ کریں تاکہ آنے والی نسلیں بھی اس سے واقف ہو سکیں۔ میرا ماننا ہے کہ آج ٹیکنالوجی نے ہمارے ہاتھوں میں ایک ایسی طاقت دی ہے جس کے ذریعے ہم اُپنی ثقافت کو ملک اور دُنیا کے ہر کونے تک پہنچا سکتے ہیں۔ ہمیں اِس ٹیکنالوجی کو استعمال کر کے دنیا کو ڈوگرہ ثقافت کی شناخت سے روشناس کرنا چاہیے۔'' اُنہوں نے کہا کہ اِنتظامیہ 'جھڑی میلے' کے احسن اور مؤثر اِنعقاد کو یقینی بنانے کے لئے مسلسل کوششیں کر رہی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ یہاں کے بنیادی ڈھانچے میں نمایاں بہتری آئی ہے اور ضرورت کے مطابق اسے مزید وسعت دینے کی کوششیں جاری رہیں گی۔ اِس موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر نے سرکاری محکموں، زرعی کاروباری اُفراد، سیلف ہیلپ گروپس اور کسانوں کی طرف سے لگائے گئے نمائشی سٹالوں کا دورہ کیا۔ تقریب میں بابا بھیتو اور بوا کوڑی پر ایک مختصر ڈرامہ بھی پیش کیا گیا اور فن کاروں نے خطے کے بھرپور فن اور ثقافتی ورثے کا دلکش مظاہرہ کیا۔ تقریب میں ممبر پارلیمنٹ جگل کشور شرما، ممبر قانون ساز اسمبلی مڑہ سریندر کمار، رُکن اسمبلی بیجبیہ گڑھ پروفیسر گھارو رام بھگت، ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ داخلہ چندر کر بھارتی، صوبائی کمشنر جموں وکاس کنڈل، آئی جی پی جموں تجیندر سنگھ، ڈی آئی جی جے ایس کے رینج شریدھر پاٹل، ضلع ترقیاتی کمشنر جموں منگا شیر پا، ایس ایس پی جموں جوگندر سنگھ، میونسپل کمشنر جموں آیوشی سودان، سینئر افسران، ممتاز شہری، ترقی پسند کسان اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد موجود تھے۔

**بقیہ نمبر 7**

فائرنگ کی آواز سن کر کیمپ میں موجود دیگر اہلکار فوری طور پر موقع پر پہنچے، تاہم وہ شدید زخمی ہونے کے باعث دم توڑ گیا۔

**بقیہ نمبر 8**

خطرات کے پیش نظر نئی ٹیکنالوجی فراہم کرنے والی کمپنیوں کے ساتھ شراکت داری کرتے وقت بھی زیادہ جانچ پڑتال کرنے کی ہدایت دی گئی۔ اجلاس میں شریک ایک شخص کے مطابق، سونے کی قیمتوں میں 35 سے 40 فیصد تک کمی کے باعث بعض کمپنیوں کا لون ٹو ویلیو تناسب تقریباً 75 فیصد کے قریب پہنچ گیا ہے۔

**بقیہ نمبر 9**

واقع درگیشوری مندر میں حاضری دینے اور پوجا میں شرکت کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس ایس پی) ڈاکٹر جی وی سندیپ چکرورتی نے کہا کہ کارتک پورنیما جیسے مقدس موقع پر ڈی جی پی کے ہمراہ درگیشوری مندر آ کر عبادت اور دعا میں شرکت کرنا ان کے لیے باعث مسرت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے مواقع کشمیر کی صدیوں پرانی مذہبی رواداری، باہمی احترام اور بھائی چارے کی روایت کو مزید مضبوط بنانے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ کشمیر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے حوالے سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں ایس ایس پی سریگر نے کہا کہ کشمیر ہمیشہ بھائی چارے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی مثال رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس خوبصورت روایت کو برقرار رکھنا اور اسے ہر صورت قائم رکھنا صرف کسی ایک طبقے کی نہیں بلکہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

**بقیہ نمبر 10**

کافی افرادی قوت کو یقینی بنائیں، ہنگامی خدمات کو مکمل طور پر فعال رکھیں اور خاص طور پر کمزور مریضوں کے لیے قابل اعتماد بجلی انتظامات کریں۔

**بقیہ نمبر 11**

کر دی ہے۔ محکمہ نے معاملے کی تحقیقات بھی شروع کی ہیں، تاکہ پنیر کی نقل و حمل کے حالات اور مبینہ خلاف ورزیوں کے ذمہ دار افراد کی نشاندہی کی جا سکے۔ ایف ڈی اے نے غذائی کاروبار سے وابستہ افراد کو خبردار کیا ہے کہ پنیر، گوشت اور مچھلی سمیت تمام جلد خراب ہونے والی اشیا کی نقل و حمل، ذخیرہ اندوزی اور رکھ رکھاؤ مقررہ درجہ؟ حرارت کے تحت کیا جائے اور لیبلنگ کے لازمی ضوابط پر سختی سے عمل کیا جائے۔

**بقیہ نمبر 12**

دیں گے۔ وہیں، جے این ایف مانک شاہ ٹیتل میں ونگ کمانڈر سریندر سوڈھی (ریٹائرڈ) اور کرنل کے این راؤ (ریٹائرڈ) اپنے خیالات پیش کریں گے۔ اس سال کانفرنس میں خلابازونگ کمانڈر راکیش شرما (ریٹائرڈ) کے اعزاز میں 'کاسموناٹ راکیش شرما خطبہ' سلسلہ شروع کیا جائے گا۔ اس سلسلے کا پہلا خطبہ اسکاٹی روٹ ایرو اسپیس کے چیف ایگزیکٹو افسر پون کمار چندنا دیں گے۔

**بقیہ نمبر 13**

ہمدردی اور عالمگیر بھائی چارے کی اَقدار کو قائم رکھتے ہوئے سب کی فلاح و بہبود کے لئے کوشاں رہیں۔

**بقیہ نمبر 14**

جموں و کشمیر میں بجلی کے متعدد منصوبے دریاؤں اور ندی نالوں کے قدرتی بہاؤ پر انحصار کرتے ہیں۔ پانی کی آمد میں مسلسل کمی کی صورت میں بجلی کی پیداوار مزید گھٹ سکتی ہے، جس سے پہلے ہی دباؤ کا شکار بجلی کے شعبے کے مسائل میں اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ موجودہ صورتحال کے پیش نظر متعلقہ انتظامیہ اور محکموں کے لیے ضروری ہے کہ وہ ممکنہ آبی قلت سے نمٹنے کے لیے ہنگامی اقدامات کریں۔ ایسے علاقوں کی نشاندہی کی جانی چاہیے جہاں لوگ پینے کے پانی کے لیے قدرتی چشموں اور چھوٹے ندی نالوں پر انحصار کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ دریاؤں اور دیگر آبی ذرائع میں پانی کی سطح اور بہاؤ کی مسلسل نگرانی، متبادل ذرائع سے پانی کی فراہمی اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے منصوبہ بندی بھی ضروری ہے۔ عوام سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ پانی کا استعمال احتیاط سے کریں اور اسے غیر ضروری طور پر ضائع کرنے سے گریز کریں۔

# باقیات: صفحہ دوم سے آگے

بقیہ 1

کہ 354.23 لاکھ روپے کی مختص لاگت سے تعمیر کیے جانے والے گرلز ہاسٹل کی زمینی اور پہلی منزل پر چنائی کا کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ پلستر کا کام جاری ہے۔ اسی طرح 59.11 لاکھ روپے کی مختص لاگت سے تعمیر ہونے والے یونیورسٹی کے نئے مرکزی دروازے کا بالائی ڈھانچہ مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ باقی کام جاری ہیں۔ تعمیراتی ایجنسیوں کو کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی مرحلے پر معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے یونیورسٹی کی نئی عمارتوں میں چھتوں پر شمسی توانائی کے پلانٹ نصب کرنے پر بھی زور دیا تاکہ قابلِ تجدید توانائی کو فروغ ملے، توانائی کی کارکردگی بہتر ہو اور روایتی ذرائع سے بجلی پر انحصار کم کیا جا سکے۔ بعد ازاں چیف سیکریٹری نے یونیورسٹی کے آئی ٹی ہال میں طلبہ، فیکلٹی ممبران اور یونیورسٹی کے عہدیداروں سے بات چیت کی۔ اس موقع پر پی جی ایس پی یو کے وائس چانسلر پروفیسر جاوید اقبال، ڈپٹی کمشنر راجوری ڈاکٹر دیوانش یادو، ڈی آئی جی سندیپ وزیر، اے ڈی ڈی سی ملک زادہ شیراز الحق، رجسٹرار، اے ڈی سی روی سہگ، ایس ایس پی نریش سنگھ، ڈین اکیڈمکس اور دیگر سینئر افسران موجود تھے۔ ابتدا میں رجسٹرار نے یونیورسٹی کا تعارف پیش کرتے ہوئے طلبہ کے داخلوں، تعلیمی پروگراموں، پیش کیے جانے والے کورسز اور ادارے کے مجموعی امور کے بارے میں تفصیلات فراہم کیں۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر یادو نے اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں یونیورسٹی کی خدمات کو سراہا اور انتظامیہ، فیکلٹی اور طلبہ پر زور دیا کہ وہ ادارے کو تعلیمی معیار کی نئی بلندیوں تک پہنچانے کے لیے مشترکہ طور پر کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کے لیے دس سالہ واضح وژن مرتب کیا جانا چاہیے، جس میں متعین اہداف، قابلِ پیمائش مقاصد اور تمام متعلقہ فریقوں کی شمولیت پر مبنی جامع عملی منصوبہ شامل ہو۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ تعلیمی پروگرام اور ڈگریاں روزگار کے مواقع، ہنرمندی کی ترقی اور ملازمتوں کی منڈی میں ابھرتے ہوئے امکانات سے ہم آہنگ ہونی چاہئیں۔ طلبہ کو مسلسل سیکھنے کی ترغیب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہیں مقررہ نصاب سے آگے بڑھ کر بھی علم اور ہنر حاصل کرنا چاہیے تاکہ وہ قابل، پراعتماد اور ذمہ دار شہری بن سکیں۔ صحت اور بجلی کے بنیادی ڈھانچے کا معائنہ چیف سیکریٹری نے راجوری میں 180 بستروں پر مشتمل ٹیچنگ ڈسٹرکٹ اسپتال کی عمارت کا بھی معائنہ کیا، جس کا اصل منصوبے کے تحت تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے۔ انہوں نے اضافی پانچ کروڑ روپے کی منظور شدہ لاگت سے جاری مزید سول، الیکٹریکل اور مکینیکل کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہیں بتایا گیا کہ سول تعمیراتی کام مکمل ہو چکے ہیں، بجلی سے متعلق کام آخری مراحل میں ہیں اور لفٹوں کی تنصیب بھی مکمل کر لی گئی ہے، جبکہ آگ بجھانے کے نظام کا کام جاری ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو باقی ماندہ کام جلد مکمل کرنے اور اسپتال کو فوری طور پر فعال بنانے کے لیے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی تاکہ ضلع کے لوگوں کو بہتر طبی سہولیات سے فائدہ پہنچ سکے۔ انہوں نے گورنمنٹ میڈیکل کالج (جی ایم سی) راجوری میں زیرِ تعمیر 6.3 ایم وی اے کے مخصوص ریسیونگ اسٹیشن کا بھی دورہ کیا۔ اس منصوبے کا کام 2.89 کروڑ روپے کی لاگت سے الاٹ کیا گیا ہے اور اسے ایس ٹی ڈی ڈویژن۔IV کالاکوٹ کے ذریعے انجام دیا جا رہا ہے۔ منصوبے کی تکمیل مارچ 2027 تک مقرر کی گئی ہے۔ معائنے کے دوران انہیں بتایا گیا کہ عمارت کی زیریں منزل کا تقریباً 90 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ ایس بی اے کوارٹرز میں 35 فیصد پیش رفت ہوئی ہے۔ پاور ٹرانسفارمر اور متعلقہ الحاقات کے لیے بنیادیں بھی تیار کر لی گئی ہیں اور سامان کا معائنہ مکمل ہو چکا ہے۔ چیف سیکریٹری نے کہا کہ مخصوص ریسیونگ اسٹیشن کے فعال ہونے سے جی ایم سی راجوری کے بجلی کے بنیادی ڈھانچے کو نمایاں تقویت ملے گی اور بجلی کی فراہمی کے معیار اور بھروسے میں بہتری آئے گی، جو بلا رکاوٹ طبی خدمات کے لیے انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ سیلاب سے متاثرہ بنیادی ڈھانچے اور رابطہ سڑکوں کے منصوبوں کا جائزہ بحالیہ طغیانی سے عوامی بنیادی ڈھانچے کو پہنچنے والے نقصان کا جائزہ لیتے ہوئے چیف سیکریٹری نے بیلا بس اسٹینڈ کا دورہ کیا، جو سیلابی ریلے میں بہہ گیا تھا۔ انہوں نے اس کی بحالی کے لیے درکار اقدامات کا جائزہ لیا اور عوامی مفاد میں مناسب بازآبادکاری کے اقدامات اور سہولت کی جلد بحالی پر زور دیا۔ اینڈرولا پل کے مقام پر انہوں نے کام کرنے والی ایجنسی کو ہدایت دی کہ باقی ماندہ کام جلد مکمل کیا جائے تاکہ رابطہ بحال کرنے میں تاخیر نہ ہو اور مقامی آبادی کی آمد و رفت آسان بنائی جا سکے۔ تاریخی چنکس سرائے کے تحفظ پر زور تاریخی چنکس سرائے کے دورے کے دوران، جو ایک اہم ورثہ جاتی مقام ہے اور ماضی میں مغل حکمران کشمیر کے اپنے سالانہ سفر کے دوران اسے پڑاؤ کے طور پر استعمال کرتے تھے، چیف سیکریٹری نے اس کی بحالی اور تحفظ کے مجوزہ منصوبے کا جائزہ لیا۔ اس منصوبے پر 175.75 لاکھ روپے خرچ ہونے کا تخمینہ ہے۔ انہیں بتایا گیا کہ بحالی کے کام میں چونے کے پتھر کا استعمال کیا جائے گا۔ مقام کی تاریخی اور تعمیراتی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ بحالی کا کام اس کے اصل طرزِ تعمیر کے عین مطابق انجام دیا جائے تاکہ موجودہ ڈھانچے اور اس کی تاریخی اہمیت کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے۔ شہید ڈاکٹر راج کمار تھاپا کو خراجِ عقیدت تحقیق سیکریٹری نے ڈاکٹر راج کمار تھاپا میموریل، میوزیم اور لائبریری کا بھی دورہ کیا، جو سرکاری رہائشی کوارٹر میں قائم ہے۔ ڈاکٹر تھاپا نے آپریشن سندور کے دوران اپنے سرکاری فرائض انجام دیتے ہوئے اسی مقام پر جامِ شہادت نوش کیا تھا۔ چیف سیکریٹری نے شہید کو پھول نذر کر کے خراجِ عقیدت پیش کیا اور فرض کی ادائیگی کے دوران ان کی عظیم قربانی کو یاد کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر تھاپا کی جرات، لگن اور عوامی خدمت کے لیے ان کا عزم آنے والی نسلوں کے لیے ہمیشہ مشعلِ راہ رہے گا۔ یادگاری کمپلیکس کے اندر قائم لائبریری کا معائنہ کرتے ہوئے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہاں آنے والے بچوں کے لیے مختلف موضوعات پر ان کی عمر کے مطابق کتابوں کی دستیابی یقینی بنائی جائے تاکہ یہ جگہ مطالعے، سیکھنے اور علم کے حصول کا ایک بامقصد مرکز بن سکے۔ دورے کے دوران چیف سیکریٹری نے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، معیار کے مقررہ اصولوں پر سختی سے عمل درآمد، عوامی اثاثوں کے مؤثر استعمال اور متعلقہ محکموں و تعمیراتی ایجنسیوں کی جانب سے قریبی نگرانی کی اہمیت پر زور دیا۔ چیف سیکریٹری کا یہ تفصیلی دورہ جموں و کشمیر میں متوازن ترقی کو یقینی بنانے اور زمینی سطح پر منصوبوں کی نگرانی مضبوط کرنے کے ان کے عزم کا عکاس ہے۔ اس سلسلے میں معیاری بنیادی ڈھانچے، بہتر عوامی خدمات، نوجوانوں کو بااختیار بنانے، رابطہ سہولیات میں بہتری اور مرکز کے مختلف علاقوں کے بھرپور ثقافتی و تاریخی ورثے کے تحفظ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

بقیہ 2

نارائن، این اسپیس کے چیئرمین ڈاکٹر پون کمار گوئنکا، انڈین اسپیس ایسوسی ایشن کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل انیل کمار بھٹ (ریٹائرڈ) اور ارون ٹی رام چندانی سمیت خلائی صنعت اور ٹیکنالوجی کے شعبے سے وابستہ دیگر اہم نمائندے بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ نیو اسپیس انڈیا لمیٹڈ (این ایس آئی ایل) کا قیام، اس کے بعد این اسپیس کی تشکیل اور خلائی شعبے کو نجی کمپنیوں کی شمولیت کے لیے کھولنا، بھارت کے خلائی سفر میں فیصلہ کن تبدیلی کے اہم مراحل تھے۔ انہوں نے ان اصلاحات کو گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران پالیسی سطح کے نمایاں ترین اقدامات میں شمار کرتے ہوئے کہا کہ ان کے ذریعے روایتی نظام میں تبدیلی آئی اور نجی اداروں کو ایسے شعبے میں کام کرنے کا موقع ملا جو طویل عرصے تک زیادہ تر سرکاری دائرہ کار میں محدود رہا تھا۔ بھارتی خلائی اسٹارٹ اَپس کی پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے وزیر نے اسکائی روٹ کی جانب سے 18 جولائی 2026 کو اپنے پہلے لانچ وہیکل کی پرواز، متعدد مشنوں کے لیے لانچ معاہدے اور یونیکورن کا درجہ حاصل کرنے کو اہم سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے اگنیکل اور دیگر کمپنیوں کا بھی حوالہ دیا جو جدید نظامِ حرکت، نجی طور پر تیار کردہ راکٹ انجن، زمین کے مشاہدے کی ٹیکنالوجی اور سیٹلائٹ اپمنگ کی صلاحیتوں پر کام کر رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ دیگر صنعتی شعبوں کی کمپنیوں کی بڑھتی ہوئی شمولیت بھی ان اصلاحات سے پیدا ہونے والے تجارتی مواقع کی عکاسی کرتی ہے۔

بقیہ 3

مندروں کی سہولت کیلئے گوردوارہ چھٹی پادشاہی میں مختلف متعلقہ محکموں کے ذریعے چوبیس گھنٹے تمام ضروری انتظامات کیے تھے۔ اس موقع پر آئی اے ایس پروبیشنر آکاش گرگ، ایس پی نارتھ، تحصیلدار خانیار اور دیگر افسران بھی ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 4

کامیابیاں حاصل کر سکیں۔ انہوں نے سرکاری اسکولوں کے طلبہ کی بڑھتی ہوئی کامیابیوں کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ یہ طلبہ مختلف امتحانات میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے امتیازی پوزیشنیں حاصل کر رہے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے شیر کشمیر شیخ محمد عبداللہ اور مادر مہربان بیگم اکبر جہاں کی تعلیمی خدمات کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان عظیم رہنماؤں نے جموں و کشمیر میں تعلیمی مواقع کو وسعت دینے اور تعلیمی نظام کی بنیادیں مضبوط کرنے میں تاریخی کردار ادا کیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ موجودہ حکومت ان کے وژن کو آگے بڑھانے اور مسلسل اصلاحات و جدید کاری کے ذریعے تعلیمی نظام کو مزید مستحکم بنانے کے لئے پُرعزم ہے۔ ایم ایل اے بیروہ ڈاکٹر شیخ احمد وانی نے بھی تقریب سے خطاب کیا اور عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت کی جانب سے جموں و کشمیر کے مختلف شعبوں میں اٹھائے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صحت، تعلیم اور سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے سمیت تمام شعبوں کو مضبوط بنانے کے لئے کام کر رہی ہے، جبکہ عوام کو بہتر سرکاری خدمات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے بروقت ازالے کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر تقریباً 200 بچوں نے سرکاری اسکولوں میں داخلہ لیا، جو سرکاری تعلیمی نظام پر عوام کے بڑھتے ہوئے اعتماد اور معیاری تعلیم کو ہر بچے تک پہنچانے کے لئے عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت کی مسلسل کوششوں کا عکاس ہے۔

بقیہ 5

عوامی رابطے کی سرگرمیاں انجام دے رہی ہے، جبکہ تعلیمی پروگرام ''ایجوکیٹ، انگیج اینڈ کوانگیزسٹ'' یعنی تعلیم، شمولیت اور بقائے باہمی کے موضوع پر مبنی ہیں۔ صلاحیت سازی کے پروگراموں میں جنگلی حیات کی نگرانی، انسانوں اور جنگلی جانوروں کے درمیان تصادم کے انتظام اور اس کے تدارک پر توجہ دی جاتی ہے۔ ان سرگرمیوں کے ذریعے متعلقہ فریقوں کو سائنسی طریقوں اور آلات سے آگاہ کیا جاتا ہے اور بتایا جاتا ہے کہ میدانی سطح پر حاصل ہونے والی معلومات کس طرح جنگلی حیات کے تحفظ سے متعلق فیصلوں میں معاون ثابت ہو سکتی ہیں۔ وائلڈ لائف ایس اوایس کی شریک بانی اور سیکریٹری گیتا سیشامانی نے محکمہ تحفظِ جنگلی حیات جموں و کشمیر کے مسلسل تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ تیندووں اور ہمالیائی کالے ریچھوں کے بارے میں مقامی آبادی کی سمجھ بوجھ بہتر بنانے اور انسانوں و جنگلی جانوروں کے درمیان تصادم کی صورت میں ذمہ دارانہ ردِعمل کی حوصلہ افزائی کے لیے مقامی برادریوں کے ساتھ رابطہ اور شمولیت انتہائی ضروری ہے۔ وائلڈ لائف ایس او ایس کی جموں و کشمیر پروگرام سربراہ عالیہ میر نے کہا کہ تحفظِ جنگلی حیات کی کوششیں صرف جانوروں کو بچانے اور ان کی نگرانی تک محدود نہیں رہنی چاہئیں بلکہ لوگوں کو اس جنگلی حیات کے بارے میں بھی آگاہ کرنا ضروری ہے جو ان کے آس پاس کے ماحول میں موجود ہے۔ تنظیم کے مطابق، ان پروگراموں کا مقصد مقامی آبادی کے ساتھ رابطے کو مضبوط بنانا، جنگلی جانوروں سے سامنا ہونے کی صورت میں باخبر اور ذمہ دارانہ ردِعمل کو فروغ دینا اور انسانوں و جانوروں دونوں کے لیے خطرات کم کرنا ہے۔

بقیہ 6

دیوجی نے ہر انسان کے وقار اور احترام کی وکالت کی، امتیازی سلوک کو مسترد کیا اور ذات، عقیدے اور مذہب سے بالاتر ہو کر عالمی بھائی چارے کا پیغام دیا۔ 'اک اونکار' اور 'نام جپو، کرت کرو، ونڈ چھکو' کے اصولوں کا حوالہ دیتے ہوئے مقررہ نے کہا کہ یہ تعلیمات لوگوں کو دیانت داری، محنت اور دوسروں کے ساتھ مل بانٹ کر زندگی گزارنے کی ترغیب دیتی ہیں۔ انہوں نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی، باہمی احترام اور اتحاد کو مضبوط بنانے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدار بھارت کی مشترکہ تہذیب کی بنیاد ہیں۔ طارق قمرہ نے امید ظاہر کی کہ یہ مبارک موقع لوگوں کو گرو نانک دیو جی کی تعلیمات پر عمل کرنے اور مساوات و ہمدردی پر مبنی معاشرے کی تشکیل کے لیے کام کرنے کی ترغیب دے گا۔ جے کے پی سی سی کے ورکنگ صدر رمن بھلا نے بھی جموں و کشمیر کے عوام، بالخصوص سکھ برادری کو گرو پورب کی مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ یہ موقع فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کو مزید مضبوط بنانے کا ذریعہ ثابت ہوگا۔ طارق قمرہ کے ہمراہ آنے والوں میں امولک سنگھ، ترنجیت سنگھ ٹونی، گورچرن سنگھ گبن سنگھ، اقبال ڈار، کپل سنگھ، ایچ ایس مہتا، راج ویر سنگھ، پروین سنگھ، ویریندر مانہاس، وجینت پٹھانیا، سوہت شرما، رام گوترا اور دیپو شامل تھے۔

بقیہ 7

محمد رمضان نے اپنے خراجِ عقیدت کے پیغام میں کہا کہ خواجہ صاحب نے غریب لوگوں کے حالات کو اپنے روزنامہ میں اشاعت کر کے اُن کا ازالہ کرانے میں بھی کلیدی رول ادا کیا۔

بقیہ 8

سے انجام پائیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر، تحصیلدار مٹن، بلاک میڈیکل آفیسر مٹن اور دیگر متعلقہ افسران بھی ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 9

بھی یقینی بنائی جانی چاہیے۔ ان سوالات کو اٹھانا نہ تو یاترا میں مداخلت ہے اور نہ ہی سیاست۔ بارڈر روڈز آرگنائزیشن (بی آر او) کا کہنا ہے کہ کام موجودہ راستوں تک محدود ہے اور نئے راستے تعمیر کرنے سے متعلق دعوے درست نہیں ہیں۔ تنظیم کے مطابق راستوں کو چوڑا کیا جا رہا ہے تاکہ بھیڑ کم ہو اور آمد و رفت مزید محفوظ بنائی جا سکے۔ اس کا دعویٰ ہے کہ ماحولیاتی تحفظ کے اقدامات پر عمل کیا جا رہا ہے، قدرتی آبی نکاسی کے نظام کو محفوظ رکھا جا رہا ہے اور کھدائی سے نکلنے والے ملبے کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگایا جا رہا ہے۔ تاہم سوال یہ ہے کہ اگر کام صرف موجودہ راستے پر ہو رہا ہے تو بھاری مشینوں کی ضرورت کیوں پیش آ رہی ہے؟ اس کام کو خانہ بل۔ باٹل شاہراہ، این ایچ۔501 سے الگ کر کے نہیں دیکھا جا سکتا۔ نی

# سپورٹس ٹائمز

Sports Times




## سوریہ ونشی نے لسٹ اے کرکٹ میں تاریخ رقم کردی

دوحہ، 24 نومبر (یو این آئی) نوجوان بلے باز ویبھو سوریہ ونشی نے منگل کو متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے خلاف ہندوستان اے کی جانب سے کھیلتے ہوئے شاندار اور جارحانہ اننگز کھیلی۔ انہوں نے صرف 53 گیندوں پر 204 رن بنائے، جس میں عالمی ریکارڈ کے ساتھ لگائے گئے 28 چھکے بھی شامل تھے۔ اس اننگز کے ساتھ ہی انہوں نے لسٹ اے کرکٹ کی ریکارڈ بک میں اپنا نام درج کرالیا۔ 15 سالہ بائیں ہاتھ کے بلے باز نے لسٹ اے کرکٹ میں تیز ترین سنچری اور ڈبل سنچری بنانے کا ریکارڈ قائم کیا۔ اپنی دھواں دھار پاور ہٹنگ سے انہوں نے حریف ٹیم کی گیندبازی کو مکمل طور پر بے اثر کردیا۔ سوریہ ونشی نے محض 28 گیندوں میں سنچری اور 52 گیندوں میں ڈبل سنچری مکمل کی۔ اس طرح انہوں نے 2023 میں کرائسٹ چرچ میں اوٹاگو کے خلاف کینٹربری کے چیڈ بووس کے 103 گیندوں میں ڈبل سنچری بنانے کے سابقہ ریکارڈ کو توڑ دیا۔ اس سے پہلے 2022 میں بنگلورو میں اروناچل پردیش کے خلاف تمل ناڈو کے این جگدیشن نے 114 گیندوں میں یہ کارنامہ انجام دیا تھا، جبکہ انگلینڈ کے ہیری بروک نے بھی 2026 میں راولپنڈی میں سری لنکا کے خلاف 114 گیندوں میں ڈبل سنچری بنائی تھی۔ اس نوجوان بلے باز کے 28 چھکے بھی غیر معمولی رہے، جو کسی بھی پیشہ ورانہ کرکٹ میچ کی ایک اننگز میں سب سے زیادہ چھکے لگانے کا نیا ریکارڈ ہے۔ انہوں نے 2023 میں رنجی ٹرافی میچ کے دوران اروناچل پردیش کے خلاف حیدرآباد کی جانب سے تنمے اگروال کے لگائے گئے 26 چھکوں کا سابقہ ریکارڈ توڑ دیا۔ 2015 میں پلنکٹ شیلڈ میں آکل جنڈ کی جانب سے سینٹرل ڈسٹرکٹس کے خلاف کھیلتے ہوئے کولن منرو اور 2018 میں ون ڈے کپ میں ویسٹرن آسٹریلیا کی جانب سے کوئنز لینڈ کے خلاف کھیلتے ہوئے ڈارسی شارٹ نے اپنی اپنی اننگز میں 23-23 چھکے لگائے تھے۔ یہ ایسی اننگز تھی جس میں گیند مسلسل باؤنڈری کے پار جاتی رہی۔ سوریہ ونشی نے اپنی اننگز میں سات چوکے اور 28 چھکے لگائے اور ان کا اسٹرائیک ریٹ تقریباً 385 رہا۔ تاریخ اس وقت رقم ہوئی جب انہوں نے ابرار احمد کی ایک گیند کو سیدھا گیندباز کے سر کے اوپر سے باؤنڈری کے پار پہنچا کر اپنی سنچری مکمل کی۔ انہوں نے ہیلمٹ اتارا، بلا بلند کیا اور ناظرین کی تالیوں کا جواب دیا، جبکہ ہندوستان اے کے ڈریسنگ روم میں موجود تمام کھلاڑی ان کے احترام میں کھڑے ہوگئے۔



## سوریہ ونشی نے تباہی مچادی: تلک

دوحہ، 24 نومبر (یو این آئی) ہندوستان اے کے کپتان تلک ورما نے ویبھو سوریہ ونشی کی طوفانی بلے بازی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کارکردگی بیان کرنے کے لیے الفاظ نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا: "میں بس اتنا کہوں گا کہ انہوں نے تباہی مچادی۔ جس انداز میں انہوں نے بلے بازی کی، مجھے لگتا ہے کہ پہلے پانچ اوور میں ہی میچ کا فیصلہ ہوگیا تھا۔" تلک نے میچ کے بعد کہا: "پانچ اوور میں ہمارا اسکور 100 رن تھا اور اس کے بعد انہوں نے جس طرح بلے بازی جاری رکھی، اسے دیکھنا شاندار تھا۔" ہندوستانی ڈگ آؤٹ کے ردعمل کے بارے میں تلک نے کہا: "سچ کہوں تو اس میں کچھ خاص نہیں تھا۔ سب جانتے ہیں کہ وہ کتنے شاندار چھکے لگا سکتے ہیں۔ جب وہ اس طرح کھیل رہے تھے تو ہر کوئی بس یہی کہہ رہا تھا، 'مارو، مارو، مارو۔' بس یہی ماحول تھا۔ ہر کوئی کھیل کا لطف اٹھا رہا تھا اور انہیں دیکھ رہا تھا۔ یہاں تک کہ جب گیند چوکے کے لیے گئی تو کسی نے اس پر زیادہ توجہ نہیں دی۔ سب یہی پوچھ رہے تھے کہ چھکا لگایا نہیں؟ یہ ایک بہت شاندار اننگز تھی، دیکھنے میں لاجواب اور اب تک کی بہترین اننگز میں سے ایک۔"

## گوکیش کا سیاہ مہروں کے ساتھ میچ



جنیوا، 24 نومبر (یو این آئی) ہندوستان کے دفاعی چیمپئن ڈی گوکیش عالمی شطرنج چیمپئن شپ کے اپنے پہلے مقابلے میں سیاہ مہروں کے ساتھ کھیل کا آغاز کریں گے۔ منگل کو ان کا مقابلہ ازبکستان کے جاوکھیر سنداروف سے ہوگا۔ اتوار کو جنیوا کے 'پیلس ڈیس نیشنز' میں افتتاحی تقریب منعقد کی گئی۔ اس دوران دفاعی چیمپئن نے سوئٹزرلینڈ کی دو بڑی گھڑیوں میں سے ایک کو کھولا، جس کے اندر ڈارک چاکلیٹ سے بنا ایک نائٹ (گھوڑا) رکھا ہوا تھا۔ ان کے اس گھوڑے کو منتخب کرنے کا مطلب یہ تھا کہ ان کے حریف کو پہلے مقابلے میں سفید مہرے ملیں گے۔ یہ مقابلہ سوئٹزرلینڈ کے کولوگنی میں واقع 'فاؤنڈیشن مارٹن بوڈمر' میں کھیلا جائے گا۔

## ڈونلڈ اور سالٹ کی طوفانی اننگز، انگلینڈ نے آسٹریلیا کو 8 وکٹ سے ہرایا



کارارا، 24 نومبر (یو این آئی) اینیورین ڈونلڈ کی 32 گیندوں پر 85 رن کی طوفانی اننگز اور فل سالٹ کے 30 گیندوں پر 58 رن کی بدولت انگلینڈ نے منگل کو کارارا اوول میں کھیلے گئے دوسرے ٹی 20 میچ میں آسٹریلیا کو 8 وکٹ سے شکست دے دی۔ انگلینڈ نے 185 رن کا ہدف محض 13.1 اوور میں دو وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا اور پانچ میچوں کی سیریز 1-1 سے برابر کردی۔ ڈونلڈ نے ابتدا ہی سے جارحانہ انداز اختیار کیا اور صرف 18 گیندوں میں نصف سنچری مکمل کرلی۔ یہ مردوں کے ٹی 20 کرکٹ میں کسی انگلش بلے باز کی جانب سے مشترکہ طور پر تیسری تیز ترین نصف سنچری ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے ابتدائی دو اوور میں صرف 11 رن بنے تھے، جس کے بعد ڈونلڈ نے جیک ایڈورڈز کے خلاف جارحانہ رخ اپناتے ہوئے ایک چوکا اور دو چھکے لگائے۔ پانچویں اوور میں انہوں نے مکمل چودھری کی گیندوں پر دو چھکے اور دو چوکے لگا کر مجموعی طور پر 26 رن بٹورے۔ انہوں نے اپنی اننگز میں آٹھ چوکے اور چھ چھکے لگائے، جبکہ ان کے سلگ سویپ شاٹس خاصے مؤثر ثابت ہوئے۔ فل سالٹ نے بھی ان کا بھرپور ساتھ دیا۔ انہوں نے آٹھویں اوور میں جوئل ڈیوس کے خلاف 31 رن بنائے، جس سے انگلینڈ کا اسکور 121 رن تک پہنچ گیا اور ٹیم فتح کے قریب ہوگئی۔ سالٹ نے بھی محض 24 گیندوں میں نصف سنچری مکمل کی۔ دونوں اوپنروں نے 10 اوور میں 151 رن کی شراکت قائم کی۔ دونوں اوپنروں کے آؤٹ ہونے سے پہلے ہی اس شراکت نے میچ کو آسٹریلیا کی گرفت سے پوری طرح باہر کردیا تھا۔ ڈونلڈ 85 رن بنا کر آؤٹ ہوئے، جبکہ سالٹ 58 رن کے اسکور پر بین ڈوارشوئس کی گیند پر کیچ اینڈ بولڈ ہوئے۔ اس وقت انگلینڈ کو جیت کے لیے صرف 33 رن درکار تھے اور آسٹریلیا کے پاس واپسی کا کوئی موقع باقی نہیں بچا تھا۔ ہیری بروک اور ٹام بینٹن نے آسانی سے باقی ہدف پورا کرلیا۔ بینٹن نے صرف سات گیندوں پر دو چھکوں کی مدد سے ناٹ آؤٹ 20 رن بنائے اور مکمل چودھری کی گیند پر ڈیپ مڈ وکٹ کے اوپر سے چھکا لگا کر ٹیم کو فتح دلائی۔ اس سے پہلے آسٹریلیا نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے خراب شروعات سے سنبھل کر 20 اوور میں آٹھ وکٹ پر 184 رن بنائے۔ انگلینڈ کے گیندبازوں نے ابتدا ہی سے دباؤ بنایا اور پاور پلے کے اندر ہی میزبان ٹیم کا اسکور چار وکٹ پر 58 رن کردیا۔ عادل رشید نے درمیانی اوورز میں عمدہ گیندبازی کرتے ہوئے چار اوور میں صرف 29 رن دیے اور لاچلان شاکی وکٹ حاصل کی۔ دو رات پہلے پلیئر آف دی میچ بننے والے مکمل چودھری نے اس بار 35 گیندوں پر 45 رن بنائے۔ انہوں نے جوئل ڈیوس کے ساتھ 49 رن کی شراکت قائم کی، جنہوں نے 25 گیندوں پر 39 رن بنائے۔ جیک ایڈورڈز نے آٹھ گیندوں پر تیزی سے 18 رن جوڑے، تاہم آخر میں بین ڈوارشوئس نے آسٹریلیا کو مضبوط اسکور تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔

## ڈیاگو سیمیون لالیگا کے نام بڑا اعلان



میڈرڈ، 24 نومبر (یو این آئی): اٹلیٹیکو میڈرڈ کے معروف ارجنٹائنی کوچ ڈیاگو سیمیون نے اسپینش فٹبال لیگ لالیگا میں سب سے زیادہ میچز جیتنے والے منیجر کا اعزاز اپنے نام کرلیا ہے۔ اتوار کو گیٹافے کے خلاف اٹلیٹیکو میڈرڈ کی 3-0 سے کامیابی کے بعد لالیگا میں سیمیون کی بطور کوچ فتوحات کی تعداد 345 ہوگئی۔ اس طرح انہوں نے اٹلیٹیکو میڈرڈ کے سابق کوچ لوئس آراگونس کا 344 فتوحات کا ریکارڈ توڑ دیا۔ کلب کے مطابق 56 سالہ سیمیون نے یہ سنگ میل آراگونس کے مقابلے میں 189 کم میچز کھیل کر عبور کیا۔ انہوں نے دسمبر 2011 میں اٹلیٹیکو میڈرڈ کی کوچنگ کی ذمہ داریاں سنبھالی تھیں اور اس دوران ٹیم کو متعدد بڑی کامیابیاں دلائیں۔ ریکارڈ قائم کرنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے سیمیون نے کہا کہ اس کامیابی کے پیچھے انتہائی محنت اور لگن شامل ہے۔ دفاعی کھیل سے متعلق تنقید کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صرف دفاع کرکے 345 میچز جیتنا ممکن نہیں ہے۔ سیمیون کی قیادت میں اٹلیٹیکو میڈرڈ اب تک 8 ٹرافیاں جیت چکا ہے، جن میں دو لالیگا اور دو یوروپا لیگ ٹائٹلز شامل ہیں۔ ان کی کوچنگ میں کلب نے بارسلونا اور ریال میڈرڈ کی بالادستی کے باوجود نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔

## بنگال نے اترپردیش کو 93 رن سے روندا



ممبئی، 24 نومبر (یو این آئی) ممبئی میں کرن لال کی 29 گیندوں پر ناٹ آؤٹ 82 رن کی شاندار اننگز کی بدولت بنگال نے منگل کو اترپردیش کے خلاف 93 رن سے بڑی جیت درج کی۔ 15-15 اوور کے اس میچ میں کرن لال اور ابھیشیک پورل (39 گیندوں پر 69 رن) نے بہترین بلے بازی کرتے ہوئے بنگال کو 201 رن کے اسکور تک پہنچایا۔ اس دوران بھونیشور کمار، کلدیپ یادو اور دیویانش جوشی کافی مہنگے ثابت ہوئے۔ ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے اترپردیش کی ٹیم کبھی بھی اپنی لے حاصل نہیں کرسکی اور 7 وکٹوں کے نقصان پر 108 رن ہی بنا سکی۔ موہالی میں محمد اظہرالدین اور روہن کنول کی تیز رفتار نصف سنچریوں کی بدولت کیرالہ نے آسام کو 9 وکٹوں سے ہرا دیا۔ آف اسپنر ویشاکھ چندرن نے شاندار گیند بازی کرتے ہوئے 20 رن دے کر 3 وکٹ حاصل کیے، جس کے نتیجے میں آسام کی ٹیم 5 وکٹوں کے نقصان پر 165 رن ہی بنا سکی۔ اس کے بعد اظہرالدین نے 37 گیندوں پر ناٹ آؤٹ 93 رن کی دھواں دھار اننگز کھیلی۔ انہوں نے کنول کے ساتھ مل کر محض 8.1 اوور میں 123 رن کی شراکت داری کی۔ گوا نے 6 وکٹوں کے نقصان پر 196 رن کا مضبوط اسکور بنایا، لیکن امان دیپ کھرے کے 116 رن کی بدولت چھتیس گڑھ نے آخری اوور میں 4 وکٹوں سے سنسنی خیز جیت حاصل کرلی۔

## راؤنڈ گلاس ہاکی اکیڈمی کی مسلسل چوتھی جیت



موہالی، 24 نومبر (یو این آئی) پنجاب ہاکی لیگ سیزن 3 کے چھٹے دن راؤنڈ گلاس ہاکی اکیڈمی نے مسلسل چوتھی کامیابی حاصل کی، جبکہ اوڈیشہ نیول ٹاٹا ہاکی ہائی پرفارمنس سینٹر نے بھی شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے لگاتار تیسری جیت درج کی۔ ٹورنامنٹ یہاں اولمپین بلبیر سنگھ سینئر انٹرنیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلا جارہا ہے۔ راؤنڈ گلاس ہاکی اکیڈمی نے میجر دھیان چند اسپورٹس کالج، سیفٹی کو 8-3 سے شکست دے کر پوائنٹس ٹیبل میں اپنی سرفہرست پوزیشن مزید مستحکم کرلی۔ دن کے آخری میچ میں اوڈیشہ نیول ٹاٹا ہاکی ایچ پی سی نے نیول ٹاٹا ہاکی اکیڈمی، جمشید پور کو 3-1 سے ہرایا۔ دن کے پہلے مقابلے میں سورجیت ہاکی اکیڈمی، جالندھر نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے اسپورٹس ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف تمل ناڈو کو 4-0 سے شکست دی۔ دوسرے میچ میں مقررہ وقت تک مقابلہ 3-3 سے برابر رہنے کے بعد نامدھاری الیون نے شوٹ آؤٹ میں گورنمنٹ ہاکی اکیڈمی، سونی پت کو 5-4 سے شکست دے کر بونس پوائنٹ حاصل کیا۔ چھٹے دن کے اختتام پر راؤنڈ گلاس ہاکی اکیڈمی چار میچوں میں 12 پوائنٹس کے ساتھ ٹیبل میں پہلے مقام پر رہی۔ گھمن ہیرا رائزرز اکیڈمی، نئی دہلی دوسرے، اوڈیشہ نیول ٹاٹا ہاکی ایچ پی سی تیسرے اور نیول ٹاٹا ہاکی اکیڈمی، جمشید پور چوتھے مقام پر ہیں۔ اوڈیشہ اور جمشید پور دونوں کے 9-9 پوائنٹس ہیں، تاہم اوڈیشہ کی ٹیم اب تک صرف تین میچ کھیلی ہے۔

## پروریسلنگ لیگ کا چھٹا سیزن



نئی دہلی، 24 نومبر (یو این آئی) پروریسلنگ لیگ (پی ڈبلیو ایل) نے ہفتہ کو اپنے چھٹے سیزن کے نظرثانی شدہ پروگرام کا اعلان کیا۔ یہ سیزن اب ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا (ڈبلیو ایف آئی) کی نگرانی میں 3 سے 19 جنوری 2027 تک منعقد ہوگا۔ لیگ کی نئی تاریخوں کے ساتھ پی ڈبلیو ایل نے یہ بھی بتایا کہ آئندہ سیزن کے لیے کھلاڑیوں کی نیلامی 30 نومبر 2026 کو ممبئی کے گرینڈ حیات ہوٹل میں ہوگی۔ اس میں چھ فرنچائزز حصہ لیں گی، جو نئے سیزن کے لیے اپنی اپنی ٹیمیں تیار کریں گی۔ لیگ کے پروگرام میں تبدیلی 'یونائیٹڈ ورلڈ ریسلنگ' (یو ڈبلیو ڈبلیو) کے کیلنڈر میں تبدیلی کے باعث کی گئی ہے۔ اس سے لیگ کو بین الاقوامی کشتی کے کیلنڈر کے ساتھ ہم آہنگ رکھنے اور ہندوستان سمیت دنیا بھر کے بہترین پہلوانوں کی شرکت یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔ آئندہ نیلامی میں دنیا بھر کے ممتاز پہلوانوں کی شرکت متوقع ہے، جن میں اولمپک تمغہ یافتگان، عالمی چیمپئن شپ کے میڈلسٹ اور کئی نامور بین الاقوامی و ہندوستانی پہلوان شامل ہوں گے۔

## بمراہ اور ارشدیپ کی جوڑی خطرناک ثابت ہوگی: ابھینو مکند



ممبئی، 24 نومبر (یو این آئی) پانچ بار کی چیمپئن ممبئی انڈینس مضبوط بنیادی ٹیم اور اچھی خاصی رقم کے ساتھ ٹاٹا آئی پی ایل 2027 کی نیلامی میں اتر رہی ہے۔ ٹیم اپنی خامیوں کو دور کرنے اور چھٹی بار خطاب جیتنے کی کوشش کرے گی۔ جیو اسٹار کے 'ٹاٹا آئی پی ایل 2027 ریٹینشن اسپیشل' پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے جیو اسٹار کے ماہرین ابھینو مکند اور عرفان پٹھان نے ٹیم کے گیند بازی کے متبادل کھلاڑیوں پر تبادلہ خیال کیا۔ ابھینو مکند نے ارشدیپ اور بمراہ کی جوڑی کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ مضبوط گیند بازی کا امتزاج تقریباً ہمیشہ ہی ان کی خطاب جیتنے کی مہم کی خاص پہچان رہا ہے۔ جب انہوں نے خطاب جیتا تو اس وقت ملنگا ٹیم میں تھے، پھر ملنگا اور بمراہ ایک ساتھ تھے، اس کے بعد کچھ عرصے تک بمراہ اور میچ میک کلینگن کی جوڑی رہی۔ آپ کے پاس ہمیشہ اہم گیند باز کا ساتھ دینے کے لیے ایک معاون گیند باز موجود ہوتا تھا۔ گزشتہ چند برسوں میں ٹیمیں بمراہ کے خلاف محتاط انداز میں کھیل رہی تھیں۔ وہ انہیں وکٹ نہیں دے رہی تھیں اور ان پر حملہ کرنے کے بجائے دوسرے گیند بازوں کو نشانہ بنا رہی تھیں۔ اب ٹیم میں ارشدیپ کی موجودگی کے بعد ایسا نہیں ہوگا۔ انہیں یہ طے کرنا ہوگا کہ اب درمیان کے اوورز میں کون گیند بازی کرے گا، لیکن یہ گزشتہ سیزن کے مقابلے ایک بہتر معاملہ ہے۔"

## دوحہ میں کھلاڑیوں کا رویہ 'شرمناک' تھا: ہربھجن سنگھ



نئی دہلی، 24 نومبر (یو این آئی) دوحہ میں ایشیا کپ رائزنگ اسٹارز ٹورنامنٹ کے دوران ہندوستان اور پاکستان کے کھلاڑیوں کے درمیان حالیہ تلخ کلامی کو 'شرمناک' قرار دیتے ہوئے ہندوستان کے سابق اسپنر ہربھجن سنگھ نے منگل کو آئی سی سی اور متعلقہ کرکٹ بورڈز سے اس معاملے میں مداخلت کرنے کی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کا رویہ اگلی نسل کے لیے غلط مثال قائم کرتا ہے۔ اتوار کو دوحہ میں پاکستان اے کے ہاتھوں ہندوستان اے کی 48 رن سے شکست کے دوران پیش آنے والے واقعات پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے ہربھجن نے کہا کہ دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے حد پار کردی اور انہیں زیادہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت ہے۔ منگل کو ایچ ایس بی سی گالفنگ لیگ کے آغاز کے موقع پر ہربھجن نے کہا: "آئی سی سی اور متعلقہ بورڈز کو اس معاملے میں مداخلت کرنے کی ضرورت ہے۔ جیت کے بعد پاکستانی اور ہندوستانی کھلاڑیوں کا ردعمل اور جو کچھ ہوا، وہ درست نہیں تھا۔ یہ شرمناک ہے اور اگلی نسل کے لیے ایک غلط مثال ہے۔" داس بائی دو لٹیج مقابلے میں کئی مواقع پر کشیدگی دیکھنے کو ملی، جس کا آغاز پہلی گیند پھینکے جانے سے پہلے ہی ہوگیا تھا۔ حالیہ دنوں کی روایت کے مطابق ہندوستان اے کے کپتان تلک ورما اور پاکستان اے کے کپتان عبدالصمد نے ٹاس کے وقت روایتی مصافحہ نہیں کیا۔ اس کے علاوہ ٹاس کے نتیجے کے اعلان میں الجھن کے باعث کارروائی کچھ دیر کے لیے رکی رہی اور بعد میں پاکستان اے کو فاتح قرار دیا گیا۔ پاکستان اے کی اننگز کے دوران اس وقت کشیدگی مزید بڑھ گئی جب ہندوستانی تیز گیند باز ہرشیت رانا اوپنر شمائل حسین اور معاذ صداقت کے ساتھ تلخ کلامی کرتے نظر آئے۔ آیوش بدونی کی گیند پر حسین کا کیچ لینے کے بعد رانا خاصے پرجوش دکھائی دیے اور انہوں نے بلے باز کو جارحانہ انداز میں میدان سے رخصت کیا۔ روہیل نذیر کو آؤٹ کرنے کے بعد بھی انہوں نے اسی طرح جشن منایا۔ تاہم، معاملہ یہیں ختم نہیں ہوا۔ میچ کے بعد جب رانا صفر پر آؤٹ ہوئے تو پاکستان کے اسپنر سفیان مقیم ہندوستانی تیز گیند باز کے ساتھ لفظی تکرار کرتے دکھائی دیے۔ سفیان کو روکنے کے لیے پاکستان ٹیم کے ایک ساتھی کھلاڑی کو مداخلت کرنا پڑی۔ پاکستان اے نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 49.2 اوور میں 313 رن بنائے اور ہندوستان اے کو 49.1 اوور میں 265 رن پر آؤٹ کرکے 48 رن سے کامیابی حاصل کی۔

# شنگھائی میں کرسٹیانو رونالڈو کا منفرد قسم کا میوزیم کھولا گیا

## چینی سرزمین پر اپنی نوعیت کا یہ پہلا میوزیم ہے، جس میں رونالڈو کو دکھایا گیا



شنگھائی، ۲۳ نومبر (ہ س)۔ پرتگال کے عظیم فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کے لیے وقف میوزیم ۲۱ نومبر کو شنگھائی میں کھولا گیا۔ چینی سرزمین پر اپنی نوعیت کا یہ پہلا میوزیم ہے، جس میں رونالڈو کے فٹبال کیریئر اور کامیابیوں کو پیش کیا گیا ہے۔ سی آر سیون میوزیم شنگھائی نمبر-۱ شاپنگ سینٹر میں تقریباً تین ہزار مربع میٹر کے رقبے پر بنایا گیا ہے۔ میوزیم کے باہر رونالڈو کے مشہور 'سیو' گول جشن کے انداز میں ان کا سات میٹر بلند مجسمہ نصب کیا گیا ہے۔ اسے پرتگالی فٹبالر کا دنیا کا سب سے بلند مکمل قامت مجسمہ بتایا جا رہا ہے۔ میوزیم کے اندر لگائی گئی نمائش میں رونالڈو کے بچپن سے لے کر یورپی اور قومی فٹبال میں سپر اسٹار بننے تک کے سفر کو دکھایا گیا ہے۔ اس کے ایک حصے میں لزبن کے اسپورٹنگ سی پی کلب کے لیے کھیلتے وقت نوجوان رونالڈو کے باتھ روم کے کمرے کو دوبارہ تیار کیا گیا ہے۔ وہاں گاؤن، چادر والا بستر اور دیوار پر لکھا پیغام ان کے اس خواب کی یاد دلاتا ہے، جس میں انہوں نے کہا تھا، "ایک دن میں دنیا کا بہترین سات نمبر کا کھلاڑی بنوں گا۔ میوزیم میں میٹنگ روم، کلبوں کے ڈریسنگ روم اور سعودی عرب کے کلب النصر کے کھلاڑیوں کی سرگرمی سمیت دیگر مقامات کی بھی نقل تیار کی گئی ہے۔ یہاں ۵۰ سے زائد اشیا نمائش کے لیے رکھی گئی ہیں۔ ان میں ٹرافیاں، جرسی اور فٹبال کے جوتے شامل ہیں، جنہیں رونالڈو کے آبائی شہر ماديرا سے شنگھائی لایا گیا ہے۔ ان میں سے کئی اشیا پہلی مرتبہ چینی سرزمین پر نمائش کے لیے پیش کی جا رہی ہیں۔ نمائش کے اہم پرکشش مقامات میں رونالڈو کا ۲۰۰۸ کا بیلن ڈی اور ایوارڈ، یورپی چیمپئن شپ کی ٹرافی اور ایک میچ میں استعمال کیے گئے فٹبال کے جوتے شامل ہیں۔ مجموعے میں ریکل میڈرڈ کے لیے ان کے ۳۵۰ویں گول کی یاد میں تیار کی گئی جرسی بھی رکھی گئی ہے۔ اس پر کوچ زین الدین زیدان اور پوری ٹیم کے دستخط موجود ہیں۔ رونالڈو نے شنگھائی کے اس میوزیم کے لیے بھی ایک جرسی پر اپنے دستخط کیے ہیں۔ میوزیم میں گول کیپنگ کا ایک انٹرایکٹو چیلنج بھی رکھا گیا ہے۔ اس میں آنے والے افراد رونالڈو کی جانب سے ۲۰۱۸ میں یوونٹس کے خلاف لگائی گئی شاندار اوور ہیڈ کک سے متاثر ورچوئل شاٹ کو روک کر اپنی رد عمل کی صلاحیت آزما سکتے ہیں۔ اس مقابلے میں گول کرنے کے لیے رونالڈو ۲٫۳۸ میٹر کی بلندی تک اچھلے تھے۔ بتایا گیا ہے کہ ان کے اصل شاٹ کی رفتار ۱۲۷ کلومیٹر فی گھنٹہ تھی، جبکہ میوزیم میں اس چیلنج کے لیے استعمال ہونے والے ورچوئل شاٹ کی رفتار ۱۰۸٫۲۸ کلومیٹر فی گھنٹہ رکھی گئی ہے۔

# دوسرے ٹیسٹ سے باہر ہوئے بلیئر ٹکنر



کرائسٹ چرچ، 24 نومبر (ہ س)۔ نیوزی لینڈ کے فاسٹ بالر بلیئر ٹکنر ہیم اسٹرنگ میں چوٹ لگنے کے باعث بھارت کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ سے باہر ہو گئے ہیں۔ انہیں رواں ہفتے ویلنگٹن میں پریکٹس سیشن کے دوران دائیں ٹانگ کی ہیم اسٹرنگ میں چوٹ لگی تھی۔ نیوزی لینڈ کرکٹ کے مطابق، چوٹ کی نوعیت اور اس کی شدت کا جائزہ لینے کے ساتھ میدان میں واپسی کے ممکنہ وقت کا تعین کرنے کے لیے ٹکنر کا پیر کو کرائسٹ چرچ میں مزید طبی معائنہ کیا جائے گا۔ ٹکنر کی جگہ میٹ فشر کو ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ فشر بھارت کے خلاف نیوزی لینڈ کی ٹی 20 اور ون ڈے سیریز میں بھی حصہ لے چکے ہیں۔ وہ دوسرے ٹیسٹ میچ سے قبل کرائسٹ چرچ میں ٹیم کے ساتھ شامل ہو جائیں گے۔ بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان دوسرا ٹیسٹ جمعہ سے ہیگلے اوول میں شروع ہوگا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان ویلنگٹن میں کھیلا گیا پہلا ٹیسٹ میچ ڈرا ہو گیا تھا۔

# بیتاب ویلی تک نوجوانوں کی جنگلاتی ٹریکنگ مہم



اننت ناگ، ۲۴ نومبر، سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس اننت ناگ کی جانب سے نوجوانوں کے لیے منعقدہ پانچ روزہ ٹریکنگ مہم کے دوسرے روز شرکاء نے پہلگام سے خوبصورت سیاحتی مقام بیتاب ویلی تک جنگلاتی راستوں پر ایک دلچسپ اور یادگار مہم میں حصہ لیا۔ اس مہم کی قیادت ڈسٹرکٹ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفیسر اننت ناگ ظہور احمد وانی نے کی، جبکہ ماہر ٹریکرز نے نوجوان شرکاء کی رہنمائی اور حفاظت کے فرائض انجام دیے۔ روایتی ٹریکنگ راستوں کے برعکس، جہاں عام طور پر گاڑیوں کی آمدورفت کے قابل سڑکوں کا استعمال کیا جاتا ہے، اس روز نوجوانوں کو گھنے جنگلات، قدرتی مناظر اور دشوار گزار پہاڑی راستوں سے گزرتے ہوئے حقیقی جنگلاتی ٹریکنگ کا تجربہ فراہم کیا گیا۔ ماہرین کی نگرانی میں طے کیے گئے اس راستے کے ذریعے شرکاء کو قدرتی ماحول میں ٹریکنگ کی حقیقی نوعیت سے روشناس کرایا گیا، جبکہ ان کی حفاظت کو بھی یقینی بنایا گیا۔ نوجوان شرکاء نے جنگلاتی ماحول کی سیر، قدرتی حسن سے لطف اندوز ہونے اور ایک مختلف قسم کے ٹریکنگ تجربے میں بھرپور دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔ راستے میں مختلف مقامات پر تفریحی اور دلچسپ سرگرمیوں کا بھی اہتمام کیا گیا، جس سے یہ مہم مزید پرکشش اور یادگار بن گئی۔ اس دوران شرکاء نے منتخب مقامات پر صفائی مہم میں بھی جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا اور ماحولیاتی تحفظ و ذمہ دارانہ سیاحت کے تئیں اپنی وابستگی کا مظاہرہ کیا۔

# میں نے کھل کر شاٹس کھیلے: سوریہ ونشی



دوحہ، 24 نومبر (یو این آئی) اپنی طوفانی ڈبل سنچری کی بدولت پلیئر آف دی میچ قرار پانے والے ہیجو سوریہ ونشی نے منگل کو کہا کہ گزشتہ دو میچوں میں اچھی شروعات کے باوجود وہ آؤٹ ہو گئے تھے، اس لیے آج وہ ایک طویل اننگز کھیلنا چاہتے تھے۔ سوریہ ونشی نے میچ کے بعد کہا، "وکٹ اچھی تھی، اس لیے میں نے کھل کر شاٹس کھیلے۔ اگر ٹی گیندبازی کے لیے سازگار ہوتی تو میں گیند کی خوبی کے مطابق کھیلتا، لیکن آج کی وکٹ شاٹس کھیلنے کے لیے بہت اچھی تھی۔ میں بس اپنے شاٹس کھیلتا ہوں اور ان کے بارے میں زیادہ نہیں سوچتا۔ میں اپنی اس اننگز سے خوش ہوں۔ میرے سینئر کھلاڑیوں نے میری کافی مدد کی ہے اور وہ کھل کر اپنی رائے دیتے ہیں۔" انہوں نے مزید کہا، "ہمارے کوچ ہمیشہ کہتے ہیں کہ گیند کو غور سے دیکھو، پھر تم اسے کہیں بھی مار سکتے ہو۔ میں کسی جشن کے بارے میں نہیں سوچ رہا، بس اچھی روانی کے ساتھ کھیلنا اور سمی ٹاکل جیتنا چاہتا ہوں۔

# سنر کا آسٹریلین اوپن سے باہر ہونا طے



نئی دہلی، 24 نومبر (یو این آئی) پیر (23 نومبر) کو اسکائی اسپورٹس سمیت اٹلی کے کئی ذرائع ابلاغ نے بتایا کہ جانک سنر منگل کو فن لینڈ میں اپنے دائیں گھٹنے کی سرجری کرائیں گے۔ اسکائی اسپورٹس کے مطابق، سنر پیر کو بولزانو سے ترکیہ پہنچے، جہاں فن لینڈ کے ہڈیوں کے ماہر سرجن لاسے کیمپینن ان کی سرجری کریں گے۔ کیمپینن نے ہفتے کے آخر میں میلان میں ان کا معائنہ کیا تھا۔ تشریاتی ادارے کے اندازے کے مطابق، سنر کو صحت یاب ہونے میں 3 سے 4 ماہ لگ سکتے ہیں، جس کا مطلب ہے کہ وہ جنوری 2027 میں ہونے والے آسٹریلین اوپن میں حصہ نہیں لے پائیں گے۔ اٹلی کے اس ٹینس اسٹار نے جولائی میں ومبلڈن چیمپئن کے بعد سے کوئی میچ نہیں کھیلا ہے۔ ان کے دائیں گھٹنے کے باہری حصے میں 'لیٹرل ٹیبیل فلیٹو' (جسے ایوسیئیشل بینڈ سنڈروم کہا جاتا ہے) کی شکایت ہے۔ سرجری کا فیصلہ کرنے سے پہلے انہوں نے بغیر آپریشن کے صحت یاب ہونے کی کوشش کی تھی۔ آسٹریلین اوپن سے پہلے ان کا نام سعودی عرب میں ہونے والے نائٹی نورچامپ 'مکس ٹکنر سلیم' اور میلبورن میں ہونے والے 'ون پوائنٹ سلیم' کی انٹری لسٹ میں بھی شامل تھا۔

# بارہمولہ میں ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ کا انعقاد



بارہمولہ، ۲۴ نومبر، سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: ضلع ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن بارہمولہ کے زیر اہتمام، جموں و کشمیر ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن کے اشتراک اور جموں و کشمیر اسپورٹس کونسل کے تعاون سے ضلعی ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ ۲۰۲۶ کا انعقاد ۱۲ اور ۱۳ دسمبر کو انڈور اسٹیڈیم بارہمولہ میں کیا جائے گا۔ چیمپئن شپ میں لڑکوں اور لڑکیوں کے تمام عمر کے زمروں کے مقابلے منعقد ہوں گے، جن کا مقصد نوجوان اور ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں، کھیل کی مہارت اور مسابقتی جذبے کے اظہار کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ ایسوسی ایشن نے تمام دلچسپی رکھنے والے کھلاڑیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی شرکت یقینی بنانے کے لیے بلاتاخیر ضلع ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن بارہمولہ کے صدر کے ساتھ رجسٹریشن کرائیں اور شرکت کی تصدیق کریں۔ ایسوسی ایشن نے اسکولوں، تعلیمی اداروں، کھیلوں کے کلبوں اور کھیلوں سے وابستہ شائقین پر بھی زور دیا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ کھلاڑیوں کی شرکت کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ اس چیمپئن شپ کو کامیاب اور یادگار بنایا جا سکے۔

# جموں و کشمیر کی ریلویز کے خلاف سنسنی خیز کامیابی



جموں، ۲۴ نومبر، سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: جموں و کشمیر کرکٹ ٹیم نے سید مشتاق علی ٹرافی میں اپنی شاندار کارکردگی کا سلسلہ برقرار رکھتے ہوئے آج ریلویز کو سنسنی خیز مقابلے میں چار وکٹوں سے شکست دے کر ٹورنامنٹ میں مسلسل پیش قدمی جاری رکھی۔ اس کامیابی کے ساتھ جموں و کشمیر نے ٹورنامنٹ میں اپنی چوتھی جیت درج کرتے ہوئے ۱۶ پوائنٹس حاصل کر لیے ہیں۔ مقابلے میں پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ریلویز کی ٹیم نے مقررہ ۲۰ اوورز میں ۳ وکٹوں کے نقصان پر ۱۹۴ رنز بنائے اور جموں و کشمیر کے سامنے ۱۹۵ رنز کا ہدف رکھا۔ جواب میں جموں و کشمیر کی ٹیم نے عمدہ بلے بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ۱۹٫۴ اوورز میں ۶ وکٹوں کے نقصان پر ۱۹۶ رنز بنا کر ہدف حاصل کر لیا۔ جموں و کشمیر کی جانب سے کپتان شبھم کھجوریا نے جارحانہ بلے بازی کرتے ہوئے محض ۳۹ گیندوں پر ۶۳ رنز کی شاندار اننگز کھیلی، جبکہ کوال پریت سنگھ نے ۳۲ گیندوں پر ۵۸ رنز بنا کر ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کے علاوہ ویرونت شرما نے ۲۳ رنز اور ریدھم شرما نے تیز رفتار ۳۱ رنز بنا کر ٹیم کی پوزیشن مستحکم کی۔ اس کامیابی کے نتیجے میں جموں و کشمیر نے ٹورنامنٹ میں چار فتوحات کے ساتھ مجموعی طور پر ۱۶ پوائنٹس حاصل کر لیے ہیں، جس سے ٹیم کی پوزیشن مزید مضبوط ہوئی ہے۔ جموں و کشمیر کرکٹ ایسوسی ایشن (جے سی اے) نے ٹیم کی شاندار کارکردگی پر کھلاڑیوں، معاون عملے اور انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایسوسی ایشن نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ رنجی ٹرافی چیمپئن بن کر تاریخ رقم کرنے والی جموں و کشمیر کی ٹیم میں سید مشتاق علی ٹرافی بھی اپنے نام کرنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے۔

# کشمیری پنڈت پریمیئر لیگ کے ساتویں ایڈیشن میں دو دلچسپ مقابلے



جموں، ۲۴ نومبر، سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: کشمیری پنڈت پریمیئر لیگ (کے پی پی ایل) کے ساتویں ایڈیشن کے تحت ۲۴ نومبر کو ایم اے اسٹیڈیم جموں میں دو دلچسپ کرکٹ مقابلے کھیلے گئے، جن میں کھلاڑیوں نے عمدہ انفرادی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی ٹیموں کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ ٹورنامنٹ فلاح دین اسپورٹس ایجوکیشن اینڈ ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام منعقد کیا جا رہا ہے۔ پہلے مقابلے میں پاکشا شیو واریئرز کرکٹ کلب کا سامنا روور ٹائٹ رائیڈرز سے ہوا۔ پاکشا شیو واریئرز نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ۲ وکٹوں کے نقصان پر ۲۰۷ رنز کا بڑا اسکور کھڑا کیا۔ جواب میں روور ٹائٹ رائیڈرز کی ٹیم ۱۴۵ رنز پر سمٹ گئی، اس طرح شیو واریئرز نے یہ مقابلہ شاندار انداز میں اپنے نام کیا۔ شیو واریئرز کی کامیابی میں چاروکیش دوتشی نے نمایاں کردار ادا کیا، جنہوں نے محض ۳۷ گیندوں پر ۷۲ رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ ان کی اس عمدہ کارکردگی پر انہیں پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ دوسرے مقابلے میں لائنز سی سی اور میورکیس کرکٹ کلب کے درمیان دلچسپ ٹکراؤ ہوا۔ لائنز سی سی نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ۷ وکٹوں کے نقصان پر ۱۴۲ رنز بنائے۔ راکی رانکا نے ۳۷ گیندوں پر ۴۲ رنز کی اہم اننگز کھیل کر ٹیم کے اسکور کو مستحکم کرنے میں مدد دی۔ جواب میں میورکیس کرکٹ کلب کی ٹیم ۱۱۶ رنز پر آل آؤٹ ہو گئی، جس کے نتیجے میں لائنز سی سی نے یہ مقابلہ جیت لیا۔ میورکیس کی جانب سے پلیت نے ۲۲ رنز کی مزاحمتی اننگز کھیلی۔ تاہم، لائنز سی سی کے دیپ دھر نے گیند بازی میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ۵ء۳ اوورز میں چار وکٹیں حاصل کیں، جس پر انہیں پلیئر آف دی میچ کے اعزاز سے نوازا گیا۔ مقابلوں کے دوران وجے اور اشوک کمار نے امپائرز کے فرائض انجام دیے، جبکہ دھرو گپتا نے اسکورر کی ذمہ داریاں سنبھالیں۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہورہے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "سرینگرٹائمز" کھیل کے تئیں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک خصوصی کالم فراہم کررکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی ہر گرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس یا واٹس ایپ تحریری خبر کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام اخبار **سرینگرٹائمز** بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کرسکتے ہیں

**نوٹ:** (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں ہوگی ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے

(۲) سپورٹس پانمبر کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاقہ مقابل نوع جنس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور تیک بھتی کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی تضاد تنیج کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی نوع جنس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے ان کو جانچ لیا کریں۔ (ادارہ)

مکمل پتہ: ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگرٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com
مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں 0194-2456781

Printed and Published by: SAHIL YOUSUF, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: BASHIR AHMAD BASHIR, Executive Editor, S.M. YOUSUF, Editor: SHADAB BASHIR, Managing Advertising: SEEMAAB BASHIR, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781